| | لَطَمَسْنَا | لَ طَ مَسْ نَا | تو ہم ضرور مٹادیں | ط م س | |
| | عَلٰٓی | عَ لَا.. | پر (کو) | | عَلَی الاِعلان،عَلَی العُمُوم |

اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى

اور ان کے پاؤں گواہیاں دیں گے، ان کاموں کی جو وہ کرتے تھے ﴿٦٥﴾ اگر ہم چاہتے تو ان کی آنکھیں بے نور کر دیتے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَعْيُنِهِمْ | اَ عْ یُ نِ ہِمْ | آنکھیں ان کی | ع ی ن | عُیُون،اَعیُن،عَین (آنکھ) قُرَّۃُ العَین (آنکھوں کی ٹھنڈک) |
| | فَاسْتَبَقُوا | فَسْ تَ بَ قُ | پھر وہ دوڑیں | س ب ق | سَابِق،مَسبُوق،سَبقَت لِسَانی سَبقَت لیجانا |
| | الصِّرَاطَ | صْ صِ رَا طَ | راستہ (تلاش کرنے) کو | ص ر ط | پُل صِرَاط،صِرَاطِ مُستَقِیم (رسالہ کا نام) |
| | فَاَنّٰى | فَ اَن نَا | تو کیونکر | | |
| | يُبْصِرُوْنَ ﴿٦٦﴾ | یُبْ صِ رُ وْن | وہ دیکھ سکیں گے؟ | ب ص ر | بَصَارَت،بَصِیرَت،اَبصَار،سَمع وبَصر |
| ٦٧ | وَلَوْ نَشَآءُ | وَ لَا ؤ نَ شَا ... ءُ | اور اگر ہم چاہیں | ش ی ء | اِن شَاءَاللہ،مَاشَاءَاللہ،مَشِیتِ اِلٰہی |
| | لَمَسَخْنٰهُمْ | لَ مَ سَ خْ نَا ہُمْ | تو ہم ان کی صورتیں مسخ کر دیں | م س خ | مَسخ کرنا (مٹا دینا) |
| | عَلٰى | عَ لَا | پر | | عَلَی الاِعلان،عَلَی العُمُوم |

اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿٦٦﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى

پھر یہ رستے کی طرف دوڑتے پھرتے لیکن انہیں کیسے دکھائی دیتا؟ ﴿٦٦﴾ اور اگر ہم چاہتے تو ان کی جگہ ہی پہ ان کی صورتیں مسخ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَكَانَتِهِمْ | مَ کَا نَ تِ ہِمْ | انہی کی جگہوں | ک و ن | مَکَان،مَکِیں،مَکَانَات |
| | فَمَا اسْتَطَاعُوْا | فَ مَسْ تَ طَا عُوْ | پھر وہ طاقت نہ رکھیں گے | ط و ع | اِستِطَاعَت،مُستَطِیع،حج کی اِستِطَاعَت |
| | مُضِيًّا | مُ ضِیْ یَا ؤں | (آگے) چلنے کی | م ض ی | |
| | وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ع | وَلَا یَ رْ جِ عُوْن | اور نہ وہ لوٹ سکیں گے | ر ج ع | رَاجِع،مَرجَع،رُجُوع کرنا (بار بار پلٹنا) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٨ | وَمَنْ | وَ مَنْ | اور جو شخص | | لَیل ونَہار، رَحِیم وکَرِیم، رَنج واَلَم |
| | نُّعَمِّرْهُ | نُ عَم مِ رْهُ | ہم اس کو (زیادہ) عمر دیں | ع م ر | عُمر، عُمریں، زائدُالعمر، عُمر بھر |
| | نُنَكِّسْهُ | نُ نَ ک کِس ْهُ | تو ہم اس کو اُلٹا دیتے ہیں | ن ك س | |

مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ ع وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ

کر دیتے پھر نہ وہ چل پھر سکتے اور نہ لوٹ سکتے ﴿٦٧﴾ اور جسے ہم بوڑھا کرتے ہیں اسے پیدائشی حالت کی طرف پھر اُلٹ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي الْخَلْقِ ط | فِلْ خَ لْ ق | (حالتِ) پیدائش میں | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خلقت |
| | اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾ | اَ فَ لَا یَ عْ قِ لُوْن | کیا پھر وہ عقل نہیں رکھتے؟ | ع ق ل | عَقل، عَاقِل، مَعقُول، عَقِیل |
| ٦٩ | وَمَا عَلَّمْنٰهُ | وَ مَا عَل لَمْ نَا هُ | اور ہم نے اس (رسول) کو نہیں سکھایا | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعلّم، مَعلُوم، عَلّامہ |
| | الشِّعْرَ | ش شِ عْ رَ | شعر کہنا | ش ع ر | شُعَراء، سُورَۃُالشُّعَراء، قَومی شَاعِر |
| | وَمَا يَنْۢبَغِيْ | وَ مَا یَمْ بَ غِیْ | اور نہ (یہ) لائق ہے | ب غ ی | |
| | لَهٗ ط | لَ هُ | اس کے | | |
| | اِنْ هُوَ | اِنْ هُ وَ | نہیں ہے وہ (کلامِ الٰہی) | | |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |

فِي الْخَلْقِ ط اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ط اِنْ هُوَ اِلَّا

دیتے ہیں کیا پھر بھی وہ نہیں سمجھتے ﴿٦٨﴾ نہ تو ہم نے اس پیغمبر کو شعر سکھائے اور نہ یہ اس کے لائق ہے، وہ تو صرف نصیحت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ذِكْرٌ | ذِ کْ رُنْ | ایک عظیم نصیحت | ذ ك ر | تَذکِیر ونَصِیحت، ذِکر واَذکار، ذَاکِر |
| | وَّقُرْاٰنٌ | وَ قُ رْ آ نُنْ | اور قرآن | ق ر ء | قُرآن عَظِیم، قِراءَت، قَارِی |
| | مُّبِيْنٌ ﴿٦٩﴾ لا | مْ مُ بِی نْ | واضح | ب ی ن | بَیان، مُبَیَّنہ طور پر، دَلِیلِ بَیِّن |
| ٧٠ | لِّيُنْذِرَ | لِ یُنْ ذِ رَ | تا کہ وہ ڈرائے | ن ذ ر | نَذِیر وبَشِیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| | مَنْ كَانَ | مَنْ کَ ا نَ | اس کو جو ہے | ك و ن | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حَيًّا | حَائِ یَا ؤں | زندہ | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیّ قَیّوم حَیاتِ طَیّبہ، جنگلی حَیات |
| | وَّيَحِقَّ | وَ یَ حِق قَ | اور ثابت ہو جائے | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقیقت |
| | الْقَوْلُ | لْ قَا ؤلُ | (اللہ کی) بات | ق و ل | قَول و قَرَار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۞ | عَ لَلْ کَا فِ رِیْنَ | کافروں پر | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تَکفِیر، کُفرانِ نِعمت |

ذِكْرٌ وَّ قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ۞ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّ يَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۞

اور واضح قرآن ہے ۞ تاکہ وہ ہر اس شخص کو آگاہ کر دے جو زندہ ہے، اور کافروں پر حجت ثابت ہو جائے ۞

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷۱ | اَوَ | اَ وَ | اور کیا | | |
| | لَمْ يَرَوْا | لَ مْ یَ رَاؤ | انہوں نے نہیں دیکھا | ر ء ی | رِیا، رُوئیا، رُوئیتِ ہِلال، غَیر مَرئی |
| | اَنَّا | اَن نَا | کہ بے شک ہم نے | | |
| | خَلَقْنَا | خَ لَقْ نَا | پیدا کئے | خ ل ق | خالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خَلقت |
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے | | |
| | مِّمَّا | مِم مَا | ان میں سے جن کو | | مَاحول، مَافَوقُ الفِطرت، مَاجرہ |
| | عَمِلَتْ | عَ مِ لَتْ | بنایا | ع م ل | عَمَل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| | اَيْدِيْنَآ | اَ یْ دِی نَا.. | ہمارے ہاتھوں نے | ی د ی | یدِ بَیضا، یَدِطُولیٰ، رَفع یَدین، قَطعِ ید |
| | اَنْعَامًا | اَنْ عَا مَنْ | چوپائے؟ | ن ع م | عَوام کَالاَنعام، سُورَۃُ الاَنعام |
| | فَهُمْ | فَ ہُمْ | پھر وہ | | |
| | لَهَا مٰلِكُوْنَ ۞ | لَ ہَا مَا لِ کُوْن | ان کے مالک ہیں | م ل ك | مِلک، مَلکِیّت، اِملاک، مَالِک |

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ۞

کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے اپنے ہاتھوں بنائی ہوئی چیزوں میں سے ان کیلئے چوپائے (بھی) پیدا کر دیئے، جن کے یہ مالک ہو گئے ہیں ۞

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷۲ | وَذَلَّلْنٰهَا | وَ ذَلْ لَلْ نَا ہَا | اور ہم نے ان کو تابع کر دیا | ذ ل ل | ذِلّت و رُسوائی، ذِلّت آمیز، ذَلِیل |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے | | |
| | فَمِنْهَا | فَ مِنْ ہَا | تو کچھ ان میں سے | | مِنْ وعَنْ، مِنْ جُملَہ، مِنْ حَیثُ القَوم |
| | رَكُوبُهُمْ | رَ کُوْ بُ ہُمْ | ان کی سواریاں ہیں | ر ك ب | رَاکِب، مَرَاکِب، رُکبَان |
| | وَمِنْهَا | وَ مِنْ ہَا | اور کچھ کو ان میں سے | | عدل وانصاف، قول وقرار، مکروفریب مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | يَأْكُلُونَ ﴿٧٢﴾ | یَ x کُ لُوْ نَ | وہ کھاتے ہیں | ء ك ل | اَکلِ حلال، مَاکُول، مَاکُولات |
| ٧٣ | وَلَهُمْ | وَ لَ ہُمْ | اور ان کے لئے | | لَیل ونہار، رَحیم وکَرِیم، رَنج والَم |
| | فِيهَا | فِیْ ہَا | ان میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | مَنَافِعُ | مَ نَا فِ عُ | کئی فائدے ہیں | ن ف ع | نَفع، مُنافع، مَنفعت |
| | وَمَشَارِبُ ۚ | وَ مَ شَا رِ بُ | اور پینے کی چیزیں ہیں | ش ر ب | شربت، مَشروب، شَراب |

وَذَلَّلْنَاهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ ﴿٧٢﴾ وَلَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۚ

اوران مویشیوں کو ہم نے انکا تابع فرمان بنادیا ہے جن میں سے بعض تو انکی سواریاں ہیں اور بعض کا گوشت کھاتے ہیں ﴿٧٢﴾ انہیں ان سے اور بھی بہت سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾ | اَ فَ لَا یَشْ کُ رُوْ نَ | کیا پھر وہ شکر نہیں کرتے؟ | ش ك ر | شُکر، شُکریہ، شُکر گزار، مَشکور |
| ٧٤ | وَاتَّخَذُوا | وَ تْ تَ خَ ذُوْ | اور انہوں نے بنالئے | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | مِنْ دُونِ | مِنْ دُوْ نِ | سوا | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | اللَّهِ | ل لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | آلِهَةً | آ لِ ہَ ةً | کئی معبود | ء ل ھ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | لَعَلَّهُمْ | ل لَ عَلْ لَ ہُمْ | تا کہ ان کی | | |
| | يُنْصَرُونَ ﴿٧٤﴾ | یُنْ صَ رُوْ نَ | مدد کی جائے | ن ص ر | نُصرت، نَاصِر، مَنصُور، نَصِیر |

أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾ وَاتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لَعَلَّهُمْ يُنْصَرُونَ ﴿٧٤﴾

فائدے ہیں، اور پینے کی چیزیں، کیا پھر (بھی) یہ شکر ادا نہیں کریں گے؟ ﴿٧٣﴾ اور وہ اللہ تعالیٰ کے سوا دوسروں کو معبود بناتے ہیں تا کہ وہ مدد کئے جائیں ﴿٧٤﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷۵ | لَا يَسْتَطِيعُوْنَ | لَا یَس تَ طِی عُو نَ | وہ (معبود) طاقت نہیں رکھتے | ط و ع | اِستِطَاعَت، مُستَطِیع، حَج کی اِستِطَاعَت |
| | نَصْرَهُمْ | نَص رَ ہُم | ان کی مدد کرنے کی | ن ص ر | نُصرت، نَاصِر، مَنصُور، نَصِیر |
| | وَهُمْ | وَ ہُم | جبکہ وہ (مشرکین) تو | | سَیر وسَیاحت، عِلم وحِکمت، شَب وروز |
| | لَهُمْ | لَ ہُم | خود ان (بتوں) کے | | |
| | جُنْدٌ | جُن دُ | لشکر (حمایتی) ہیں | ج ن د | جُنُودِشَام، جُنُودِجَالُوت، جُنُودِکُفَّار |
| | مُّحْضَرُوْنَ ۝۷۵ | م مُ ح ضَ رُ وْ ن | (جہنم میں) حاضر کیے ہوئے | ح ض ر | حَاضِر بَاش، حَضرَت، حَاضِری |
| ۷۶ | فَلَا يَحْزُنْكَ | فَ لَا یَ ح زُ ن کَ | لہٰذا آپ کو غم میں نہ ڈالے | ح ز ن | حُزن ومَلَال، عَامُ الحُزن، غَم وحُزن |
| | قَوْلُهُمْ | قَا وْ لُ ہُم | ان کی بات | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |

لَا يَسْتَطِيعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ۝۷۵ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ

(حالانکہ) ان میں ان کی مدد کی طاقت ہی نہیں (لیکن) پھر بھی (مشرکین) ان کیلئے حاضر باش لشکری ہیں ۝۷۵ پس آپ کو ان کی بات

وقف لازم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّا | اِن نَا | بلاشبہ ہم | | |
| | نَعْلَمُ | نَ عْ لَ مُ | جانتے ہیں | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلَّامَہ |
| | مَا يُسِرُّوْنَ | مَا یُ سِر رُ وْ نَ | جو وہ چھپاتے ہیں | س ر ر | سِرِّی نماز، پُراَسرَار، اَسرَار ورُمُوز |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافَوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | يُعْلِنُوْنَ ۝۷۶ | یُ عْ لِ نُو نَ | وہ ظاہر کرتے ہیں | ع ل ن | اِعلَان کرنا، اِعلَانَات، عَلَی الاِعلَان |
| ۷۷ | اَوَلَمْ يَرَ | اَ وَ لَ م یَ رَ | اور کیا نہیں | ر ء ی | رِیَا، رُؤیَا، رُؤیتِ ہِلَال، غَیر مَرئی |
| | الْاِنْسَانُ | لْ اِن سَا نُ | دیکھا انسان نے | ن س ی | اِنسَانی خُلیہ، خُوبصُورت اِنسَان، اِنسَانِیت، اِنسَانی وَقَار |
| | اَنَّا | اَن نَا | کہ بے شک ہم نے | | |
| | خَلَقْنٰهُ | خَ لَق نَا هُ | اس کو پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خَلقت |
| | مِنْ نُّطْفَةٍ | مِن نُ طْ فَ تِن | قطرۂ منی سے؟ | ن ط ف | نُطفَہ اِنسَانی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

اِنَّا نَعۡلَمُ مَا یُسِرُّوۡنَ وَمَا یُعۡلِنُوۡنَ ﴿۷۶﴾ اَوَلَمۡ یَرَ الۡاِنۡسَانُ اَنَّا خَلَقۡنٰهُ مِنۡ نُّطۡفَةٍ

غمناک نہ کرے، ہم ان کی پوشیدہ اور علانیہ سب باتوں کو (بخوبی) جانتے ہیں ﴿۷۶﴾ کیا انسان کو اتنا بھی معلوم نہیں کہ ہم نے اسے نطفے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاِذَا | فَ اِ ذَا | پھر اچانک (ہو گیا) | | |
| | هُوَ خَصِیۡمٌ | هُ وَ خَ صِیۡ مُ | وہ جھگڑنے والا | خ ص م | خصم، خُصُومت، مُخاصمت |
| | مُّبِیۡنٌ ﴿۷۷﴾ | مُ بِیۡ ن | کھلم کھلا | ب ی ن | بیان، مُبَیَّنہ طور پر، دَلیلِ بَیِّن |
| ۷۸ | وَضَرَبَ | وَ ضَ رَ بَ | اور اس نے بیان کی | ض ر ب | ضَربُ المَثَل، ضارِب، ضَربُ الاَمثال |
| | لَنَا | لَ نَا | ہمارے لئے | | |
| | مَثَلًا | مَ ثَ لاً ؤں | ایک مثال | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثلہ، تمثیل، مِثالیں |
| | وَّنَسِیَ | وَ نَ سِ یَ | اور وہ بھول گیا | ن س ی | نِسیان، ناسی انسان، نَسیًا منسیًا (بھولا بسرا) |
| | خَلۡقَهٗ ؕ | خَ لۡ قَ هٗ | اپنی پیدائش کو | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | قَالَ | قَا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | مَنۡ یُّحۡیِ | مَا ئیں یُ حۡ یِ | کون زندہ کرے گا | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیٌّ قَیُّوم، حَیاتِ طَیِّبہ، جنگلی حَیات |

فَاِذَا هُوَ خَصِیۡمٌ مُّبِیۡنٌ ﴿۷۷﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِیَ خَلۡقَهٗ ؕ قَالَ مَنۡ یُّحۡیِ

سے پیدا کیا ہے؟ پھر یکایک وہ صریح جھگڑالو بن بیٹھا ﴿۷۷﴾ اور اس نے ہمارے لئے مثال بیان کی اور اپنی (اصل) پیدائش کو بھول گیا،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الۡعِظَامَ | لۡ عِ ظَا مَ | ہڈیوں کو | ع ظ م | عِظام، کَسرُ العظم (ہڈی کا ٹوٹنا) |
| | وَهِیَ | وَ هِ یَ | جبکہ وہ | | شِیر و شکر، شب و روز، اُمید و رَجا |
| | رَمِیۡمٌ ﴿۷۸﴾ | رَ مِیۡ م | گل سڑ چکی ہوں گی؟ | ر م م | |
| ۷۹ | قُلۡ | قُ لۡ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | یُحۡیِیۡهَا | یُ حۡ یِیۡ هَا | انہیں زندہ کرے گا | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیٌّ قَیُّوم، حَیاتِ طَیِّبہ، جنگلی حَیات |
| | الَّذِیۡۤ | ل لَ ذِ یۡ.. | وہی (اللہ) جس نے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْشَاَهَآ | اَنْ شَ اَ ہَا.. | ان کو پیدا کیا | ن ش ء | اِنشاء پردازی، علمِ اِنشاء، نشوونُما |
| | اَوَّلَ | اَ وْ وَ لَ | پہلی | ء و ل | اَوّل، اُولیٰ، اَوائل، اَوّل و آخر |
| | مَرَّةٍ ط | مَ رْ رَ ةْ | بار | م ر ر | مُرورِ زمانہ (زمانے کا گزرنا)، روزمرّہ |
| | وَهُوَ | وَ ہُ وَ | اور وہ | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | بِكُلِّ | بِ کُلْ لِ | ہر طرح کے | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |

الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ ﴿٧٨﴾ قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِيٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ط وَهُوَ بِكُلِّ

کہنے لگا ان گلی سڑی ہڈیوں کو کون زندہ کر سکتا ہے؟ ﴿٧٨﴾ آپ جواب دیجئے! کہ انہیں وہ زندہ کرے گا جس نے انہیں اوّل مرتبہ پیدا کیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | خَلْقٍ | خَ لْ قِنْ | پیدا کرنے کو | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | عَلِيمٌ ﴿٧٩﴾ لا | عَ لِيْ مْ | خوب جانتا ہے | ع ل م | علم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علاّمہ |
| ٨٠ | نِالَّذِي | اَلْ لَ ذِيْ | وہ (اللہ) جس نے | | |
| | جَعَلَ | جَ عَ لَ | بنادی | ج ع ل | جعلی، جعل سازی، جعلی نوٹ، جعلی مُقابلہ، جعلی کاغذات |
| | لَكُمْ | لَ كُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | مِّنَ الشَّجَرِ | مِ نَشْ شَ جَ رِ | درخت سے | ش ج ر | شجر، اَشجار، شجرۃُ الخُلد |
| | الْاَخْضَرِ | لْ اَ خْ ضَ رِ | سبز | خ ض ر | گنبدِ خضراء، مسجدِ خضراء، خضر |
| | نَارًا | نَا رَنْ | آگ | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سموم |
| | فَاِذَآ | فَ اِ ذَا.. | پھر اچانک | | |
| | اَنْتُمْ | اَنْ تُمْ | تم | | |

خَلْقٍ عَلِيمٌ ﴿٧٩﴾ لا نِالَّذِي جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ

ہے، جو سب طرح کی پیدائش کا بخوبی جاننے والا ہے ﴿٧٩﴾ وہی جس نے تمہارے لئے سبز درخت سے آگ پیدا کر دی جس سے تم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْهُ | مِنْ ہُ | اس سے | | مِن و عَن، مِن جُملہ، مِن حیثُ القوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تُوْقِدُوْنَ ﴿٨٠﴾ | تُوْقِ دُوْن | آگ جلاتے ہو | و ق د | وَاقِدِ اللّیثی (نام)، مَوْقُود وَاقِد (جلانے والا) |
| ٨١ | اَوَ | اَ وَ | اور کیا | | |
| | لَيْسَ | لَا ئِ س | نہیں ہے | | |
| | الَّذِیْ | ل لَ ذِیْ | وہ (اللہ) جس نے | | |
| | خَلَقَ | خَ لَ قَ | پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخْلِیق، مَخْلُوق، خَلقت |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمان | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضَ | وَلْ اَرْضَ | اور زمین کو | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | بِقٰدِرٍ | بِ قَا دِرِنْ | مکمل قدرت رکھنے والا | ق د ر | قَادِرِ مُطلَق، قُدرَت، مُقدّر، تَقدِیر |
| | عَلٰٓى | عَ لَا.. | اس پر | | عَلَی الِاعلان، عَلَی العُمُوم |

مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿٨٠﴾ اَوَلَيْسَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى

یکایک آگ سلگاتے ہو ﴿٨٠﴾ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے کیا وہ ان جیسوں کے پیدا کرنے پر قادر نہیں، بے شک قادر ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ يَّخْلُقَ | اَ ئیں یَ خْ لُ قَ | کہ وہ پیدا کر دے | خ ل ق | خَالِق، تَخْلِیق، مَخْلُوق، خَلقت |
| | مِثْلَهُمْ ؕ | مِثْ لَ ہُمْ | ان کی مثل (اور انسان)؟ | م ث ل | مِثَال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل، مِثَالیں |
| | بَلٰى ق | بَ لَا | کیوں نہیں (وہ اس پر پوری طرح قادر ہے) | | |
| | وَهُوَ | وَ ہُ وَ | اور وہی | | شِیر وشَکَر، شَب و روز، اُمِید و رَجا |
| | الْخَلّٰقُ | لْ خَل لَا قُ | سب کچھ پیدا کرنے والا | خ ل ق | خَالِق، تَخْلِیق، مَخْلُوق، خَلقت |
| | الْعَلِیْمُ ﴿٨١﴾ | لْ عَ لِیْ م | خوب جاننے والا ہے | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| ٨٢ | اِنَّمَآ | اِن نَ مَا.. | بس | | |
| | اَمْرُهٗٓ | اَم رُ ہُوْ.. | اس کا حکم | ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | اِذَآ اَرَادَ | اِ ذَا.. اَ رَا دَ | جب وہ ارادہ کرتا ہے | ر و د | پُختہ اِرادہ، اِرادَت، مُرِید صَادِق |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | شَيْـًٔا | شَ ا ئِ ءَ نْ | کسی چیز کا | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ شَے، اَشیائے خوردونوش |

اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۭ بَلٰي ۤ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﭐ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا

وقف غفران

اور وہی تو پیدا کرنے والا دانا (بینا) ہے ﭐ وہ جب کبھی کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے اسے اتنا فرما دینا (کافی ہے) کہ ہوجا،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ | آ ئیں | یہ (ہوتا ہے) کہ | | |
| | يَّقُوْلَ | یَ قُوْ لَ | وہ کہتا ہے | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لَهٗ | لَ ہُوْ | اس کو: | | |
| | كُنْ | کُ نْ | ہوجا | ك و ن | کُنْ (اللہ تعالیٰ کی کُنْ) |
| | فَيَكُوْنُ ﭑ | فَ یَ کُوْ نُ | تو وہ ہوجاتی ہے | ك و ن | کُنْ (اللہ تعالیٰ کی کُنْ) |
| ۸۳ | فَسُبْحٰنَ | فَ سُبْ حَا نَ | سو پاک ہے | س ب ح | سُبحانَ اللہ کہنا، سُبحان، تسبیح وتحمید |
| | الَّذِيْ | ل لَ ذِ یْ | (اللہ) کہ | | |
| | بِيَدِهٖ | بِ یَ دِ ہِیْ | جس کے ہاتھ میں ہے | ی د ی | یدِ بیضا، یدِطولیٰ، رفع یدین، قطع ید |
| | مَلَكُوْتُ | مَ لَ کُوْ تُ | مکمل بادشاہی | م ل ك | مَلک فہد، مَلک محمّد بن سلمان |
| | كُلِّ | کُل لِ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | شَيْءٍ | شَ ا ئِ ءِ یْ اُوْ ں | ایک چیز کی | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ شَے، اَشیائے خوردونوش |

اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﭑ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ

وہ اسی وقت ہو جاتی ہے ﭑ پس پاک ہے وہ اللہ تعالیٰ جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہت ہے اور جس کی طرف

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّاِلَيْهِ | وَ اِ لَا ئِ ہِ | اور اسی کی طرف | | سَحَر وافطار، نماز وروزہ، صبح وشام رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | تُرْجَعُوْنَ ﭒ ع | تُ رْ جَ عُوْ نَ | تم لوٹائے جاؤ گے | ر ج ع | راجع، مَرجَع، رُجوع کرنا (باربار پلٹنا) |

وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﭒ ع

ع ۵ ۶

تم سب لوٹائے جاؤ گے ﭒ

اٰیَاتُھَا ۱۸۲ (۳۷) سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ مَکِّیَّۃٌ (۵۶) رُکُوْعَاتُھَا ۵

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○



| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١ | وَالصّٰٓفّٰتِ | وَص صَا... ف فَاتِ | قسم ہے صف باندھے (فرشتوں) کی | ص ف ف | صُفُوف، صف آراء ہونا، صَف بَندی، نمازی کی صف |
| | صَفًّا ۙ ﴿١﴾ | صَف فَا | قطار بنا کر | ص ف ف | صُفُوف، صف آراء ہونا، صَف بَندی، نمازی کی صف |
| ٢ | فَالزّٰجِرٰتِ | فَز زَاجِ رَاتِ | پھر ڈانٹنے والوں کی | ز ج ر | زَجر و تَوبیخ |
| | زَجْرًا ۙ ﴿٢﴾ | زَج رَا | جھڑک کر | ز ج ر | زَجر و توبیخ |
| ٣ | فَالتّٰلِیٰتِ | فَت تَا لِ یَاتِ | پھر تلاوت کرنے والوں کی | ت ل و | تِلَاوَت، وَحی مَتلو، وَحی غیر مَتلو |
| | ذِکْرًا ۙ ﴿٣﴾ | ذِک رَا | ذکر (قرآن کی) | ذ ک ر | ذِکر، اَذکار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| ٤ | اِنَّ | اِن نَ | بلا شبہ | | |
| | اِلٰـهَكُمْ | اِلَا هَ کُ مْ | تمہارا معبود | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

## وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ﴿۲﴾ فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا ۙ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰـهَكُمْ

قسم ہے صف باندھنے والے (فرشتوں) کی ① پھر پوری طرح ڈانٹنے والوں کی ② پھر ذکر اللہ تعالیٰ کی تلاوت کرنے والوں کی ③ یقیناً تم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَوَاحِدٌ ؕ ﴿٤﴾ | لَ وَاحِ دُ | یقیناً ایک ہے | و ح د | وَاحِد، وَحدَانیت، تَوحید، مُوَحِّد |
| ٥ | رَبُّ | رَب بُ | جو رب ہے | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَاتِ | آسمانوں کا | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض و سَماء |
| | وَالْاَرْضِ | وَل اَرْضِ | اور زمین کا | ء ر ض | اَرض و سَماء، اَرَاضی، کُرۂ اَرض |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو کچھ | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | بَیْنَهُمَا | بَایْ نَ ہ مَا | ان دونوں کے درمیان ہے | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ، بَینُ الاَقوامی |
| | وَرَبُّ | وَ رَب بُ | اور ربّ ہے | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الۡمَشَارِقِ ؕ﴿۵﴾ | لْ مَ شَا رِ قِ | تمام مشرقوں کا | ش ر ق | شَرق وغَرب، مَشرِق ومَغرِب |
| ٦ | اِنَّا زَيَّنَّا | اِن نَا زَ اَیْ یَن نَ | بے شک ہم نے زینت دی | ز ی ن | زَینُ العَابِدِین، مُزَیَّن، زِینت |

لَوَاحِدٌ ؕ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا وَرَبُّ الۡمَشَارِقِ ؕ﴿۵﴾ اِنَّا زَيَّنَّا

سب کا معبود ایک ہی ہے ﴿۴﴾ آسمانوں اور زمین اور انکے درمیان کی تمام چیزوں اور مشرقوں کا رب وہی ہے ﴿۵﴾ ہم نے آسمان دنیا کو ستاروں کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | السَّمَآءَ | س سَ مَا... ءَ | آسمان کو | س م و | سَماوی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | الدُّنۡيَا | د دُن یَا | دنیا کے | د ن و | دِین ودُنیا، دُنیاوی زندگی |
| | بِزِيۡنَةِ | بِ زِی نَ تِ | ایک آرائش | ز ی ن | زَینُ العَابِدِین، مُزَیَّن، زِینت |
| | اِۨلۡكَوَاكِبِ ۙ﴿۶﴾ | نِلْ کَ وَا کِ بْ | (یعنی) ستاروں کے ساتھ | ك و ك ب | کَوکَب (ستارہ)، کَواکِب (ستارے) |
| ٧ | وَحِفۡظًا | وَ حِف ظَ | اور حفاظت کے لئے | ح ف ظ | حِفظ، حافِظ، حِفاظت، مَحفُوظ |
| | مِّنۡ كُلِّ | م مِن کُل لِ | سے ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | شَيۡطٰنٍ | شَا ئِیْ طَا نِ | شیطان | ش ط ن | شَیطانی خیال، شَیطانی وَسوَسے |
| | مَّارِدٍ ۚ﴿۷﴾ | م مَا رِ دْ | سرکش | م ر د | |
| ٨ | لَا يَسَّمَّعُوۡنَ | لَا یَس سَم مَ عُو نَ | (تاکہ) وہ نہ سن پائیں (باتیں) | س م ع | سَامِع، قُوّتِ سَماعت، آلۂ سَماعت |

السَّمَآءَ الدُّنۡيَا بِزِيۡنَةِ اِۨلۡكَوَاكِبِ ۙ﴿۶﴾ وَحِفۡظًا مِّنۡ كُلِّ شَيۡطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ﴿۷﴾ لَا يَسَّمَّعُوۡنَ

زینت سے آراستہ کیا ﴿۶﴾ اور حفاظت کی سرکش شیطان سے ﴿۷﴾ عالم بالا کے فرشتوں (کی باتوں) کو سننے کے لئے وہ کان بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَى الۡمَلَاِ | اِ لَلْ مَ لَ اِ | | م ل ء | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | الۡاَعۡلٰى | لْ اَ عْ لَا | عالمِ بالا کی | ع ل و | عُلُوّ، عُلیا، اَعلٰی وارفع، عالی مَقام |
| | وَيُقۡذَفُوۡنَ | وَ یُق ذَ فُو نَ | اور ان پر (شعلے) پھینکے جاتے ہیں | ق ذ ف | حَدِّ قَذف لگانا |
| | مِنۡ كُلِّ | مِن کُل لِ | سے ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | جَانِبٍ ۖ﴿۸﴾ | جَا نِبْ | جانب | ج ن ب | جَانِبِ شِمال، جَانِب داری، مِنجَانِب |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹ | دُحُوْرًا | دُ حُوْ رَا وْ ں | (ان کو) بھگانے کے لئے | د ح ر | |
| | وَّلَهُمْ | وَ لَ ہُمْ | اور ان کے لئے ہے | | |
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُوْ ں | عذاب | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہَنَّم عَذَابِ آخرت |
| | وَّاصِبٌ ۝۹ | وَا صِ بْ | ہمیشہ رہنے والا | و ص ب | |
| ۱۰ | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |

اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝۸ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝۹ اِلَّا

نہیں لگا سکتے، بلکہ ہر طرف سے وہ مارے جاتے ہیں ⑧ بھگانے کے لئے اور ان کے لئے دائمی عذاب ہے ⑨ مگر جو کوئی ایک آدھ بات

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَنْ | مَنْ | جو | | |
| | خَطِفَ | خَ طِ فَ | اُچک لے (شیطان) | خ ط ف | |
| | الْخَطْفَةَ | لْ خَ طْ فَ ةَ | جھٹ سے | خ ط ف | |
| | فَاَتْبَعَهٗ | فَ اَتْ بَ عَ ہُوْ | تو اس کے پیچھے لگتا ہے | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اتّباعِ سُنَّت |
| | شِهَابٌ | شِ ہَا بُنْ | ایک شعلہ | ش ھ ب | شِہاب نامہ (ناول)، شِہابِ ثاقِب |
| | ثَاقِبٌ ۝۱۰ | ثَا قِ بْ | چمکتا ہوا | ث ق ب | ثاقِب (چمکتا ہوا) محمد ثاقب (نام) |
| ۱۱ | فَاسْتَفْتِهِمْ | فَسْ تَفْ تِ ہِمْ | سو آپ ان سے پوچھئے: | ف ت ی | فَتْوٰی، مُفْتی، دَارُالْاِسْتِفْتَاء |
| | اَهُمْ | اَ ہُمْ | کیا وہ | | |
| | اَشَدُّ | اَ شَ دُ | زیادہ سخت ہیں | ش د د | شَدِید، شِدّت، اَشد ضروری |
| | خَلْقًا | خَ لْ قَنْ | پیدائش میں | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلوق، خلقت |

مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝۱۰ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا

اُچک لے بھاگے تو (فوراً ہی) اسکے پیچھے دہکتا ہوا شعلہ لگ جاتا ہے ⑩ ان کافروں سے پوچھو تو کہ آیا ان کا پیدا کرنا زیادہ دشوار ہے یا (انکا)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَمْ مَّنْ | اَ مْ مَنْ | یا وہ جنہیں | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | خَلَقْنَا ؕ | خَ لَق نَا | ہم نے پیدا کیا؟ | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خَلقت |
| | اِنَّا | اِن نَا | بے شک ہم نے | | |
| | خَلَقْنٰهُمْ | خَ لَق نَا هُم | ان (انسانوں) کو پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خَلقت |
| | مِّنْ طِيْنٍ | مِن طِی نِن | مٹی سے | ط ی ن | پاک طِینَت (پاک مٹی)، بَدطِینَت |
| | لَّازِبٍ ⑪ | ل لَا زِ ب | چپکنے والی (لیس دار) | ل ز ب | |
| ۱۲ | بَلْ | بَ ل | بلکہ | | |
| | عَجِبْتَ | عَ جِب تَ | آپ نے تعجب کیا | ع ج ب | عَجِیب، تَعَجُّب، عَجَب، مُتَعَجِّب، عَجُوبَہ |
| | وَيَسْخَرُوْنَ ⑫ | وَ یَس خَ رُو ن | جبکہ وہ مذاق اڑاتے ہیں | س خ ر | |

اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ⑪ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ⑫

جنہیں ہم نے (انکے علاوہ) پیدا کیا؟ ہم نے (انسانوں) کو لیس دار مٹی سے پیدا کیا ہے؟ ⑪ بلکہ تو تعجب کر رہا ہے اور یہ مسخرا پن کر رہے ہیں ⑫

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۳ | وَاِذَا | وَ اِ ذَا | اور جب | | سَیر و سَیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | ذُكِّرُوْا | ذُ ک کِ رُو | وہ انہیں نصیحت کی جائے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |
| | لَا يَذْكُرُوْنَ ⑬ | لَا یَ ذ کُ رُو ن | تو وہ نصیحت قبول نہیں کرتے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |
| ۱۴ | وَاِذَا | وَ اِ ذَا | اور جب | | عدل و اِنصاف، قول و قرار، مکر و فریب |
| | رَاَوْا | رَ آ ؤ | وہ دیکھتے ہیں | ر ء ی | رِیا، رُؤیَا، رُؤیتِ ہِلَال، غیر مَرئی |
| | اٰيَةً | آ یَ تَ ءَن | کوئی نشانی | ء ی ی | آیتِ قُرآنی، آیۃُ الکُرسی، آیتِ کریمہ |
| | يَّسْتَسْخِرُوْنَ ⑭ | یَس تَس خِ رُو ن | تو وہ مذاق اڑاتے ہیں | س خ ر | تَسخِیرِ کَائِنَات، مُسَخَّر کرنا |
| ۱۵ | وَقَالُوْٓا | وَ قَا لُو.. | اور وہ کہتے ہیں: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | اِنْ | اِ ن | نہیں ہے | | |
| | هٰذَآ | هَا ذَا.. | یہ | | مَسجِدِ ہٰذا، حَامِلِ رُقعہ ہٰذا، الہٰذا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ۝١٣ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ۝١٤ وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ | | | | | |
| اور جب انہیں نصیحت کی جاتی ہے یہ نہیں مانتے ⑬ اور جب کسی معجزے کو دیکھتے ہیں تو مذاق اڑاتے ہیں ⑭ اور کہتے ہیں کہ یہ تو | | | | | |
| | اِلَّآ | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | سِحْرٌ | سِ حْ رُ | جادو | س ح ر | سحرِ بیانی، ساحر، مَسحُور کُن (جادو زدہ) |
| | مُّبِیْنٌ ۝١٥ | م مُ بِیْ ن | کھلا | ب ی ن | بیان، مُبیّنہ طور پر، دلیلِ بیّن |
| ١٦ | ءَاِذَا | ءَ اِ ذَا | کیا جب | | |
| | مِتْنَا | مِتْ نَا | ہم مر جائیں گے | م و ت | موت، اَموات، حیات و ممات |
| | وَكُنَّا | وَ کُن نَا | اور ہم ہو جائیں گے | ک و ن | سَحَر و اَفطار، نماز و روزہ، صُبح و شام |
| | تُرَابًا | تُ رَا بَا ؤں | مٹی | ت ر ب | تُربَت، تُربِ ہِندی (ہندی مٹی) اَبوتُراب (حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کنیت) |
| | وَّعِظَامًا | وَ عِ ظَا مَن | اور ہڈیاں | ع ظ م | عِظام، کَسرُ العظم (ہڈی کا ٹوٹنا) |
| | ءَاِنَّا | ءَ اِن نَا | تو کیا بلاشبہ ہم | | |
| | لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝١٦ | لَ مَبْ عُوْ ثُوْن | ضرور (دوبارہ) اٹھائے جائیں گے؟ | ب ع ث | بِعثَتِ نبوی، مَبعُوث، مَبعَث |
| اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝١٥ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝١٦ | | | | | |
| بالکل کھلم کھلا جادو ہی ہے ⑮ کیا جب ہم مر جائیں گے اور خاک اور ہڈی ہو جائیں گے پھر کیا (سچ مچ) ہم اٹھائے جائیں گے؟ ⑯ | | | | | |
| ١٧ | اَوَ اٰبَآؤُنَا | اَ وَ آ بَا ... ءُ نَ | اور کیا ہمارے باپ دادا بھی؟ | ء ب و | آباؤ اَجداد، اِسکے آباء، آبائی علاقہ |
| | الْاَوَّلُوْنَ ۝١٧ | لْ اَ وْ وَ لُوْن | پہلے | ء و ل | اَوّل، اُولیٰ، اَوائل، اَوّل و آخر |
| ١٨ | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | نَعَمْ | نَ عَ مْ | ہاں! | ن ع م | |
| | وَاَنْتُمْ | وَ اَن تُمْ | اور تم | | عدل و اِنصاف، قول و قرار، مکر و فریب |
| | دٰخِرُوْنَ ۝١٨ | دَا خِ رُوْن | ذلیل و خوار ہو گے | د خ ر | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۹ | فَاِنَّمَا | فَ اِن نَ مَا | سو بس | | |
| | هِيَ | هِ یَ | وہ (اٹھانا تو) | | |
| | زَجْرَةٌ | زَ جْ رَ تُن | ڈانٹ ہی ہوگی | ز ج ر | زجر و توبیخ |

اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۱۷﴾ قُلْ نَعَمْ وَ اَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ

کیا ہم سے پہلے ہمارے باپ دادا بھی؟ ﴿۱۷﴾ آپ جواب دیجئے! کہ ہاں ہاں اور تم ذلیل (بھی) ہوؤ گے ﴿۱۸﴾ وہ تو صرف

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّاحِدَةٌ | وَا حِ دَ تُن | ایک | و ح د | واحد، وحدانیت، توحید، مُوَحِّد |
| | فَاِذَا | فَ اِ ذَا | پھر اچانک | | |
| | هُمْ | هُ م | وہ | | |
| | يَنْظُرُوْنَ ﴿۱۹﴾ | یَنْ ظُ رُو ن | (زندہ ہوکر) دیکھ رہے ہوں گے | ن ظ ر | نظر، نظارہ، منظر، ناظرین |
| ۲۰ | وَقَالُوْا | وَ قَا لُو | اور وہ کہیں گے: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | يٰوَيْلَنَا | یَا وَ ئِ لَ نَا | ہائے افسوس ہمارے لئے! | | |
| | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ (تو) | | مسجدِ ہٰذا، حاملِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذا |
| | يَوْمُ | یَا ؤ م | دن ہے | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | الدِّيْنِ ﴿۲۰﴾ | د دِی ن | جزا کا | د ی ن | یومُ الدِّین (جزا کا دن) |
| ۲۱ | هٰذَا | ہَا ذَا | یہی ہے | | مسجدِ ہٰذا، حاملِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذا |

وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۲۰﴾ هٰذَا

ایک زور کی جھڑکی ہے کہ یکا یک یہ دیکھنے لگیں گے ﴿۱۹﴾ اور کہیں گے کہ ہائے ہماری خرابی یہی جزا (سزا) کا دن ہے ﴿۲۰﴾ یہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَوْمُ | یَا ؤ م | دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | الْفَصْلِ | لْ فَصْ لِ | فیصلے کا | ف ص ل | فیصلہ کرنا، مقدّمے کا فیصلہ |
| | الَّذِيْ | ل لَ ذِی | وہ جو | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كُنْتُمْ | کُن تُم | تم تھے | ك و ن | |
| | بِهٖ | بِ ہی | اسے | | |
| | تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۱﴾ | تُ کَذ ذِ بُون | جھٹلاتے | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذّاب مُسیلمہ کَذّاب (نبُوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| ۲۲ | اُحْشُرُوا | اُح شُ رُ | (اے فرشتو!) تم اکٹھا کرو | ح ش ر | حشر کا دِن، حاشِر، مَحشُور، یومِ مَحشَر |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ ی نَ | ان لوگوں کو جنہوں نے | | |
| | ظَلَمُوْا | ظَ لَ مُو | ظلم کیا | ظ ل م | ظُلم، ظالِم، مَظلُوم، ظالِمین |
| | وَاَزْوَاجَهُمْ | وَ اَز وَا جَ ہُم | اور ان کے جوڑوں کو | ز و ج | زوجہ محترمہ، ازواجِ مُطَہَّرات |

يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۱﴾ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ

فیصلہ کا دن ہے جسے تم جھٹلاتے رہے ﴿۲۱﴾ ظالموں کو اور ان کے ہمراہیوں کو اور (جن) جن کی وہ اللہ تعالیٰ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَا | وَ مَا | اور نہ ان کو جن کی | | سَیر وسَیاحت، عِلم وحِکمت، شب وروز |
| | كَانُوْا | کَ انُو | وہ تھے | ك و ن | |
| | يَعْبُدُوْنَ ﴿۲۲﴾ | یَ عْ بُ دُون | عبادت کیا کرتے | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابِد، مَعبُود |
| ۲۳ | مِنْ دُوْنِ | مِن دُونِ | سوا | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | فَاهْدُوْهُمْ | فَ ہ دُو ہُم | پھر تم ان کو (ہانک) لے جاؤ | ھ د ی | ہِدایت، ہادِیٔ عالَم، ہادِیٔ کائنات |
| | اِلٰى صِرَاطِ | اِلَا صِ رَا طِ | راستے کی طرف | ص ر ط | پُل صِراط، صِراطِ مُستَقیم (رسالہ کا نام) |
| | الْجَحِيْمِ ﴿۲۳﴾ | لْ جَ حِی م | جہنم کے | ج ح م | جَحِیم (جہنم کا نام ہے) |

وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿۲۲﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿۲۳﴾

کے علاوہ پرستش کرتے تھے ﴿۲۲﴾ (ان سب کو) جمع کرکے انہیں دوزخ کی راہ دکھا دو ﴿۲۳﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۴ | وَقِفُوْهُمْ | وَ قِ فُو ہُم | اور (ابھی) تم ان کو ٹھہراؤ | و ق ف | وَقف لازم، واقِف، مَوقُوف |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّهُمْ | اِن نَ ہُمْ | بلاشبہ یہ | | |
| | مَّسْـُٔوْلُوْنَ ﴿٢٤﴾ لا | مَسْ ءُ وْ لُوْن | پوچھے جانے والے ہیں | س ء ل | سُوال، مَسئَلہ، مَسئُول، سَائِل |
| ۲۵ | مَا لَكُمْ | مَا لَ كُ مْ | کیا ہوا تمہیں | | |
| | لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿٢٥﴾ | لَا تَ نَا صَ رُوْن | تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے؟ | ن ص ر | نُصرت، نَاصِر، مَنصُور، نَصِیر |
| ۲۶ | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | هُمُ الْيَوْمَ | ہُمُ لْ یَوْ مَ | وہ آج | ی و م | یَومِ قائِد، یَومِ اِقبال، یَومِ عید |

وَ قِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ ﴿٢٤﴾ لا مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿٢٥﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ

اور انہیں ٹھہرا لو، (اس لئے) کہ ان سے (ضروری) سوال کئے جانیوالے ہیں ﴿٢٤﴾ تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم ایکدوسرے کی مدد نہیں کرتے ﴿٢٥﴾ بلکہ وہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿٢٦﴾ | مُسْ تَسْ لِ مُوْن | (سب) مکمل فرمانبردار ہیں | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سلامتی، تسلیم |
| ۲۷ | وَاَقْبَلَ | وَ اَقْ بَ لَ | اور متوجہ ہوگا | ق ب ل | قِبلہ، مدِّ مقابل، مُتقابِل، تقابُل |
| | بَعْضُهُمْ | بَ عْ ضُ ہُمْ | ان کا بعض | ب ع ض | بعض لوگ، بَعضُ النَّاس، بَعضُ اَشیاء |
| | عَلٰى بَعْضٍ | عَ لَا بَ عْ ضِنْ | بعض پر | ب ع ض | بعض لوگ، بَعضُ النَّاس، بَعضُ اَشیاء |
| | يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿٢٧﴾ | یَ تَ سَا... ءَ لُوْن | ایک دوسرے سے پوچھیں گے | س ء ل | سُوال، مَسئَلہ، مَسئُول، سَائِل |
| ۲۸ | قَالُوْٓا | قَ الُوْ.. | کہیں گے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | اِنَّكُمْ كُنْتُمْ | اِن نَ كُ مْ كُنْ تُمْ | بے شک تم تو تھے | ك و ن | |

مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَ اَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿٢٧﴾ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ

(سب کے سب) آج فرمانبردار بن گئے ﴿٢٦﴾ وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر سوال و جواب کرنے لگیں گے ﴿٢٧﴾ کہیں گے کہ تم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَاْتُوْنَنَا | تَ x تُوْ نَ نَا | ہمارے پاس آتے | ء ت ی | |
| | عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿٢٨﴾ | عَ نِلْ یَ مِیْ ن | دائیں طرف سے | ی م ن | یَمین ویَسار، یُمنیٰ یُسریٰ، اُمِّ ایمن |
| ۲۹ | قَالُوْا | قَ الُوْ | وہ کہیں گے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | لَّمْ تَكُوْنُوْا | لَ مْ تَ کُوْنُوْ | تم نہیں تھے | ك و ن | |
| | مُؤْمِنِيْنَ ۝٢٩ | مُ x مِ نِیْ نَ | (خود ہی) ایمان لانے والے | ء م ن | اَمن واَمان،مُؤمن،اِیمان |
| ٣٠ | وَمَا كَانَ | وَ مَا کَ ا نَ | اور نہیں تھا | ك و ن | عدل واِنصاف،قول وقرار،مکروفریب |
| | لَنَا | لَ نَا | ہمارا | | |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا ئِیْ کُ مْ | تم پر | | عَلَی الاِعلان،عَلَی العُمُوم |

تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ۝٢٨ قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝٢٩ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ

تو ہمارے پاس ہماری دائیں طرف سے آتے تھے ۝٢٨ وہ جواب دیں گے کہ نہیں بلکہ تم ہی ایمان دار نہ تھے ۝٢٩ اور کچھ ہمارا زور

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ سُلْطٰنٍ ج | مِنْ سُلْ طَا نِنْ | کوئی زور | س ل ط | سلطنت،تسلُّط قائم کرنا، سُلطانُ العارِفین |
| | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | كُنْتُمْ | کُنْ تُمْ | تمھی تھے | ك و ن | |
| | قَوْمًا | قَا ؤْ مَنْ | لوگ | ق و م | قوم،اَقوام،مُسلم قوم،قومِ موسیٰ |
| | طٰغِيْنَ ۝٣٠ | طَا غِیْ نَ | سرکشی کرنے والے | ط غ ی | طُغیانی،سمندر میں طُغیانی،طاغوت |
| ٣١ | فَحَقَّ | فَ حَقْ قَ | اب ثابت ہوگئی | ح ق ق | حق،حُقوق،حق بات،حقیقت |
| | عَلَيْنَا | عَ لَا ئِیْ نَا | ہم (سب) پر | | عَلَی الاِعلان،عَلَی العُمُوم |
| | قَوْلُ | قَا ؤْ لُ | بات | ق و ل | قول وقرار،اَقوالِ زرّیں،مقولہ |
| | رَبِّنَآ ۖق | رَبْ بِ نَا.. | ہمارے رب کی | ر ب ب | اَرباب،مُربّی،ربُّ العالمین، ربِّ کعبہ،ربِّ محمدﷺ |
| | اِنَّا | اِن نَا | بے شک ہم (سب ہی) | | |

مِّنْ سُلْطٰنٍ ج بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ۝٣٠ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ ۖق اِنَّا

تو تم پر تھا (ہی) نہیں، بلکہ تم (خود) سرکش لوگ تھے ۝٣٠ اب تو ہم (سب) پر ہمارے رب کی یہ بات ثابت ہو چکی کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَذَآىِٕقُوْنَ ﴿٣١﴾ | لَ ذَا ... ءِ قُوْ نَ | یقیناً چکھنے والے ہیں (عذاب) | ذ و ق | ذوق وشوق، ذَائِقَۃُ الموت، خُوش ذائِقہ |
| ٣٢ | فَاَغْوَيْنٰكُمْ | فَ اَغْ وَ اَیْ نَا كُ مْ | اور ہم نے تمہیں گمراہ کیا | غ و ی | اِغْوا کارِی، مُغْوِی، اِغْوا ہونا |
| | اِنَّا كُنَّا | اِن نَا كُن نَا | (کیونکہ) بلاشبہ ہم (خود بھی) تھے | ك و ن | |
| | غٰوِيْنَ ﴿٣٢﴾ | غَا وِ یْ نَ | گمراہ | غ و ی | اِغْوا کارِی، مُغْوِی، اِغْوا ہونا |
| ٣٣ | فَاِنَّهُمْ | فَ اِن نَ هُمْ | سو بے شک وہ | | |
| | يَوْمَىِٕذٍ | یَا وْ مَ ءِ ذِ نْ | اس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | فِي الْعَذَابِ | فِلْ عَ ذَا بِ | عذاب میں | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جہنّم، عَذابِ آخرت |

لَذَآىِٕقُوْنَ ﴿٣١﴾ فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿٣٢﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَىِٕذٍ فِي الْعَذَابِ

ہم (عذاب) چکھنے والے ہیں ﴿٣١﴾ پس ہم نے تمہیں گمراہ کیا تو خود بھی گمراہ ہی تھے ﴿٣٢﴾ سو اب آج کے دن تو (سب کے سب)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُشْتَرِكُوْنَ ﴿٣٣﴾ | مُشْ تَ رِ كُوْ نَ | باہم شریک ہوں گے | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکاء |
| ٣٤ | اِنَّا | اِن نَا | بے شک ہم | | |
| | كَذٰلِكَ | كَ ذَا لِ كَ | اسی طرح | | کالعدم، کالعدم جماعت، کَمَا حَقُّہٗ |
| | نَفْعَلُ | نَفْ عَ لُ | کرتے ہیں | ف ع ل | فِعل، اَفعال، فَاعِل، مَفعُول |
| | بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿٣٤﴾ | بِلْ مُ جْ رِ مِیْ نَ | مجرموں کے ساتھ | ج ر م | جُرم، مُجرِم، فَردِ جُرم، جَرائم پیشہ |
| ٣٥ | اِنَّهُمْ | اِن نَ هُمْ | بلاشبہ وہ | | |
| | كَانُوْٓا | كَا نُوْ.. | تھے | ك و ن | |
| | اِذَا قِيْلَ | اِ ذَا قِیْ لَ | جب کہا جاتا | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لَهُمْ | لَ هُمْ | ان سے | | |

مُشْتَرِكُوْنَ ﴿٣٣﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿٣٤﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ

عذاب میں شریک ہیں ﴿٣٣﴾ ہم گناہ گاروں کے ساتھ اسی طرح کیا کرتے ہیں ﴿٣٤﴾ یہ وہ (لوگ) ہیں کہ جب ان سے کہا جاتا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَآ | لَا.. | کہ نہیں ہے | | لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | اِلٰهَ | اِلَاہَ | کوئی معبود | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | اِلَّا اللّٰهُ ۙ | اِل لَل لَاہُ | اللہ کے سوا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | يَسْتَكْبِرُوْنَ ۙ﴿٣٥﴾ | یَس تَ کْ بِ رُوْ ن | تو وہ تکبّر کرتے ہیں | ك ب ر | قِبلہ، مدِّمقابِل، مُتقابِل، تقابُل |
| ٣٦ | وَيَقُوْلُوْنَ | وَ یَ قُوْلُوْن | اور وہ کہتے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اَئِنَّا | اَءِن نَا | کیا بے شک ہم | | |
| | لَتَارِكُوْٓا | لَ تَارِکُوْ.. | واقعی چھوڑ دینے والے ہیں | ت ر ك | ترک، تارِک، متروک، ترکہ |
| | اٰلِهَتِنَا | آلِ ہَ تِ نَا | اپنے معبودوں کو | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | لِشَاعِرٍ | لِ شَاعِ رِ | ایک شاعر کی خاطر؟ | ش ع ر | شُعراء، سُورۃُ الشُّعراء، قومی شاعر |

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۙ يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٣٥﴾ وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ

کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں تو یہ سرکشی کرتے تھے ﴿٣٥﴾ اور کہتے تھے کہ کیا ہم اپنے معبودوں کو ایک دیوانے شاعر کی بات پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَّجْنُوْنٍ ؕ﴿٣٦﴾ | م مَ جْ نُوْ ن | دیوانے | ج ن ن | مجنُون (پاگل)، جُنُون، جُنُونی آدمی |
| ٣٧ | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | جَآءَ | جَا...ءَ | وہ تو آیا ہے | ج ی ء | |
| | بِالْحَقِّ | بِلْ حَق قِ | حق کے ساتھ | ح ق ق | حق، حُقُوق، حق بات، حقیقت |
| | وَصَدَّقَ | وَ صَد دَقَ | اور اُس نے تصدیق کی | ص د ق | صادِق، صدِیق، مُصدِّق، صِدق |
| | الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣٧﴾ | لْ مُ رْ سَ لِیْ ن | سب رسولوں کی | ر س ل | محمدٌ رَّسُولُ اللہ ﷺ، رَسُولِ مُعَظَّم رِسالتِ مُحمّدیہ، رُسُل |
| ٣٨ | اِنَّكُمْ | اِن نَ کُ مْ | بے شک تم (اب) | | |
| | لَذَآئِقُوا | لَ ذَا...ءِ قُ | ضرور چکھو گے | ذ و ق | ذوق وشوق، ذَائقۃُ الموت، خوش ذائقہ |
| | الْعَذَابِ | لْ عَ ذَا بِ | عذاب | ع ذ ب | عذابِ اِلٰہی، عذابِ جہنّم عذابِ آخرت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

مَّجْنُوْنٍ ؕ﴿۳۶﴾ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّكُمْ لَذَآىِٕقُوا الْعَذَابِ

چھوڑ دیں؟ ﴿۳۶﴾ (نہیں نہیں) بلکہ (نبی) تو حق (سچا دین) لائے ہیں اور سب رسولوں کو سچا جانتے ہیں ﴿۳۷﴾ یقیناً تم دردناک عذاب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْاَلِیْمِ ﴿۳۸﴾ ج | لْ اَ لِیْ م | بہت دردناک | ء ل م | اَلمناک حادثہ، رنج واَلَم |
| ۳۹ | وَمَا تُجْزَوْنَ | وَ مَا تُ جْ زَ وْ ن | اور تمہیں بدلہ نہیں دیا جائے گا | ج ز ی | جزا وسزا، جزائے خیر جزاک اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | مَا كُنْتُمْ | مَا كُنْ تُمْ | (اسی کا) جو تھے | ك و ن | ماحول، مافوقُ الفطرت، ماجرہ |
| | تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۹﴾ لا | تَ عْ مَ لُوْ ن | تم عمل کیا کرتے | ع م ل | عمل، اعمال، عامل، معمول |
| ۴۰ | اِلَّا عِبَادَ | اِل لَا عِ بَا دَ | لیکن بندے | ع ب د | عبداللہ، عباد، عبادُالرحمٰن |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | الْمُخْلَصِیْنَ ﴿۴۰﴾ | لْ مُ خْ لَ صِیْ ن | چُنے ہوئے (اس عذاب سے محفوظ رہیں گے) | خ ل ص | خالص، مخلص، اِخلاص |

الْاَلِیْمِ ﴿۳۸﴾ ج وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۹﴾ لا اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِیْنَ ﴿۴۰﴾

(کا مزہ) چکھنے والے ہو ﴿۳۸﴾ تمہیں اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے تھے ﴿۳۹﴾ مگر اللہ تعالیٰ کے خالص برگزیدہ بندے ہیں ﴿۴۰﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۱ | اُولٰٓىِٕكَ | اُ لَا ... ءِ كَ | یہی لوگ | | |
| | لَهُمْ | لَ هُمْ | ان کے لئے ہے | | |
| | رِزْقٌ | رِ زْ قٌ | رزق | ر ز ق | رزق، رازق، رزّاق، رزقِ حلال |
| | مَّعْلُوْمٌ ﴿۴۱﴾ لا | م مَ عْ لُوْ م | معلوم | ع ل م | علم، تعلیم، معلّم، معلوم، علّامہ |
| ۴۲ | فَوَاكِهُ ج | فَ وَا كِ هُ | میوے ہیں (جنت کے) | ف ك ه | فاکہہ (پھل)، فواکِہ (جمع) |
| | وَهُمْ | وَ هُمْ | اور وہ | | شان وشوکت، صبر وتحمل، ذکر واذکار |
| | مُّكْرَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ لا | مُ كْ رَ مُوْ ن | معزز ہوں گے | ك ر م | کریم، اکرم، مکرم، تکریم |
| ۴۳ | فِیْ جَنّٰتِ | فِیْ جَنْ نَا تِ | باغوں میں | ج ن ن | جنّتِ فردوس، جنّتُ المعلّٰی، جنّتُ البقیع |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | أُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿٤١﴾ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿٤٢﴾ فِيْ جَنّٰتِ | | | | |
| | انہیں کے لئے مقررہ روزی ہے ﴿٤١﴾ (ہر طرح کے) میوے، اور وہ با عزت و اکرام ہوں گے ﴿٤٢﴾ نعمتوں والی جنتوں | | | | |
| | النَّعِيْمِ ﴿٤٣﴾ | ن نَ ـ عِیْ م | نعمت کے | ن ع م | نِعمت ، اِنعام، مُنعِم، نَعِیم (نام) |
| ۴۴ | عَلٰى سُرُرٍ | عَ لَا سُ رُ رِ | تختوں پر | س ر ر | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿٤٤﴾ | م مُ تَ قَا بِ لِیْ ن | ایک دوسرے کے سامنے | ق ب ل | مُتقابِل، مُقابَلہ کرنا، تقابُل کرنا |
| ۴۵ | يُطَافُ | یُ طَا فُ | پھرایا جائے گا | ط و ف | طَواف بیتُ اللہ، طَوافِ قُدُوم |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا یْ ہِمْ | ان پر (شراب کا) | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | بِكَاْسٍ | بِ کَ x سِن | بھرا جام | ك ء س | کاسۂ گدائی، کاسہ (پیالہ) |
| | مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿٤٥﴾ | م مِم مَ ـ عِیْ ن | جاری چشمے سے | ع ی ن | عَین (چشمہ)، اَعیُن (جمع چشمے) |
| | النَّعِيْمِ ﴿٤٣﴾ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿٤٤﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿٤٥﴾ | | | | |
| | میں ﴿٤٣﴾ تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے (بیٹھے) ہوں گے ﴿٤٤﴾ جاری شراب کے جام کا ان پر دور چل رہا ہوگا ﴿٤٥﴾ | | | | |
| ۴۶ | بَيْضَآءَ | بَا ئِیْ ضَا...ءَ | جو سفید | ب ی ض | بَیضَہ (انڈا)، لَونِ اَبیَض (سفید رنگ) |
| | لَذَّةٍ | لَذْ ذَ تِ | لذت والی ہوگی | ل ذ ذ | لَذّتِ آشنائی، لَذیذ کھانا |
| | لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿٤٦﴾ | ل لِش شَا رِ بِیْ ن | پینے والوں کے لئے | ش ر ب | شَربت، مَشرُوب، شَراب |
| ۴۷ | لَا فِيْهَا | لَا فِیْ ہَا | اس میں (اس سے) نہیں ہوگا | | لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | غَوْلٌ | غَا ؤ لُن | سر کا چکرانا | غ و ل | |
| | وَّلَا | وَ لَا | اور نہ | | عَدل وانصاف، قَول وقَرار، مکر وفریب لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | هُمْ | ہُمْ | وہ | | |
| | عَنْهَا | عَنْ ہَا | اس سے | | |
| | يُنْزَفُوْنَ ﴿٤٧﴾ | یُنْ زَ فُوْ ن | مدہوش ہوں گے | ن ز ف | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۴۶﴾ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾

جو صاف شفاف اور پینے میں لذیذ ہوگی ﴿۴۶﴾ نہ اس سے درد سر ہو اور نہ اس کے پینے سے بہکیں ﴿۴۷﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۸ | وَعِنْدَهُمْ | وَ-عِنْ دَ هُمْ | اور ان کے پاس ہوں گی | ع ن د | عِندَ اللہ ماجور ہوں (اللہ کے پاس سے اجر ملے گا) |
| | قٰصِرٰتُ | قَا صِ رَا تُ | نیچی رکھنے والی | ق ص ر | |
| | الطَّرْفِ | طْ طَ رْ فِ | نگاہ | ط ر ف | طَرف، اَطراف، طَرفین |
| | عِيْنٌ ﴿۴۸﴾ | -عِيْ ن | موٹی موٹی آنکھوں والی | ع ی ن | عُیُون، اَعیُن، عَین (آنکھ) قُرّۃُ العَین (آنکھوں کی ٹھنڈک) |
| ۴۹ | كَاَنَّهُنَّ | کَ اَن نَ هُن نَ | گویا کہ وہ | | |
| | بَيْضٌ | بَ ئِ ضْ | (شترمرغ کے) انڈے ہیں | ب ی ض | بَیضَہ (انڈا) لَونِ اَبیَض (سفید رنگ) یَدِ بَیضَاء، اَبیَض، بَیضوی شکل |
| | مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾ | م مَ کْ نُوْ ن | پردے میں چھپا کر رکھے ہوئے | ك ن ن | |
| ۵۰ | فَاَقْبَلَ | فَ اَ قْ بَ لَ | پھر متوجہ ہوگا | ق ب ل | قِبلَہ، مَدِّ مُقابِل، مُتَقابِل، تَقابُل |

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ﴿۴۸﴾ كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾ فَاَقْبَلَ

اور ان کے پاس نیچی نظروں، بڑی بڑی آنکھوں والی (حوریں) ہوں گی ﴿۴۸﴾ ایسی جیسے چھپائے ہوئے انڈے ﴿۴۹﴾ (جنتی) ایک

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَعْضُهُمْ | بَ عْ ضُ هُمْ | ان کا بعض | ب ع ض | بعض لوگ بَعضُ النَّاس بَعضِ اَشیاء |
| | عَلٰى بَعْضٍ | عَ لَا بَ عْ ضِنْ | بعض پر | ب ع ض | بعض لوگ بَعضُ النَّاس بَعضِ اَشیاء |
| | يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾ | یَ تَ سَا ... ءَ لُوْ ن | ایک دوسرے سے پوچھیں گے | س ء ل | سُوال، مَسئَلَہ، مَسئُول، سَائِل |
| ۵۱ | قَالَ | قَا لَ | کہے گا | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | قَآئِلٌ | قَا ... ءِ لُ | ایک کہنے والا | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | مِّنْهُمْ | م مِن هُمْ | ان میں سے: | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | اِنِّيْ | اِن نِيْ | بے شک میں | | |
| | كَانَ | کَ ا نَ | تھا | ك و ن | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِيْ قَرِيْنٌ ﴿۵۱﴾ | لِيْ قَ رِیْ نُ ن | میرا ایک ہم نشیں (ساتھی) | ق ر ن | قَرِینِ قیاس، اقران، حجِّ قِران |

بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ﴿۵۱﴾

دوسرے کی طرف رُخ کر کے پوچھیں گے ﴿۵۰﴾ ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا کہ میرا ایک ساتھی تھا ﴿۵۱﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۲ | يَّقُوْلُ | یَ قُوْ لُ | وہ کہتا تھا: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اَئِنَّكَ | اَ ءِ ن نَ کَ | کیا بے شک تو ہے | | |
| | لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿۵۲﴾ | لَ مِ نَلْ مُ صَدْ دِ قِیْ ن | واقعی تصدیق کرنے والوں میں سے (اس بات کی | ص د ق | صادق، صدیق، مُصَدِّق، صِدق |
| ۵۳ | ءَاِذَا | ءَ اِ ذَا | کیا جب | | |
| | مِتْنَا | مِتْ نَا | ہم مرجائیں گے | م و ت | موت، اَموات، حیات ومَمات |
| | وَكُنَّا | وَ کُن نَا | اور ہم ہوجائیں گے | ك و ن | شان وشوکت، صبروتحمّل، ذِکرواذکار |
| | تُرَابًا | تُ رَا بَاوْ ں | مٹی | ت ر ب | تُربت، تُرب ہندی (ہندی مٹی) ابوتُراب (حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کنیت) |
| | وَّعِظَامًا | وَ عِ ظَا مَنْ | اور ہڈیاں | ع ظ م | عِظام (ہڈیاں)، کسرالعظم (ہڈی کا ٹوٹنا) |
| | ءَاِنَّا | ءَ اِن نَا | کیا بے شک ہم | | |

يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿۵۲﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

جو (مجھ سے) کہا کرتا تھا کہ کیا تو (قیامت کے آنے کا) یقین کرنے والوں میں سے ہیں؟ ﴿۵۲﴾ کیا جب کہ ہم مرکر مٹی اور ہڈی ہوجائیں گے کیا اس

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَمَدِيْنُوْنَ ﴿۵۳﴾ | لَ مَ دِیْ نُوْ ن | یقیناً بدلہ دیئے جائیں گے؟ | د ی ن | یومُ الدِّین (بدلہ کا دن)، تَدَایُن (معاملہ لین دین) آیتِ تدایُن (معاملہ لین دین کی آیت) |
| ۵۴ | قَالَ | قَا لَ | وہ کہے گا: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | هَلْ | ہَ لْ | کیا | | |
| | اَنْتُمْ | اَنْ تُمْ | تم | | |
| | مُّطَّلِعُوْنَ ﴿۵۴﴾ | م مُ طْ طَ لِ عُوْ ن | (جہنم میں) جھانک کر دیکھو گے؟ | ط ل ع | اِطّلاع دینا، مُطّلع کرنا، اِطّلاعات |
| ۵۵ | فَاطَّلَعَ | فَ طْ طَ لَ عَ | پھر وہ جھانکے گا | ط ل ع | طُلوعِ اسلام، مُطّلع، مَطلع صاف |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَرَاٰهُ | فَ رَ آ هُ | تو اسے دیکھے گا | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہلال، غیر مرئی |
| | فِیْ سَوَآءِ | فِیْ سَ وَا...ءِ | درمیان | س و ی | سَوا سَوا، مُساوِی، مُساوات |
| | الْجَحِیْمِ ۝٥٥ | اَلْ جَ حِیْ م | جہنم کے | ج ح م | جَحِیم (جہنم کا نام ہے) |

لَمَدِيْنُوْنَ ۝٥٣ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ۝٥٤ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۝٥٥

وقت ہم جزا دیئے جانیوالے ہیں؟ ۝٥٣ کہے گا تم چاہتے ہو کہ جھانک کر دیکھ لو؟ ۝٥٤ جھانکتے ہی اسے بیچوں بیچ جہنم میں (جلتا ہوا) دیکھے گا ۝٥٥

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٥٦ | قَالَ | قَالَ | وہ کہے گا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | تَاللّٰهِ | تَ ل لَا هِ | اللہ کی قسم! | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | اِنْ | اِنْ | بلاشبہ | | اِن شاءَ اللہ |
| | كِدْتَّ | کِدْ تَ | قریب تھا کہ | ك ی د | |
| | لَتُرْدِيْنِ ۝٥٦ | لَ تُ رْ دِ یْ نِ | تو مجھے ہلاک کر ڈالتا | ر د ی | |
| ٥٧ | وَلَوْلَا | وَ لَوْ لَا | اور اگر نہ ہوتا | | عدل و انصاف، قول و قرار، مکر و فریب، لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | نِعْمَةُ | نِ عْ مَ ةُ | فضل | ن ع م | نِعمت، اِنعام، مُنعِم، نَعِیم (نام) |
| | رَبِّیْ | رَ ب بِیْ | میرے ربّ کا | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | لَكُنْتُ | لَ كُنْ تُ | تو یقیناً میں بھی ہوتا | ك و ن | |
| | مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ۝٥٧ | مِ نَلْ مُ حْ ضَ رِ یْ نَ | (جہنم میں) حاضر کئے ہوئے لوگوں میں | ح ض ر | حاضر باش، حضرت، حاضری |

قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ۝٥٦ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ۝٥٧

کہے گا واللہ! قریب تھا کہ تو مجھے (بھی) برباد کردے ۝٥٦ اگر میرے ربّ کا احسان نہ ہوتا تو میں بھی دوزخ میں حاضر کئے جانیوالوں میں ہوتا ۝٥٧

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٥٨ | اَفَمَا نَحْنُ | اَ فَ مَا نَ حْ نُ | تو کیا ہم نہیں | | |
| | بِمَيِّتِيْنَ ۝٥٨ | بِ مَ ئِ یِ تِیْ نَ | (اب) مرنے والے | م و ت | موت، اَموات، حیات و ممات |
| ٥٩ | اِلَّا | اِلْ لَا | سوائے | | اِلّا ماشاءَ اللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَوْتَتَنَا | مَا وْ تَ تَ نَ | ہمارے مرنے کے | م و ت | مَوت، اَموات، حَیات ومَمات |
| | الْاُوْلٰى | لُ اُوْ لَا | پہلی بار | ء و ل | اَوّل، اُولیٰ، اَوائل، اَوّل وآخر |
| | وَمَا نَحْنُ | وَ مَا نَ حْ نُ | اور نہ ہم | | سَیروسَیاحت، عِلم وحِکمت، شَب وروز |
| | بِمُعَذَّبِيْنَ ۝٥٩ | بِ مُ عَذْ ذَ بِیْ نَ | عذاب ہی دیئے جائیں گے | ع ذ ب | عَذابِ الٰہی، عَذابِ جہنّم، عَذابِ آخرت |
| ٦٠ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ | | مَسجِدِ ہٰذا، حامِلِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذا |

**اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ۝٥٨ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۝٥٩ اِنَّ هٰذَا**

کیا (یہ صحیح ہے) کہ ہم مرنے والے ہی نہیں؟ ۝٥٨ بجز پہلی ایک موت کے، اور نہ ہم عذاب کئے جانے والے ہیں ۝٥٩ پھر تو (ظاہر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَهُوَ | لَ هُ وَ | یقیناً یہی ہے | | |
| | الْفَوْزُ | لُ فَا وْ زُ | کامیابی | ف و ز | فَائِز، فَائِزُون، فَائِزہ (نام) عُہدہ پر فائز ہونا |
| | الْعَظِيْمُ ۝٦٠ | لُ عَ ظِیْ مُ | بہت بڑی | ع ظ م | عَظیم، اَعظَم، عَظمت، وِزارتِ عُظمیٰ |
| ٦١ | لِمِثْلِ هٰذَا | لِ مِثْ لِ ہَا ذَا | ایسی ہی (کامیابی) کے لئے | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل، مِثالیں |
| | فَلْيَعْمَلِ | فَ لْ یَ عْ مَ لِ | اب چاہئے کہ عمل کریں | ع م ل | عَمل، اَعمال، عامِل، مَعمُول |
| | الْعٰمِلُوْنَ ۝٦١ | لْ عَا مِ لُوْ نَ | عمل کرنے والے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عامِل، مَعمُول |
| ٦٢ | اَذٰلِكَ | اَ ذَا لِ كَ | کیا یہ | | |
| | خَيْرٌ | خَیْ رُنْ | بہتر ہے | خ ی ر | خیرخواہی، خیروشر، خیروبرکت |
| | نُّزُلًا | نُ زُ لَنْ | مہمانی کے طور پر | ن ز ل | |

**لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝٦٠ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ۝٦١ اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا**

بات ہے کہ) یہ بڑی کامیابی ہے ۝٦٠ ایسی (کامیابی) کے لئے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہئے ۝٦١ کیا یہ مہمانی اچھی ہے یا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَمْ شَجَرَةُ | اَمْ شَ جَ رَ ةُ | یا درخت | ش ج ر | شَجر، اَشجار، شَجَرۃُ الخُلد |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الزَّقُّوْمِ ﴿٦٢﴾ | زَ زَ ق قُو م | تھوہر کو؟ | ز ق م | تھوہر کا دَرخت (جہنمیوں کا کھانا) |
| ٦٣ | اِنَّا | اِن نَا | بلاشبہ ہم نے | | |
| | جَعَلْنٰهَا | جَ عَل نَا ہَا | اسے بنایا ہے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ جَعلی مُقابلہ، جَعلی کا غذات |
| | فِتْنَةً | فِت نَ تَہ | ایک فتنہ | ف ت ن | فِتنہ پَروَر، فِتنہ باز، پُرفِتَن دَور |
| | لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٣﴾ | لِ لِظ ظَا لِ مِی ن | ظالموں کے لئے | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمین |
| ٦٤ | اِنَّهَا | اِن نَ ہَا | بے شک وہ | | |
| | شَجَرَةٌ | شَ جَ رَ تُن | ایک درخت ہے | ش ج ر | شَجر، اَشجَار، شَجَرۃُ الخُلد |
| | تَخْرُجُ | تَ خ رُ جُ | جو نکلتا (اُگتا) ہے | خ ر ج | خَارج، وَزَارتِ خَارجہ مَخرَج، خُرُوج |

اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿٦٢﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٣﴾ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ

سینڈھ (زقوم) کا درخت؟ ﴿٦٢﴾ جسے ہم نے ظالموں کے لئے سخت آزمائش بنا رکھا ہے ﴿٦٣﴾ بے شک وہ درخت جہنم کی جڑ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْٓ اَصْلِ | فِی.. اَص لِ | گہرائی میں | ء ص ل | اَصل، اَصُول، اَصلِیّت |
| | الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾ | ل جَ حِی م | دوزخ کی | ج ح م | جَحِیم (جہنم کا نام ہے) |
| ٦٥ | طَلْعُهَا | طَل عُ ہَا | اس کے خوشے | ط ل ع | |
| | كَاَنَّهٗ | کَ اَن نَ ہُو | گویا کہ وہ | | |
| | رُءُوْسُ | رُ ءُو سُ | سر ہیں | ر ء س | رَاسُ الخَیمہ، رُوُسُ الشَّیَاطِین |
| | الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾ | ش شَ یَا طِی ن | شیطانوں (سانپوں) کے | ش ط ن | شَیطَانی خَیال، شَیطَانی وَسوَسے |
| ٦٦ | فَاِنَّهُمْ | فَ اِن نَ ہُم | اور بلاشبہ وہ | | |
| | لَاٰكِلُوْنَ | لَ آ کِ لُو نَ | ضرور کھائیں گے | ء ك ل | اَکلِ حَلَال، مَاکُول، مَاکُولَات |

فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ

میں سے نکلتا ہے ﴿٦٤﴾ جس کے خوشے شیطانوں کے سروں جیسے ہوتے ہیں ﴿٦٥﴾ (جہنمی) اسی درخت میں سے کھائیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْهَا | مِنْ ہَا | اس میں سے | | مِنْ وعَنْ، مِنْ جُملَہ، مِنْ حَیْثُ الْقَوم |
| | فَمَالِـُٔوْنَ | فَ مَا لِ ءُ وْنَ | پھر بھرلیں گے | م ل ء | |
| | مِنْهَا | مِنْ ہَ | اس سے | | مِنْ وعَنْ، مِنْ جُملَہ، مِنْ حَیْثُ الْقَوم |
| | الْبُطُوْنَ ؕ ۶۶ | لْ بُ طُوْنَ | (اپنے) پیٹ | ب ط ن | بَطنِ وَادی، بَطنِ مَریَم، بَطنِ مَادر |
| ۶۷ | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے | | |
| | عَلَيْهَا | عَ لَا ئِ ہَا | اس کے اوپر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | لَشَوْبًا | لَ شَا ؤ بَ | یقیناً ملاوٹ (آمیزش) ہوگی | ش و ب | |
| | مِّنْ حَمِيْمٍ ۚ ۶۷ | م مِنْ حَ مِیْ م | گرم (کھولتے ہوئے) پانی کی | ح م م | حَمِیم (گرم)، حُمّٰی (بخار)، گرم حمام |

مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ؕ ۶۶ ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ۚ ۶۷

گے اور اسی سے پیٹ بھریں گے ۶۶ پھر اس پر گرم جلتے جلتے پانی کی ملونی (آمیزش) ہوگی ۶۷

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶۸ | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | مَرْجِعَهُمْ | مَرْ جِ عَ ہُمْ | ان کا لوٹنا ہوگا | ر ج ع | رَاجِع، مَرجَع، رُجُوع کرنا (باربار پلٹنا) |
| | لَاِلَى الْجَحِيْمِ ۶۸ | لَ اِلَلْ جَ حِیْ م | یقیناً جہنم کی طرف | ج ح م | جَحِیم (جہنم کا نام ہے) |
| ۶۹ | اِنَّهُمْ | اِن نَ ہُمْ | بلاشبہ | | |
| | اَلْفَوْا | اَلْ فَوْ | انہوں نے پایا | ء ل ف | اُلفت، تَالِیفِ قَلب، مَالُوف |
| | اٰبَآءَهُمْ | آ بَا...ءَ ہُمْ | اپنے باپ دادا کو | ء ب و | آبَاؤاَجداد، اِسکے آباء، آبائی عَلاقہ |
| | ضَآلِّيْنَ ۙ ۶۹ | ضَا...ل لِیْ نَ | گمراہ | ض ل ل | ضَلَالَت (گمراہی)، ضَلالت وگمراہی |

check



| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٧٠ | فَهُمْ | فَ ہُمْ | اور وہ | | |

ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿٦٨﴾ اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿٦٩﴾ فَهُمْ

پھر ان سب کا لوٹنا جہنم کی (آگ کے ڈھیر کی) طرف ہوگا ﴿٦٨﴾ یقین مانو! کہ انہوں نے اپنے باپ دادا کو بہکا ہوا پایا ﴿٦٩﴾ اور یہ انہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ | عَ لَآ .. آ ثَا رِ ہِمْ | ان کے قدموں کے نشانات پر | ء ث ر | اَثر، اَثر و رُسوخ، آثارِ قدیمہ |
| | يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ | یُ ہْ رَ عُوْ نَ | دوڑے جاتے ہیں | ھ ر ع | |
| ٧١ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | سَیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | ضَلَّ | ضَلْ لَ | گمراہ ہوئے | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت و گمراہی |
| | قَبْلَهُمْ | قَبْ لَ ہُمْ | ان سے پہلے | ق ب ل | قَبل اس کے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام |
| | اَكْثَرُ | اَ کْ ثَ رُ | بہت سے | ك ث ر | خیر کثیر، کثرت، اکثر، کثیر لوگ |
| | الْاَوَّلِيْنَ ﴿٧١﴾ | لْ اَوْ وَ لِیْ نَ | اگلے لوگ | ء و ل | اَوّل، اُولیٰ، اَوائل، اَوّل و آخر |
| ٧٢ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | سَیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | اَرْسَلْنَا | اَرْ سَلْ نَا | ہم نے بھیجے | ر س ل | مُحمدٌ رَّسُولُ اللہ ﷺ، رَسُولِ مُعظّم، رِسالتِ مُحمدیہ، رُسُل |

عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٧١﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

کے نشان قدم پر دوڑتے رہے ﴿٧٠﴾ ان سے پہلے بھی بہت سے اگلے بہک چکے ہیں ﴿٧١﴾ جن میں ہم نے ڈرانے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْهِمْ | فِیْ ہِمْ | ان میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾ | مُنْ ذِ رِیْ نَ | ڈرانے والے | ن ذ ر | نذیر و بشیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| ٧٣ | فَانْظُرْ | فَنْ ظُرْ | پھر آپ دیکھیے | ن ظ ر | نظر، نظارہ، منظر، ناظرین |
| | كَيْفَ | کَ اَیْ فَ | کیسا | ك ى ف | کیفیّت، بہرکیف، کیف حالک |
| | كَانَ | کَا نَ | ہوا | ك و ن | |
| | عَاقِبَةُ | عَا قِ بَ ةُ | انجام | ع ق ب | عالمِ عُقبیٰ، ناعاقبت اندیش، عقوبت خانہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾ لا | اَلْ مُنْ ذَ رِ یْن | ان کا جنہیں ڈرایا گیا؟ | ن ذ ر | نذیر وبشیر، انذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| ٧٤ | اِلَّا | اِل لَا | سوائے | | اِلَّا ما شاءاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | عِبَادَ | عِ بَا دَ | بندوں کے | ع ب د | عَبد، عبادت، عابد، عبادُاللہ |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |

فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾ لا اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ

والے (رسول) بھیجے تھے ﴿٧٢﴾ اب تو دیکھ لے کہ جنہیں دھمکایا گیا تھا ان کا انجام کیسا کچھ ہوا ﴿٧٣﴾ سوائے اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٧٤﴾ ع | اَلْ مُ خْ لَ صِیْ ن | جو خالص کئے (چنے) ہوئے ہیں | خ ل ص | خالص، مُخلِص، اخلاص |
| ٧٥ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | عدل وانصاف، قول وقرار، مکروفریب |
| | نَادٰىنَا | نَا دَا نَا | ہمیں پکارا | ن د و | ندا آئی، مُنادی کرنا، ندائے مِلّت |
| | نُوْحٌ | نُوْ حُنْ | نوح نے | | حضرت نوح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | فَلَنِعْمَ | فَ لَ نِ عْ مَ | تو یقیناً (ہم) خوب | ن ع م | |
| | الْمُجِيْبُوْنَ ﴿٧٥﴾ صلے | اَلْ مُ جِیْ بُوْ ن | قبول کرنے والے ہیں (فریاد کو) | ج و ب | ایجاب وقبول، مُجیبُ الدّعوات، مُستجابُ الدّعوات، اجابتِ دُعا |
| ٧٦ | وَنَجَّيْنٰهُ | وَ نَ جْ جَایْ نَا هُ | اور ہم نے اسے نجات دی | ن ج و | نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ |
| | وَاَهْلَهٗ | وَ اَ هْ لَ هُوْ | اور اس کے اہل وعیال کو | ء ہ ل | اہل وعیال، اہلِ خانہ، اہلِ بیت |

ع ٢ ٥٢ ٢ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٧٤﴾ ع وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿٧٥﴾ صلے وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ

بندوں کے ﴿٧٤﴾ اور ہمیں نوح (علیہ السلام) نے پکارا تو (دیکھ لو) ہم کیسے اچھے دعا قبول کرنے والے ہیں ﴿٧٥﴾ ہم نے اسے اور اس کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الْكَرْبِ | مِ نَلْ کَ رْ بِ | پریشانی سے | ک ر ب | کربلا، کرب وبلا، کرب میں مبتلا |
| | الْعَظِيْمِ ﴿٧٦﴾ صلے | اَلْ عَ ظِیْ م | بہت بڑی | ع ظ م | عظیم، اعظم، عظمت، وزارتِ عُظمٰی |
| ٧٧ | وَجَعَلْنَا | وَ جَ عَلْ نَا | اور ہم نے کر دیا | ج ع ل | جعلی، جعل سازی، جعلی نوٹ، جعلی مقابلہ، جعلی کاغذات |
| | ذُرِّيَّتَهٗ | ذُ رْ رِیْ یَ تَ هُوْ | اس کی اولاد کو | ذ ر ر | ذُرّیتِ آدم علیہ السلام، ذُرّیتِ ابلیس |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هُمُ | ہُمُ | انہی کو | | |
| | الْبٰقِيْنَ ۝٧٧ | اَل بَا قِیْ نَ | باقی رہنے والے | ب ق ی | بَاقی، بقیہ مواد، بقا، بقایا |
| ٧٨ | وَتَرَكْنَا | وَ تَ رَکْ نَا | اور ہم نے چھوڑا | ت ر ك | ترک، تارک، متروک، ترکہ |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا یْ ہِ | اس پر | | عَلَی الاعلان، عَلَی العموم |

مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝٧٦ وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ۝٧٧ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ

گھر والوں کو اس زبردست مصیبت سے بچالیا ۝٧٦ اور اس کی اولاد کو ہم نے باقی رہنے والی بنادی ۝٧٧ اور ہم نے اس کا (ذکر خیر)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝٧٨ | فِلْ آ خِ رِیْنَ | پیچھے آنے والوں میں | ء خ ر | آخرت کا دن، اُخروی کامیابی آخرت کا سفر |
| ٧٩ | سَلٰمٌ | سَ لَا مُنْ | (یہ کہنا کہ) سلام ہو | س ل م | اِسلام، مُسلم، مُسلمان، سلامتی، تسلیم |
| | عَلٰی نُوْحٍ | عَ لَا نُوْ حِنْ | نوح پر | | حضرت نُوح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝٧٩ | فِلْ عَا لَ مِیْ نَ | جہانوں میں | ع ل م | عالَمِ رنگ و بُو، عالَمِ اسلام، عالَمِ کُفر |
| ٨٠ | اِنَّا | اِن نَا | بلاشبہ ہم | | |
| | كَذٰلِكَ | کَ ذَا لِ کَ | اسی طرح | | کالعدم، کالعدم جماعت، کما حقّہٗ |
| | نَجْزِي | نَ جْ زِ | بدلہ دیتے ہیں | ج ز ی | جزا و سزا، جزائے خیر جزاک اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | الْمُحْسِنِيْنَ ۝٨٠ | اَلْ مُ حْ سِ نِیْ نَ | نیکی کرنے والوں کو | ح س ن | حُسن، اِحسان، مُحسن، مُحسنات |

فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝٧٨ سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝٧٩ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝٨٠

پچھلوں میں باقی رکھا ۝٧٨ نوح (علیہ السلام) پر تمام جہانوں میں سلام ہو ۝٧٩ ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح بدلے دیتے ہیں ۝٨٠

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨١ | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُوْ | بے شک وہ تھا | | |
| | مِنْ عِبَادِنَا | مِنْ عِ بَا دِ نَا | ہمارے بندوں میں سے | ع ب د | عبداللہ، عِباد، عِبادُالرّحمٰن |
| | الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٨١ | اَلْ مُ x مِ نِیْ نَ | مؤمن | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، اِیمان |
| ٨٢ | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَغۡرَقۡنَا | اَ غۡ رَ قۡ نَ | ہم نے غرق کر دیا | غ ر ق | غرق ہونا، غَرِیقُ المَاء، غَرِیقِ رحمت |
| | الۡاٰخَرِيۡنَ ﴿۸۲﴾ | لۡ آ خَ رِ یۡنَ | دوسروں کو | ء خ ر | آخر، اُخریٰ، طاؤس و رُباب آخر |
| ۸۳ | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بے شک | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | مِنۡ شِيۡعَتِهٖ | مِنۡ شِیۡ عَ تِ ہِیۡ | اسی (نوح) کے گروہ سے | ش ی ع | شِیعَانِ علی، شِیعَہ (گروہ) |

اِنَّهٗ مِنۡ عِبَادِنَا الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۸۱﴾ ثُمَّ اَغۡرَقۡنَا الۡاٰخَرِيۡنَ ﴿۸۲﴾ وَاِنَّ مِنۡ شِيۡعَتِهٖ

وہ ہمارے ایمان دار بندوں میں سے تھا ﴿۸۱﴾ پھر ہم نے دوسروں کو ڈبو دیا ﴿۸۲﴾ اور اس (نوح علیہ السلام کی) تابعداری کرنے والوں میں سے (ہی)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَاِبۡرٰهِيۡمَ ﴿۸۳﴾ | لَ اِ بۡ رَا ہِیۡ مَ | یقیناً ابراہیم تھا | | حضرت ابراہیم علیہ السلام (نبی کا نام) |
| ۸۴ | اِذۡ | اِ ذۡ | جب | | |
| | جَآءَ | جَا...ءَ | وہ آیا | ج ی ء | |
| | رَبَّهٗ | رَب بَ ہُوۡ | اپنے رب کے پاس | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | بِقَلۡبٍ | بِ قَ لۡ بِ | دل کے ساتھ | ق ل ب | قلب، قُلوب، قلبی تعلق، قلبِ اَطہر |
| | سَلِيۡمٍ ﴿۸۴﴾ | سَ لِیۡ مِ | پاک صاف | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سلامتی، تسلیم |
| ۸۵ | اِذۡ | اِ ذۡ | جب | | |
| | قَالَ | قَا لَ | اس نے کہا | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لِاَبِيۡهِ | لِ اَ بِیۡ ہِ | اپنے باپ سے | ء ب و | آبا و اَجداد، اِسکے آباء، آبائی علاقہ |
| | وَقَوۡمِهٖ | وَ قَوۡ مِ ہِیۡ | اور اپنی قوم (سے): | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | مَاذَا | مَا ذَا | کس چیز کی | | |

وقف لازم

لِاِبۡرٰهِيۡمَ ﴿۸۳﴾ اِذۡ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلۡبٍ سَلِيۡمٍ ﴿۸۴﴾ اِذۡ قَالَ لِاَبِيۡهِ وَقَوۡمِهٖ مَاذَا

ابراہیم (علیہ السلام بھی) تھے ﴿۸۳﴾ جبکہ اپنے رب کے پاس بے عیب دل لائے ﴿۸۴﴾ انہوں نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا کہ تم کیا کس چیز کی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَعۡبُدُوۡنَ ﴿۸۵﴾ ج | تَ عۡ بُ دُوۡ نَ | تم عبادت کرتے ہو؟ | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابِد، عِبادُ اللہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨٦ | أَئِفْكًا | اَ ءِ فْ كَنْ | پھر کیا جھوٹے گھڑے ہوئے | ء ف ك | واقعہ اِفک (جھوٹا) |
| | آلِهَةً | آ لِ ہَ تَنْ | معبودوں کو | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | دُونَ | دُوْ نَ | سوا | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | تُرِيدُونَ ﴿٨٦﴾ | تُ رِیْ دُوْ نَ | تم چاہتے ہو؟ | ر و د | پُختہ اِرادہ، اِرادت، مُرِید صادِق |
| ٨٧ | فَمَا | فَ مَا | پھر کیا | | |
| | ظَنُّكُمْ | ظَنْ نُ کُ مْ | خیال ہے تمہارا | ظ ن ن | ظَن، حُسنِ ظَن، سُوءِ ظَن، بدظَن |
| | بِرَبِّ | بِ رَبْ بِ | پروردگار | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمِین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | الْعٰلَمِينَ ﴿٨٧﴾ | لْ عَا لَ مِیْ نْ | دونوں جہانوں کے<br>(کی نسبت؟) | ع ل م | عالَمِ رنگ و بُو، عالَمِ اسلام، عالَمِ کفر |

تَعْبُدُونَ ﴿٨٥﴾ أَئِفْكًا آلِهَةً دُونَ اللّٰهِ تُرِيدُونَ ﴿٨٦﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿٨٧﴾

عبادت کر رہے ہو؟ ﴿٨٥﴾ کیا تم اللہ تعالیٰ کے سوا گھڑے ہوئے معبود چاہتے ہو؟ ﴿٨٦﴾ تو یہ (بتلاؤ کہ) تم نے رب العالمین کو کیا سمجھ رکھا ہے؟ ﴿٨٧﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨٨ | فَنَظَرَ | فَ نَ ظَ رَ | پھر اس نے دیکھا | ن ظ ر | نَظر، نَظارہ، مَنظر، ناظِرین |
| | نَظْرَةً | نَ ظْ رَ تَنْ | ایک نظر دیکھنا | ن ظ ر | نَظر، نَظارہ، مَنظر، ناظِرین |
| | فِي النُّجُومِ ﴿٨٨﴾ | فِنْ نُ جُوْ مْ | ستاروں کی طرف | ن ج م | نَجم، عِلمِ نُجوم (ستارے)، انجم |
| ٨٩ | فَقَالَ | فَ قَا لَ | پھر کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | إِنِّي | اِنْ نِیْ | بے شک میں | | |
| | سَقِيمٌ ﴿٨٩﴾ | سَ قِیْ مْ | بیمار ہوں | س ق م | سُقم ہونا، سَقیم (بیمار) |
| ٩٠ | فَتَوَلَّوْا | فَ تَ وَلْ لَوْ | چنانچہ وہ واپس چلے گئے | و ل ی | |
| | عَنْهُ | عَنْ هُ | اس سے | | |
| | مُدْبِرِينَ ﴿٩٠﴾ | مُ دْ بِ رِیْ نْ | پیٹھ پھیرتے ہوئے | د ب ر | دُبرِ صلوٰۃ، اَدبارِ زمانہ، دُبر (پیٹھ) |

| عام زبان میں استعمال | عربی مادہ | ترجمہ | اردو تلفظ | قرآنی الفاظ | آیت نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | ر و غ | تو وہ متوجہ ہوا | فَ رَا غَ | فَرَاغَ | ۹۱ |

فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُومِ ﴿۸۸﴾ فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ ﴿۸۹﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ﴿۹۰﴾ فَرَاغَ

اب ابراہیم نے ایک نگاہ ستاروں کی طرف اٹھائی ﴿۸۸﴾ اور کہا میں تو بیمار ہوں ﴿۸۹﴾ اس پر وہ سب اس سے منہ موڑے ہوئے واپس چلے گئے ﴿۹۰﴾ آپ انکے

| عام زبان میں استعمال | عربی مادہ | ترجمہ | اردو تلفظ | قرآنی الفاظ | آیت نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ | | کی طرف | اِلَا.. | اِلٰٓى | |
| اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین | ء ل ہ | ان کے معبودوں | آ لِ ہَ تِ ہِمْ | اٰلِهَتِهِمْ | |
| قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقولہ | ق و ل | تو اس نے کہا: | فَ قَا لَ | فَقَالَ | |
| اَکلِ حلَال، مَاکُول، مَاکُولَات | ء ك ل | کیا تم کھاتے نہیں؟ | اَلَا تَ x کُ لُو ن | اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۹۱﴾ | |
| | | کیا ہے | مَا | مَا | ۹۲ |
| | | تمہیں | لَ کُ مْ | لَكُمْ | |
| حَیوَانِ نَاطِق (انسان) نُطقِ لِسانی | ن ط ق | تم بولتے نہیں؟ | لَا تَنْ طِ قُو ن | لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾ | |
| | ر و غ | پھر متوجہ ہوا | فَ رَا غَ | فَرَاغَ | ۹۳ |
| عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم | | ان پر | عَ لَا ئِ ہِمْ | عَلَيْهِمْ | |
| ضَربُ المَثَل، ضَارِب، مِضرَاب | ض ر ب | مارتا ہوا | ضَ رْ بَمْ | ضَرْبًا | |

اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۹۱﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا

معبودوں کے پاس گئے اور فرمانے لگے تم کھاتے کیوں نہیں؟ ﴿۹۱﴾ تمہیں کیا ہو گیا کہ بات تک نہیں کرتے ہو ﴿۹۲﴾ پھر تو (پوری قوت کیساتھ) دائیں ہاتھ سے

| عام زبان میں استعمال | عربی مادہ | ترجمہ | اردو تلفظ | قرآنی الفاظ | آیت نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| یَمین ویَسار، یُمنیٰ یُسریٰ، اُمّ اَیمَن | ی م ن | دائیں ہاتھ سے | بِلْ یَ مِیْ ن | بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾ | |
| قِبلَہ، مَدِّ مُقابِل، مُتَقابِل، تَقابُل | ق ب ل | پھر وہ آئے | فَ اَقْ بَ لُو.. | فَاَقْبَلُوْٓا | ۹۴ |
| رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ | | اس کی طرف | اِلَا ئِ ہِ | اِلَيْهِ | |
| | ز ف ف | دوڑتے ہوئے | یَ زِ فُّو ن | يَزِفُّوْنَ ﴿۹۴﴾ | |
| قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقولہ | ق و ل | اس نے کہا: | قَا لَ | قَالَ | ۹۵ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | اَتَعْبُدُوْنَ | اَ تَ عْ بُ دُوْ نَ | کیا تم عبادت کرتے ہو | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابِد، مَعبُود |
| | مَا | مَا | ان کی جنہیں | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجِرَہ |
| | تَنْحِتُوْنَ ۙ﴿۹۵﴾ | تَنْ حِ تُوْ نَ | تم خود تراشتے ہو؟ | ن ح ت | |
| ۹۶ | وَ | وَ | جبکہ | | شِیر وشَکر، شَب و روز، اُمید و رَجا |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾ فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿۹۴﴾ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ۙ﴿۹۵﴾ وَاللّٰهُ

انہیں مارنے پر پل پڑے ﴿۹۳﴾ وہ دوڑے بھاگے آپ کی طرف متوجہ ہوئے ﴿۹۴﴾ تو آپ نے فرمایا تم انہیں پوجتے ہو جنہیں تم تراشتے ہو ﴿۹۵﴾ حالانکہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | خَلَقَكُمْ | خَ لَ قَ كُ مْ | ہی نے تمہیں پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خَلقَت |
| | وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ | وَ مَا تَ عْ مَ لُوْ نَ | اور اسے بھی جو تم کرتے ہو | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| ۹۷ | قَالُوا | قَا لُ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | ابْنُوْا | بْ نُوْ | تم بناؤ | ب ن ی | بُنیانِ مَرصُوص، بَنانا، بَناؤ، بَنایا |
| | لَهٗ | لَ هُوْ | اس کے لئے | | |
| | بُنْيَانًا | بُنْ يَا نَنْ | ایک عمارت | ب ن ی | بُنیانِ مَرصُوص، بَنانا، بَناؤ، بَنایا |
| | فَاَلْقُوْهُ | فَ اَلْ قُوْ هُ | (اس میں آگ جلاؤ) پھر اس کو ڈال دو | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | فِى الْجَحِيْمِ ﴿۹۷﴾ | فِلْ جَ حِیْ مِ | دہکتی آگ میں | ج ح م | جَحِیم (جہنم کا نام ہے) |

خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِى الْجَحِيْمِ ﴿۹۷﴾

تمہیں اور تمہاری بنائی ہوئی چیزوں کو اللہ تعالیٰ ہی نے پیدا کیا ہے ﴿۹۶﴾ وہ کہنے لگے اس کیلئے ایک مکان بناؤ اور اس آگ میں اسے ڈال دو ﴿۹۷﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ۹۸ | فَاَرَادُوْا | فَ اَ رَا دُوْ | چنانچہ انہوں نے ارادہ کیا | ر و د | پُختہ اِرادہ، اِرادت، مُرِیدِ صَادِق |
| | بِهٖ | بِ هِیْ | اس کے ساتھ | | |
| | كَيْدًا | كَ ئِیْ دَنْ | ایک چال چلنے کا | ك ی د | کَائِد، مَکائِد (مکار) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | فَجَعَلْنٰهُمُ | فَ جَ عَلْ نَا هُمُ | تو ہم نے انہی کو کر دیا | ج ع ل | جعلی، جعل سازی، جعلی نوٹ جعلی مُقابلہ، جعلی کا غذات |
| | الْاَسْفَلِيْنَ ﴿٩٨﴾ | لْ اَسْ فَ لِیْ نَ | سب سے نیچا | س ف ل | سُفلی علم، سُفلی عمل، اَسفل، سُفلیٰ |
| ٩٩ | وَقَالَ | وَ قَا لَ | اور اس نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اِنِّیْ | اِن نِیْ | بے شک میں | | |
| | ذَاهِبٌ | ذَا هِ بُنْ | جانے والا ہوں | ذ ھ ب | ذاہب (جانے والا)، مَذہبیّت، ذہاب، مَذہب، بَین المذاہب |
| | اِلٰی رَبِّیْ | اِلَا رَب بِیْ | اپنے رب کی طرف | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |

فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿٩٨﴾ وَقَالَ اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیْ

انہوں نے تو اس (ابراہیم علیہ السلام) کے ساتھ مکر کرنا چاہا لیکن ہم نے انہی کو نیچا کر دیا ﴿٩٨﴾ اور اس (ابراہیم علیہ السلام) نے کہا میں تو ہجرت کر کے اپنے رب کی طرف

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | سَيَهْدِيْنِ ﴿٩٩﴾ | سَ یَ هْ دِ یْنِ | وہ ضرور میری راہنمائی کرے گا | ھ د ی | ہدایت، ہادیٔ عالم، ہادیٔ کائنات |
| ١٠٠ | رَبِّ | رَب بِ | اے میرے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | هَبْ لِیْ | هَبْ لِیْ | تو مجھے (لڑکا) عطا فرما! | و ھ ب | ہبہ کرنا، واہب، عبدُالوہاب وَہّاب (اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام) |
| | مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠٠﴾ | مِ نَص صَا لِ حِیْ نَ | نیکوں میں سے | ص ل ح | صالحین، صُلحاء، اَعمالِ صالح |
| ١٠١ | فَبَشَّرْنٰهُ | فَ بَش شَرْ نَا هُ | تو ہم نے اسے خوشخبری دی | ب ش ر | بشارت، مُبشّر، بَشیر، بُشریٰ |
| | بِغُلٰمٍ | بِ غُ لَا مِنْ | ایک لڑکے کی | غ ل م | غُلام، غِلمان، غلام علی (نام) |
| | حَلِيْمٍ ﴿١٠١﴾ | حَ لِیْ مِنْ | بُردبار | ح ل م | حَلیم (اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام) حِلم وبُردباری، حلیمُ الطبع، حلیمی |
| ١٠٢ | فَلَمَّا | فَ لَمْ مَا | چنانچہ جب | | ماحول، مافوقُ الفطرت، ماجرہ |
| | بَلَغَ | بَ لَ غَ | وہ (لڑکا) پہنچ گیا | ب ل غ | بالغ، بُلوغت، ابلاغِ عامہ، مُبلّغ |

سَيَهْدِيْنِ ﴿٩٩﴾ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠٠﴾ فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿١٠١﴾

جانے والا ہوں، وہ ضرور میری رہنمائی کریگا ﴿٩٩﴾ اے میرے رب! مجھے نیک بخت اولاد عطا فرما ﴿١٠٠﴾ تو ہم نے اسے ایک بردبار بچے کی بشارت دی ﴿١٠١﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | مَعَهٗ | مَ عَ هٗ | اس کے ساتھ | | مع اہل وعیال، مَعیّت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | السَّعْيَ | س سَ عْ يَ | بھاگ دوڑ (کی عمر) کو | س ع ی | سَعیِ لَاحاصِل، سَعیِ بِسیار، سَعی بَینَ الصَّفا والمَروۃ |
| | قَالَ | قَا لَ | تو اس (ابراہیم) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | يٰبُنَيَّ | يَا بُ نَا ئِ يَ | اے میرے پیارے بیٹے! | ب ن و | اِبنِ سینا، اَبناء، اَبنائے مَدرَسہ، بَنُون |
| | اِنِّيْٓ | اِن نِيْ.. | بے شک میں | | |
| | اَرٰى | اَ رَا | دیکھتا ہوں | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہِلَال، غَیرِمَرئی |
| | فِي الْمَنَامِ | فِلْ مَ نَا مِ | خواب میں | ن و م | نَومُ العُروس (دُلہن کی نیند) اَلصَّلٰوۃُ خَیرٌمِّنَ النَّوم (نماز نیند سے بہتر) |
| | اَنِّيْٓ | اَن نِيْ.. | کہ بے شک میں | | |
| | اَذْبَحُكَ | اَ ذْ بَ حُ كَ | تجھے ذبح کر رہا ہوں | ذ ب ح | ذَبح کرنا، ذَبح، مَذبَح، ذَبیح |
| | فَانْظُرْ | فَنْ ظُ رْ | اب تو دیکھ | ن ظ ر | نَظر، نَظارہ، مَنظر، ناظِرین |

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ

پھر جب وہ (بچہ) اتنی عمر کو پہنچا کہ اسکے ساتھ چلے پھرے، تو اس (ابراہیم) نے کہا میرے پیارے بچے! میں خواب میں اپنے آپ کو تجھے ذبح کرتے ہوئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَاذَا تَرٰى ؕ | مَا ذَا تَ رَا | تیری رائے کیا ہے؟ | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہِلَال، غَیرِمَرئی |
| | قَالَ | قَا لَ | اس (بیٹے) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | يٰٓاَبَتِ | يَا.. اَ بَ تِ | اے میرے ابا جان! | ء ب و | آباؤاَجداد، اِسکے آباء، آبائی عَلاقہ |
| | افْعَلْ | فْ عَ لْ | آپ کر گزریے | ف ع ل | فِعل، اَفعال، فَاعِل، مَفعُول |
| | مَا | مَا | جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافَوقَ الفِطرت، مَاتَحت |
| | تُؤْمَرُ ز | تُ x مَ رُ | آپ کو حکم دیا جاتا ہے | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | سَتَجِدُنِيْٓ | سَ تَ جِ دُ نِيْ.. | یقیناً آپ مجھے پائیں گے | و ج د | وَجد، وَجدَان، وَاجِد (نام)، مَوجُود |
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شَاءَاللہ |
| | شَآءَ | شَا...ءَ | چاہا | ش ی ء | اِن شَاءَاللہ، مَاشَاءَاللہ، مَشیتِ اِلٰہی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العٰلَمِین |
| | مِنَ | مِ نَ | سے | | مِنْ وعَنْ، مِنْ جُملَہ، مِنْ حَیْثُ الْقَوم |

مَاذَا تَرٰى ؕ قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۡ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ

دیکھ رہا ہوں، اب تو بتا کہ تیری کیا رائے ہے؟ بیٹے نے جواب دیا کہ ابا! جو حکم ہوا ہے اسے بجا لائیے ان شاءاللہ آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾ | ص صَا بِ رِ یْنَ | صبر کرنے والوں میں | ص ب ر | صَبر، صَابر، صَبُور، صَابرین |
| ١٠٣ | فَلَمَّآ | فَ لَمْ مَا.. | پھر جب | | مَا حَول، مَا فَوقُ الفِطرَت، مَا جَرَہ |
| | اَسْلَمَا | اَ سْ لَ مَا | وہ دونوں مطیع ہو گئے | س ل م | اِسلَام، مُسلِم، مُسلمان، سَلَامتی، تَسلِیم |
| | وَتَلَّهٗ | وَ تَلْ لَ ھُو | اور اس نے اسے لٹا دیا | ت ل ل | شِیر و شکر، شَب و روز، اُمید و رَجا |
| | لِلْجَبِيْنِ ﴿١٠٣﴾ | لِلْ جَ بِیْ نِ | پیشانی کے بل | ج ب ن | جَبِینِ نِیاز جھکانا، جَبِیں (نام) |
| ١٠٤ | وَنَادَيْنٰهُ | وَ نَا دَا ئْ نَا هُ | اور ہم نے اسے پکارا | ن د و | نِدا آئی، مُنَادی کرنا، نِدائے مِلَّت |
| | اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿١٠٤﴾ | آ ئِیْں یَا.. اِبْ رَا ہِیْ مُ | کہ اے ابراہیم! | | حضرت ابراہیم علیہ السلام نبی کا نام |
| ١٠٥ | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | ص د ق | صَادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |

الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾ فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ﴿١٠٣﴾ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿١٠٤﴾ قَدْ

گے ﴿١٠٢﴾ غرض جب دونوں مطیع ہو گئے اور اس نے (باپ نے) اس کو (بیٹے کو) پیشانی کے بل گرا دیا ﴿١٠٣﴾ تو ہم نے آواز دی کہ اے ابراہیم! ﴿١٠٤﴾ یقیناً

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | صَدَّقْتَ | صَ دْ دَقْ تَ | تو نے سچ کر دکھایا | ص د ق | صَادِق، صِدِّیق، مُصَدِّق، صِدق |
| | الرُّءْيَا ۚ | رُ x یَا | اپنا خواب | ر ء ی | رِیَا، رُوْیَا، رُؤیتِ ہِلَال، غَیر مَرئی |
| | اِنَّا | اِن نَا | بے شک ہم | | |
| | كَذٰلِكَ | کَ ذَا لِ کَ | اسی طرح | | کَالعَدَم، کَالعدم جماعت، کَمَا حَقُّہٗ |
| | نَجْزِي | نَ جْ زِ | بدلہ دیتے ہیں | ج ز ی | جَزا و سَزا، جَزائے خَیر، جَزَاکَ اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٠٥﴾ | لْ مُ حْ سِ نِیْ نَ | نیکی کرنے والوں کو | ح س ن | حُسن، اِحسَان، مُحسِن، مُحسِنَات |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٠٦ | إِنَّ | اِ ن نَ | بلاشبہ | | |
| | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ | | مَسْجِدُ ہٰذَا، حَامِلُ رُقْعَہ ہٰذَا، لِہٰذَا |
| | لَهُوَ | لَ ہُ وَ | یقیناً یہی ہے | | |
| | الْبَلٰٓؤُا | لْ بَ لَا...ءُ | آزمائش | ب ل و | بَلا، مُبتلا، دَورِ اِبتلاء و آزمائش |

صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ إِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿١٠٥﴾ إِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا

تو نے اپنے خواب کو سچا کر دکھایا، بیشک ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں ﴿١٠٥﴾ درحقیقت یہ کھلا امتحان

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُبِينُ ﴿١٠٦﴾ | لْ مُ بِیْ نُ | کھلی | ب ی ن | بَیان، مُبَیّنہ طور پر، دَلیلِ بَیّن |
| ١٠٧ | وَفَدَيْنٰهُ | وَ فَ دَا ئْ نَا ہُ | اور ہم نے اس (اسماعیل) کو فدیے میں دیا | ف د و | فِدا ہونا، فِدیہ دینا، فِدائی |
| | بِذِبْحٍ | بِ ذِ بْ حِنْ | ذبح کرنے کو | ذ ب ح | ذَبح کرنا، ذَبح، مَذبَح، ذَبیح |
| | عَظِيمٍ ﴿١٠٧﴾ | عَ ظِیْ م | ایک عظیم (جانور) کے | ع ظ م | عَظیم، اَعظَم، عَظمت، وزارتِ عُظمیٰ |
| ١٠٨ | وَتَرَكْنَا | وَ تَ رَ کْ نَا | اور ہم نے چھوڑا | ت ر ك | تَرک، تارِک، مَتروک، تَرکہ |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئْ ہِ | اس پر | | عَلیٰ وَجہِ البَصیرت، عَلَی الاِعلان |
| | فِي الْاٰخِرِينَ ﴿١٠٨﴾ | فِلْ آ خِ رِیْنَ | پچھلے لوگوں میں | ء خ ر | آخرت، اَخیر، آخر، اُخروی زندگی |
| ١٠٩ | سَلٰمٌ | سَ لَا مُنْ | (یہ کہنا کہ) سلام ہو | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سلامتی، تسلیم |
| | عَلٰٓى | عَ لَا.. | پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |

الْمُبِينُ ﴿١٠٦﴾ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيمٍ ﴿١٠٧﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِينَ ﴿١٠٨﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى

تھا ﴿١٠٦﴾ اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ اس کے فدیہ میں دے دیا ﴿١٠٧﴾ اور ہم نے ان کا ذکر خیر پچھلوں میں باقی رکھا ﴿١٠٨﴾ سلام ہو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | إِبْرٰهِيمَ ﴿١٠٩﴾ | اِ بْ رَا ہِیْ م | ابراہیم | | حضرت ابراہیم علیہ السلام (نبی کا نام) |
| ١١٠ | كَذٰلِكَ | کَ ذَا لِ کَ | اسی طرح | | کَالعدم، کَالعدم جماعت، کَمَاحَقُّہٗ |
| | نَجْزِي | نَ جْ زِ | ہم بدلہ دیتے ہیں | ج ز ی | جزا و سزا، جزائے خیر، جَزَاکَ اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١١٠﴾ | لْ مُ حْ سِ نِيْ نَ | نیکی کرنے والوں کو | ح س ن | حَسن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |
| ١١١ | اِنَّهٗ | اِن نَ هُوْ | بے شک وہ | | |
| | مِنْ عِبَادِنَا | مِنْ عِ بَا دِ نَا | ہمارے بندوں میں سے تھا | ع ب د | عَبدُاللہ، عِباد، عِبَادُ الرَّحمٰن |
| | الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١١﴾ | لْ مُ x مِ نِيْ نَ | مؤمن | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، اِیمان |
| ١١٢ | وَبَشَّرْنٰهُ | وَ بَشْ شَ رْ نَا هُ | اور ہم نے اسے خوشخبری دی | ب ش ر | بَشارت، مُبَشِّر، بَشیر، بُشریٰ |

اِبْرٰهِيْمَ ﴿١٠٩﴾ كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١١٠﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١١﴾ وَبَشَّرْنٰهُ

ابراہیم (علیہ السلام) پر ﴿١٠٩﴾ ہم نیکوکاروں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں ﴿١١٠﴾ بیشک وہ ہمارے ایمان دار بندوں میں سے تھا ﴿١١١﴾ اور ہم نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاِسْحٰقَ | بِ اِسْ حَا قَ | اسحاق (بیٹے) کی | | حضرت اسحاق علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | نَبِيًّا | نَ بِیْ یَ | اس حال میں کہ وہ نبی ہوگا | ن ب ء | نَبی، اَنبیاء، خَتمِ نُبوت، اَنباء (سعودی چینل) |
| | مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١١٢﴾ | مِ مِنَ صْ صَا لِ حِيْ نَ | نیکوں میں سے | ص ل ح | صالحین، صُلحاء، اَعمالِ صالح |
| ١١٣ | وَبٰرَكْنَا | وَ بَا رَكْ نَا | اور ہم نے برکت (نازل) کی | ب ر ك | بَرکت، بَرکات، مُبارک باد |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِ هِ | اس (ابراہیم) پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ | وَ عَ لَا.. اِسْ حَا قَ | اور اسحاق پر | | حضرت اسحاق علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا | وَ مِنْ ذُ رْ رِیْ یَ تِ هِ مَا | اور ان دونوں کی اولاد میں سے | ذ ر ر | ذُرِّیَّتِ آدم علیہ السلام، ذُرِّیَّتِ اِبلیس |

بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١١٢﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا

اسکو اسحاق (علیہ السلام) نبی کی بشارت دی جو صالح لوگوں میں سے ہوگا ﴿١١٢﴾ اور ہم نے ابراہیم واسحاق (علیہما السلام) پر برکتیں نازل فرمائیں، اور ان دونوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُحْسِنٌ | مُ حْ سِ نُنْ | کوئی نیکی کرنے والا ہے | ح س ن | حَسن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |
| | وَّظَالِمٌ | وَ ظَا لِ مُنْ | اور کوئی ظلم کرنے والا ہے | ظ ل م | ظُلم، ظالم، مَظلوم، ظالمین |
| | لِّنَفْسِهٖ | لْ لِ نَفْ سِ هِیْ | اپنے آپ پر | ن ف س | نفس، اَنفُس، نفسا نفسی، مُتنفّس |
| | مُبِيْنٌ ﴿١١٣﴾ ع | مُ بِیْ نُنْ | کھلم کھلا | ب ی ن | بیان، مُبَیَّنہ طور پر، دَلیل بَیِّن |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١١٤ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | لَیل ونَہار، رَحِیم وکَرِیم، رَنج واَلَم |
| | مَنَنَّا | مَ نَن نَا | ہم نے احسان کیا | م ن ن | مَنّ واِحسان، عَبدُالمَنّان (نام) |
| | عَلٰى مُوْسٰى | عَ لَا مُوْ سَا | موسیٰ پر | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَهٰرُوْنَ ﴿١١٤﴾ | وَ ہَا رُوْ نَ | اور ہارون | | حضرت ہارون علیہ السلام (نبی کا نام) |

مُحْسِنٌ وَّ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿١١٣﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿١١٤﴾

کی اولاد میں بعضے تو نیک بخت ہیں اور بعض اپنے نفس پر صریح ظلم کرنے والے ہیں ﴿١١٣﴾ یقیناً ہم نے موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) پر بڑا احسان کیا ﴿١١٤﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١١٥ | وَنَجَّيْنٰهُمَا | وَ نَ جْ جَا يْ نَا هُ مَا | اور ہم نے نجات دی ان دونوں کو | ن ج و | نَجات، فرقۂ ناجیہ، نَجات دَہندہ |
| | وَقَوْمَهُمَا | وَ قَا وْ مَ هُ مَا | اور ان کی قوم کو | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | مِنَ الْكَرْبِ | مِ نَلْ كَ رْ بِ | مصیبت سے | ك ر ب | کَربلا، کَرب وبَلا، کَرب میں مُبتلا |
| | الْعَظِيْمِ ﴿١١٥﴾ | لْ عَ ظِيْ مِ | بہت بڑی (بھاری) | ع ظ م | عَظِیم، اَعظَم، عَظمت، وَزارتِ عُظمیٰ |
| ١١٦ | وَنَصَرْنٰهُمْ | وَ نَ صَ رْ نَا هُمْ | اور ہم نے ان کی مدد کی | ن ص ر | نُصرت، ناصِر، مَنصُور، نَصیر |
| | فَكَانُوْا | فَ كَا نُوْ | چنانچہ ہوئے | ك و ن | |
| | هُمُ | هُمُ | وہی | | |
| | الْغٰلِبِيْنَ ﴿١١٦﴾ | لْ غَا لِ بِيْ نَ | غلبہ حاصل کرنے والے | غ ل ب | غالِب آنا، غَلبۂ اِسلام، مَغلُوب |

وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿١١٥﴾ وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿١١٦﴾

اور انہیں اور ان کی قوم کو بہت بڑے دکھ درد سے نجات دے دی ﴿١١٥﴾ اور ان کی مدد کی تو وہی غالب رہے ﴿١١٦﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١١٧ | وَاٰتَيْنٰهُمَا | وَ آ تَا يْ نَا هُ مَ | اور ہم نے ان دونوں کو دی | ء ت ی | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذِکر واذکار |
| | الْكِتٰبَ | لْ كِ تَا بَ | کتاب (تورات) | ك ت ب | کِتابِ حِکمت، کِتابُ اللہ، کِتابت |
| | الْمُسْتَبِيْنَ ﴿١١٧﴾ | لْ مُسْ تَ بِيْ نَ | واضح | ب ی ن | بَیان، مُبَیِّنہ طور پر، دَلیلِ بَیِّن |
| ١١٨ | وَهَدَيْنٰهُمَا | وَ هَ دَا يْ نَا هُ مَ | اور ہم نے ان دونوں کو ہدایت دی | ه د ی | ہِدایت، ہادیٔ عالَم، ہادیٔ کائنات |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الصِّرَاطَ | صِ صِ رَ ا طَ | راہ | ص ر ط | پُلِ صراط، صِراطِ مُستقیم (رسالہ کا نام) |
| | الْمُسْتَقِيْمَ ۚ ﴿۱۱۸﴾ | لْ مُسْ تَ قِیْ م | سیدھی کی | ق و م | اِستقامت فی الدّین، صِراطِ مُستقیم |
| ۱۱۹ | وَتَرَكْنَا | وَ تَ رَكْ نَا | اور ہم نے چھوڑا | ت ر ك | ترک، تارک، متروک، ترکہ |

**وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ۚ ﴿۱۱۷﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۚ ﴿۱۱۸﴾ وَتَرَكْنَا**

اور ہم نے انہیں (واضح اور) روشن کتاب دی ﴿۱۱۷﴾ اور انہیں سیدھے راستہ پر قائم رکھا ﴿۱۱۸﴾ اور ہم نے ان دونوں کے لئے پیچھے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهِمَا | عَ لَا یْ ہِ مَا | ان دونوں پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | فِي الْاٰخِرِيْنَ ۖ ﴿۱۱۹﴾ | فِلْ آ خِ رِ یْن | پچھلے لوگوں میں | ء خ ر | آخرت، اَخیر، آخر، اُخروی زندگی |
| ۱۲۰ | سَلٰمٌ | سَ لَا مُنْ | (یہ کہنا کہ) سلام ہو | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلامتی، تسلیم |
| | عَلٰى مُوْسٰى | عَ لَا مُوْ سَا | موسیٰ پر | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ | وَ ہَا رُوْن | اور ہارون (پر) | | حضرت ہارون علیہ السلام (نبی کا نام) |
| ۱۲۱ | اِنَّا | اِن نَا | بے شک ہم | | |
| | كَذٰلِكَ | كَ ذَا لِ كَ | اسی طرح | | کالعدم، کالعدم جماعت، کَمَا حَقُّہٗ |
| | نَجْزِي | نَ جْ زِ | بدلہ دیتے ہیں | ج ز ی | جزا و سزا، جزائے خیر<br>جزاک اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |

**عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ۖ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي**

آنے والوں میں یہ بات باقی رکھی ﴿۱۱۹﴾ کہ موسیٰ (علیہ السلام) اور ہارون (علیہ السلام) پر سلام ہو ﴿۱۲۰﴾ بے شک ہم نیک لوگوں کو اسی طرح بدلے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ | لْ مُ حْ سِ نِیْ ن | نیکی کرنے والوں کو | ح س ن | حَسن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |
| ۱۲۲ | اِنَّهُمَا | اِن نَ ہُ مَا | بلاشبہ وہ دونوں | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرت، مَاجَرہ |
| | مِنْ عِبَادِنَا | مِنْ عِ بَا دِ نَا | ہمارے بندوں میں سے تھے | ع ب د | عَبدُاللہ، عِباد، عِبادُ الرَّحمٰن |
| | الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ | لْ مُ x مِ نِیْ ن | مؤمن | ء م ن | مُؤمن لوگ، اِیمان، مُؤمن عورتیں |
| ۱۲۳ | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بے شک | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلْيَاسَ | اِلْ يَا سَ | الیاس (بھی) | | حضرت الیاس علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٢٣﴾ | لَ مِ نَلْ مُ رْ سَ لِيْ نَ | یقیناً رسولوں میں سے تھا | ر س ل | مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہ ﷺ، رَسُوْلِ مُعَظّم، رِسَالَتِ مُحَمَّدیہ، رُسُل |

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٢١﴾ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٢٢﴾ وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٢٣﴾

دیا کرتے ہیں ﴿١٢١﴾ یقیناً یہ دونوں ہمارے مؤمن بندوں میں سے تھے ﴿١٢٢﴾ بے شک الیاس (علیہ السلام) بھی پیغمبروں میں سے تھے ﴿١٢٣﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٢٤ | اِذْ | اِذْ | جب | | |
| | قَالَ | قَا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لِقَوْمِهٖٓ | لِ قَا وْ مِ ہِیْ.. | اپنی قوم سے | ق و م | قوم، اقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٢٤﴾ | اَلَا تَ تَ تَ قُوْ نَ | کیا تم ڈرتے نہیں؟ | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| ١٢٥ | اَتَدْعُوْنَ | اَ تَ دْ عُوْ نَ | کیا تم پکارتے ہو | د ع و | دُعا دینا، دعوت دینا، مدعو کرنا، دعویٰ کرنا، مُدّعی، مُدّعیہ |
| | بَعْلًا | بَ عْ لَا ؤْ ں | بعل (بُت) کو | ب ع ل | بَعْل ایک بت کا نام جس کی کافر لوگ پوجا کرتے تھے |
| | وَّتَذَرُوْنَ | وَ تَ ذَ رُوْ نَ | اور تم چھوڑ دیتے ہو | و ذ ر | |
| | اَحْسَنَ | اَ حْ سَ نَ | سب سے بہتر | ح س ن | حَسَن، اِحسان، مُحسن، مُحسنات |
| | الْخَالِقِيْنَ ﴿١٢٥﴾ | لْ خَا لِ قِيْ نَ | پیدا کرنے والے | خ ل ق | خَالِق، تخلیق، مخلوق، خلقت |

اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٢٤﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿١٢٥﴾

جبکہ انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے نہیں ہو؟ ﴿١٢٤﴾ کیا تم بعل (نامی بت) کا پکارتے ہو؟ اور سب سے بہتر خالق کو چھوڑ دیتے ہو؟ ﴿١٢٥﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٢٦ | اللّٰهَ | اَلْ لَا ہَ | (یعنی) اللہ کو | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | رَبَّكُمْ | رَبْ بَ کُ مْ | جو رب ہے تمہارا | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | وَرَبَّ | وَ رَبْ بَ | اور رب ہے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | اٰبَآئِكُمُ | آ بَا... ءِ کُ مُ | تمہارے باپ دادا کا؟ | ء ب و | آباؤ اَجداد، اِسکے آباء، آبائی علاقہ |
| | الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٢٦﴾ | لْ اَوْ وَ لِيْ نَ | پہلے | ء و ل | اَوّل، اُولیٰ، اَوائل، اَوّل و آخر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲۷ | فَكَذَّبُوْهُ | فَ کَذ ذَ بُوْ ہُ | پھر انہوں نے اسے جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کذّاب مُسیلمہ کذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | فَاِنَّهُمْ | فَ اِن نَ ہُمْ | سو یقیناً وہ (سب) | | |
| | لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ | لَ مُ حْ ضَ رُوْ نَ | ضرور حاضر کئے جائیں گے | ح ض ر | حاضری، حاضر سَروس، حضرت |

اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآىِٕكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

اللہ تعالیٰ جو تمہارا اور تمہارے اگلے تمام باپ دادوں کا رب ہے﴿۱۲۶﴾ لیکن قوم نے انہیں جھٹلایا، پس وہ ضرور (عذاب میں) حاضر رکھے جائیں گے ﴿۱۲۷﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲۸ | اِلَّا | اِل لَا | سوائے | | اِلَّا ما شآءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | عِبَادَ | عِ بَا دَ | (ان) بندوں کے | ع ب د | عَبدُاللہ، عباد، عِبادُالرّحمٰن |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ | لْ مُ خْ لَ صِیْ نَ | جو خالص کئے (چنے) ہوئے ہیں | خ ل ص | خالِص، مُخلِص، اِخلاص |
| ۱۲۹ | وَتَرَكْنَا | وَ تَ رَکْ نَا | اور ہم نے چھوڑا | ت ر ك | ترک، تارِک، متروک، ترکہ |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا یْ ہِ | اس پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۲۹﴾ | فِلْ آ خِ رِیْ نَ | پچھلے لوگوں میں | ء خ ر | آخرت، اَخیر، آخر، اُخروی زندگی |
| ۱۳۰ | سَلٰمٌ | سَ لَا مُنْ | (یہ کہنا کہ) سلام ہو | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سلامتی، تسلیم |
| | عَلٰٓى | عَ لَا.. | پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۲۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى

سوائے اللہ تعالیٰ کے مخلص بندوں کے ﴿۱۲۸﴾ ہم نے (الیاس علیہ السلام) کا ذکر خیر پچھلوں میں بھی باقی رکھا ﴿۱۲۹﴾ کہ سلام ہو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلْ يَاسِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ | اِلْ یَا سِیْ نَ | الیاسین (کے) | | حضرت الیاسین علیہ السلام (نبی کا نام) |
| ۱۳۱ | اِنَّا | اِن نَا | بے شک ہم | | |
| | كَذٰلِكَ | کَ ذَا لِ کَ | اسی طرح | | کالعدم، کالعدم جماعت، کَماحَقُّہٗ |
| | نَجْزِي | نَ جْ زِ | بدلہ دیتے ہیں | ج ز ی | جزا و سزا، جزائے خیر جَزَاکَ اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣١﴾ | لْ مُ حْ سِ نِيْ نَ | نیکی کرنے والوں کو | ح س ن | حُسن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |
| ١٣٢ | اِنَّهٗ | اِن نَ هُوْ | بے شک وہ تھا | | |
| | مِنْ عِبَادِنَا | مِنْ عِ بَا دِ نَا | ہمارے بندوں میں سے | ع ب د | عَبدُاللہ، عِباد، عِبادُالرَّحمٰن |
| | الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾ | لْ مُ x مِ نِيْ نَ | مؤمن | ء م ن | مُؤمن لوگ، ایمان، مُؤمن عورتیں |

اِلْ يَاسِيْنَ ﴿١٣٠﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣١﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾

الیاس (علیہ السلام) پر ﴿١٣٠﴾ ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں ﴿١٣١﴾ بیشک وہ ہمارے ایمان دار بندوں میں سے تھے ﴿١٣٢﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٣٣ | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بلا شبہ | | عَدل واِنصاف، قول وقرار، مکروفریب |
| | لُوْطًا | لُوْ طَ | لوط | | حضرت لوط علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٣﴾ | ل لَ مِ نَلْ مُ رْ سَ لِيْ نَ | یقیناً رسولوں میں سے تھا | ر س ل | مُحمَّدٌ رَّسُولُ اللہ ﷺ، رَسُولِ مُعظَّم رَسالتِ مُحمَّدیہ، رُسُل |
| ١٣٤ | اِذْ | اِذْ | جب | | |
| | نَجَّيْنٰهُ | نَ ج جَا يْ نَا هُ | ہم نے نجات دی اس کو | ن ج و | نَجات، فرقہ ناجِیہ، نَجات دِہندہ |
| | وَاَهْلَهٗٓ | وَ اَ ہْ لَ هُوْ.. | اور اس کے اہل کو | ء ہ ل | اَہل وعیال، اَہلِ خانہ، اَہلِ بیت |
| | اَجْمَعِيْنَ ﴿١٣٤﴾ | اَ جْ مَ عِيْ نَ | سب کو | ج م ع | جَمع، جَمیع، اِجماع، مَجمع، مجموعہ |
| ١٣٥ | اِلَّا | اِل لَا | سوائے | | اِلَّا ما شاءاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |

وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٣﴾ اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٣٤﴾ اِلَّا

بیشک لوط (علیہ السلام بھی) پیغمبروں میں سے تھے ﴿١٣٣﴾ ہم نے انہیں اور ان کے گھر والوں کو سب کو نجات دی ﴿١٣٤﴾ سوائے اس بڑھیا کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَجُوْزًا | عَ جُوْ زَ نْ | ایک بڑھیا کے | ع ج ز | عَجُوز (بڑھیا)، عاجز ہونا، عاجزی |
| | فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿١٣٥﴾ | فِلْ غَا بِ رِيْنَ | (جو تھی) پیچھے رہ جانے والوں میں | غ ب ر | غُبار، گرد و غُبار (چلنے والے کے پیچھے رہ جانیوالا غبار) |
| ١٣٦ | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | دَمَّرْنَا | دَ مْ مَ رْ نَا | ہم نے ہلاک کر دیا | د م ر | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْاٰخَرِيْنَ ١٣٦ | لْ آ خَ رِ ىْ نَ | دوسروں کو | ء خ ر | آخر، اُخریٰ، تاخیر، مُؤخّر، طاؤس و رُبابِ آخر |
| ١٣٧ | وَاِنَّكُمْ | وَ اِنْ نَ كُ مْ | اور بے شک تم | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | لَتَمُرُّوْنَ | لَ تَ مُرْ رُوْ نَ | یقیناً گزرتے ہو | م ر ر | مُرورِ زمانہ (زمانے کا گزرنا) |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِمْ | ان (کے گھروں) پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |

عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ١٣٥ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ١٣٦ وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ

جو پیچھے رہ جانے والوں میں رہ گئی ١٣٥ پھر ہم نے اوروں کو ہلاک کر دیا ١٣٦ اور تم تو صبح ہونے پر ان کی بستیوں کے پاس سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُّصْبِحِيْنَ ١٣٧ | مُ صْ بِ حِىْ نَ | صبح کے وقت | ص ب ح | عَلَی الصُّبح، صُبحِ صادِق، صُبحِ کاذِب |
| ١٣٨ | وَبِالَّيْلِ ؕ | وَ بِلْ لَا ئِ لِ | اور رات کو بھی | ل ی ل | لَیل و نہار، لَیلۃُ القدر، قِیامُ اللَّیل |
| | اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ١٣٨ ع | اَ فَ لَا تَ عْ قِ لُوْ نَ | کیا پھر تم عقل نہیں رکھتے؟ | ع ق ل | عقل، عاقل، مَعقول، عَقیل |
| ١٣٩ | وَاِنَّ | وَ اِنْ نَ | اور بے شک | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | يُوْنُسَ | يُوْ نُ سَ | یونس | | حضرت یونس علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ١٣٩ ؕ | لَ مِ نَلْ مُرْ سَ لِىْ نَ | بلاشبہ رسولوں میں سے تھا | ر س ل | مُحمّدٌ رَّسُولُ اللہ ﷺ، رَسُولِ مُعَظّم، رِسالتِ مُحمّدیہ، رُسُل |

ع ٤ ٢٥ ٨ مُّصْبِحِيْنَ ١٣٧ وَبِالَّيْلِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ١٣٨ ع وَاِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ١٣٩ ؕ

گزرتے ہو ١٣٧ اور رات کو بھی، کیا پھر بھی نہیں سمجھتے؟ ١٣٨ اور بلاشبہ یونس (علیہ السلام) نبیوں میں سے تھے ١٣٩

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٤٠ | اِذْ | اِ ذْ | جب | | |
| | اَبَقَ | اَ بَ قَ | وہ بھاگ کر گیا | ء ب ق | |
| | اِلَى الْفُلْكِ | اِ لَلْ فُ لْ كِ | کشتی کی طرف | ف ل ك | فُلک (کشتی) |
| | الْمَشْحُوْنِ ١٤٠ لا | لْ مَشْ حُوْ نِ | بھری ہوئی | ش ح ن | شَحن (کشتی یا جہاز میں سامان بھرنا) |
| ١٤١ | فَسَاهَمَ | فَ سَا ہَ مَ | پھر قرعہ اندازی کی (اہلِ کشتی نے) | س ھ م | |
| | فَكَانَ | فَ كَا نَ | تو وہ ہو گیا | ك و ن | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ۚ﴿١٤١﴾ | مِ نَلْ مُ دْ حَ ضِیْ ن | ہارنے والوں میں سے | د ح ض | |
| ١٤٢ | فَالْتَقَمَهُ | فَلْ تَ قَ مَ ہُ | چنانچہ اس کو نگل لیا | ل ق م | لُقمہ نگل لیا، لُقمۂ اَجل، لُقمۂ حلال |

اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ۙ﴿١٤٠﴾ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ۚ﴿١٤١﴾ فَالْتَقَمَهُ

جب بھاگ کر پہنچے بھری کشتی پر ﴿١٤٠﴾ پھر قرعہ اندازی ہوئی تو یہ مغلوب ہو گئے ﴿١٤١﴾ تو پھر انہیں مچھلی نے نگل لیا اور وہ خود اپنے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْحُوْتُ | لْ حُوْ تُ | مچھلی نے | ح و ت | حُوت (مچھلی کو کہتے ہیں)، حِیتان (جمع) |
| | وَهُوَ | وَ ہُ وَ | جبکہ وہ | | سیر وسیاحت، علم وحکمت، شب وروز |
| | مُلِيْمٌ ﴿١٤٢﴾ | مُ لِیْ م | (خود کو) ملامت کرنے والا تھا | ل و م | مَلامت زدہ، مَلامت کرنا |
| ١٤٣ | فَلَوْلَآ | فَ لَا وْ لَا .. | پھر اگر نہ ہوتی (یہ بات) | | لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | اَنَّهٗ | اَن نَ ہُوْ | کہ بے شک وہ | | |
| | كَانَ | کَ انَ | تھا | ك و ن | |
| | مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ۙ﴿١٤٣﴾ | مِ نَلْ مُ سَب بِ حِیْ ن | تسبیح کرنے والوں میں سے | س ب ح | سُبحان اللہ کہنا، سُبحان، تسبیح وتحمید |
| ١٤٤ | لَلَبِثَ | لَ لَ بِ ثَ | تو یقیناً وہ ٹھہرا رہتا | ل ب ث | |
| | فِيْ بَطْنِهٖٓ | فِیْ بَ طْ نِ ہِیْ .. | اس (مچھلی) کے پیٹ میں | ب ط ن | بَطنِ وادی، بَطنِ مریم، بَطنِ مادر |

الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿١٤٢﴾ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ۙ﴿١٤٣﴾ لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ

آپ کو ملامت کرنے لگ گئے ﴿١٤٢﴾ پس اگر یہ پاکی بیان کرنے والوں میں سے نہ ہوتے ﴿١٤٣﴾ تو لوگوں کے اٹھائے جانے کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلٰى يَوْمِ | اِلَا یَاوْ مِ | اس دن تک | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | يُبْعَثُوْنَ ۚ﴿١٤٤﴾ | یُبْ عَ ثُوْ ن | کہ (جس میں) لوگ زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے | ب ع ث | بِعثتِ نبوی، مَبعُوث، مَبعَث |
| ١٤٥ | فَنَبَذْنٰهُ | فَ نَ بَ ذْ نَا ہُ | پھر ہم نے اُس کو ڈال دیا | ن ب ذ | |
| | بِالْعَرَآءِ | بِلْ عَ رَا...ءِ | صاف میدان میں | ع ر ی | اَلْعَرَاء (چٹیل میدان) |
| | وَهُوَ | وَ ہُ وَ | جبکہ وہ | | شان وشوکت، صبر وتحمل، ذِکر واذکار |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سَقِيْمٌ ۝١٤٥ ج | سَ قِیْ م | بیمار تھا | س ق م | سُقم ہونا، سَقیم (بیمار) |
| ١٤٦ | وَاَنْۢبَتْنَا | وَ اَمْ بَتْ نَا | اور ہم نے اُگا دیا | ن ب ت | نَباتاتُ الارض، عِلمِ نَباتات |
| | عَلَيْهِ | عَ لَیْ ہِ | اس پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | شَجَرَةً | شَ جَ رَ تَ | ایک درخت | ش ج ر | شَجر، اَشجار، شَجَرۃُ الخُلد |

النّصف

## اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝١٤٤ ج فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ۝١٤٥ ج وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً

دن تک اس کے پیٹ میں ہی رہتے ۝١٤٤ پس انہیں ہم نے چٹیل میدان میں ڈال دیا اور وہ اس وقت بیمار تھے ۝١٤٥ اور ان پر سایہ کرنے والا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ۝١٤٦ ج | م یِنْ یَ قْ طِیْ ن | بیل دار (جیسے کدو وغیرہ) | | یَقطِین (کدّو کی بیل کو کہتے ہیں) |
| ١٤٧ | وَاَرْسَلْنٰهُ | وَ اَ رْسَلْ نَا ہُ | اور ہم نے اس کو بھیجا | ر س ل | رِسالت، رَسول، رِسالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | اِلٰى مِائَةِ | اِ لَا م ءَ ةِ | ایک سو (کی طرف) | م ء ی | اَلدَّاعِی اِلَی الخَیر، مَکتُوب اِلَیہ، مُرسَل اِلَیہ، مِائَۃٌ (گنتی میں 100 کو کہتے ہیں) |
| | اَلْفٍ | اَ لْ فِنْ | ہزار (ایک لاکھ) | ء ل ف | اُلوف (ہزاروں)، آلاف، اَلف مَبرُوک |
| | اَوْ | اَ وْ | بلکہ | | |
| | يَزِيْدُوْنَ ۝١٤٧ ج | یَ زِیْ دُوْ ن | (اس سے کچھ) زیادہ ہوں گے | ز و د | زِیادہ، زائد، مَزید، زِیادات |
| ١٤٨ | فَاٰمَنُوْا | فَ آ مَ نُوْ | پھر وہ ایمان لے آئے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُومن، ایمان |
| | فَمَتَّعْنٰهُمْ | فَ مَتْ تَ عْ نَا ہُمْ | تو ہم نے انہیں فائدہ (اٹھانے کا موقع) دیا | م ت ع | مَتاعِ قَلیل، مَتاعِ گراں، مُتَمَتِّع |

## مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ۝١٤٦ ج وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ۝١٤٧ ج فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ

ایک بیل دار درخت ہم نے اُگا دیا ۝١٤٦ اور ہم نے انہیں ایک لاکھ بلکہ اور زیادہ آدمیوں کی طرف بھیجا ۝١٤٧ پس وہ ایمان لائے، اور ہم نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلٰى حِيْنٍ ۝١٤٨ ط | اِ لَا حِیْ ن | ایک (مقرر) وقت تک | ح ی ن | اَلدَّاعِی اِلَی الخَیر، مَکتُوب اِلَیہ، مُرسَل اِلَیہ |
| ١٤٩ | فَاسْتَفْتِهِمْ | فَسْ تَفْ تِ ہِمْ | سو آپ ان سے پوچھئے: | ف ت ی | فَتویٰ، مُفتی، دارُالاِستِفتاء |
| | اَلِرَبِّكَ | اَ لِ رَبْ بِ کَ | کیا آپ کے رب کے لئے تو | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | الْبَنٰتُ | لْ بَ نَا تُ | بیٹیاں ہیں | ب ن و | بَنات، مَدرَسۃُ البَنات (گرلز سکول)، بِنتِ حَوّا، بَناتِ جامعہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَهُمُ | وَ لَ ہُمُ | اور ان کے لئے | | سحر و افطار، نماز و روزہ، صبح و شام |
| | الْبَنُوْنَ ۙ﴿۱۴۹﴾ | لْ بَ نُوْ نَ | بیٹے؟ | ب ن و | اِبن، اَبناء، بنُون، بنات، اِبنِ عُمر |
| ۱۵۰ | اَمْ | اَ مْ | یا | | |
| | خَلَقْنَا | خَ لَقْ نَ | ہم نے پیدا کیا | خ ل ق | خالق، تخلیق، مخلُوق، خلقت |
| | الْمَلٰٓئِكَةَ | لْ مَ لَا ... ءِ کَ ةَ | فرشتوں کو | م ل ك | ملَکُ الموت (موت کا فرشتہ) مسجُودِ ملائکہ |

اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۴۸﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ۙ﴿۱۴۹﴾ اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ

انہیں ایک زمانہ تک عیش و عشرت دی ﴿۱۴۸﴾ ان سے دریافت کیجئے! کہ کیا آپ کے رب کی تو بیٹیاں ہیں اور ان کے بیٹے ہیں؟ ﴿۱۴۹﴾ یا یہ اس وقت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَاثًا | اِ نَا ثَا ؤں | مؤنث | ء ن ث | مُؤنّث، تذکیر و تانیث |
| | وَّهُمْ | وَ ہُمْ | اس حال میں کہ وہ | | لَیل و نَہار، رَحیم و کَریم، رَنج و اَلَم |
| | شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ | شَا ہِ دُوْ نَ | دیکھ رہے تھے؟ | ش ھ د | شہادت، شاہِد، شہیدِ ملّت |
| ۱۵۱ | اَلَآ | اَ لَا.. | خبردار! | | |
| | اِنَّهُمْ | اِن نَ ہُمْ | بلاشبہ وہ | | |
| | مِّنْ اِفْكِهِمْ | مِنْ اِفْ کِ ہِمْ | اپنی طرف سے جھوٹ گھڑ کر | ء ف ك | واقعہ اِفک |
| | لَيَقُوْلُوْنَ ۙ﴿۱۵۱﴾ | لَ یَ قُوْ لُوْ نَ | یقیناً وہ کہتے ہیں: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| ۱۵۲ | وَلَدَ | وَ لَ دَ | اولاد جنی ہے | و ل د | وَالِد، وَلَد، مَولُود، اَولاد، وَلادَت |
| | اللّٰهُ ۙ | ل لَا ہُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | وَاِنَّهُمْ | وَ اِن نَ ہُمْ | اور بے شک وہ | | شان و شوکت، صبر و تحمّل، ذِکر و اَذکار |

اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ۙ﴿۱۵۱﴾ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ

موجود تھے جبکہ ہم نے فرشتوں کو مؤنث پیدا کیا ﴿۱۵۰﴾ آگاہ رہو! کہ یہ لوگ صرف اپنی افتراپردازی سے کہہ رہے ہیں ﴿۱۵۱﴾ کہ اللہ تعالیٰ کی اولاد

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ | لَ کَا ذِ بُوْ نَ | یقیناً جھوٹے ہیں | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کذّاب مُسیلمہ کذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٥٣ | اَصْطَفَى | اَ صْ طَ فَ | کیا اس نے پسند کیا | ص ف و | مُحمدؐ مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، نِظَامِ مُصطفوِی |
| | الْبَنَاتِ | لْ بَ نَا تِ | بیٹیوں کو | ب ن و | اِبْن، اَبْنَاء، بَنُون، اُمُّ الْبَنِیْن |
| | عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿١٥٣﴾ | عَ لَلْ بَ نِیْ ن | بیٹوں پر؟ | ب ن و | اِبن، اَبنَاء، بَنُون، بَنَات، اِبنِ عُمَر |
| ١٥٤ | مَا | مَا | کیا ہے | | |
| | لَكُمْ | لَ کُ مْ | تمہیں | | |
| | كَيْفَ | کَا ئِیْ فَ | کیسا | ك ی ف | کَیفِیّت، بَہر کَیف، کَیفَ حَالُکَ |
| | تَحْكُمُوْنَ ﴿١٥٤﴾ | تَ حْ کُ مُوْ ن | تم فیصلہ کرتے ہو؟ | ح ك م | حَکِیم، حِکمَت و دَانَائی، حُکمَاء |

لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٥٢﴾ اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿١٥٣﴾ مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿١٥٤﴾

ہے، یقیناً محض جھوٹے ہیں ﴿١٥٢﴾ کیا اللہ تعالیٰ نے اپنے لئے بیٹیوں کو بیٹوں پر ترجیح دی ﴿١٥٣﴾ تمہیں کیا ہو گیا ہے کیسے حکم لگاتے پھرتے ہو؟ ﴿١٥٤﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٥٥ | اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿١٥٥﴾ | اَ فَ لَا تَ ذَ کْ کَرُوْ ن | کیا پھر تم غور نہیں کرتے؟ | ذ ك ر | تَذکِیر و تبلیغ، تَذکِیر و نَصِیحَت، اَذکَار |
| ١٥٦ | اَمْ لَكُمْ | اَمْ لَ کُ مْ | یا تمہارے لئے ہے | | |
| | سُلْطٰنٌ | سُ لْ طَا نُ | کوئی دلیل | س ل ط | سُلطَان (کوئی دلیل)، سُلطَانِی گواہ |
| | مُّبِيْنٌ ﴿١٥٦﴾ | م مُ بِیْ ن | واضح؟ | ب ی ن | بَیان، مُبَیَّنہ طور پر، دَلِیلِ بَیِّن |
| ١٥٧ | فَاْتُوْا | فَ x تُوْ | تو تم لے آؤ | ء ت ی | |
| | بِكِتٰبِكُمْ | بِ کِ تَا بِ کُ مْ | اپنی کتاب | ك ت ب | کِتَابِ حِکمَت، کِتَابُ اللہ، کِتَابَت |
| | اِنْ كُنْتُمْ | اِنْ کُنْ تُمْ | اگر تم ہو | ك و ن | اِن شَاءَ اللہ |

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿١٥٥﴾ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٥٦﴾ فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

کیا تم اس قدر بھی نہیں سمجھتے؟ ﴿١٥٥﴾ یا تمہارے پاس اس کی کوئی صاف دلیل ہے ﴿١٥٦﴾ تو جاؤ اگر سچے ہو تو اپنی ہی کتاب

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | صٰدِقِيْنَ ﴿١٥٧﴾ | صَا دِ قِیْ ن | سچے؟ | ص د ق | صَادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |
| ١٥٨ | وَجَعَلُوْا | وَ جَ عَ لُوْ | اور انہوں نے ٹھہرایا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سَازی، جَعلی نوٹ<br>جَعلی مُقَابلہ، جَعلی کا غِذَات |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَيْنَهٗ | بَ ا یْ نَ ہُوْ | اس (اللہ) کے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | وَبَيْنَ | وَ بَ ا یْ نَ | اور درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | الْجِنَّةِ | لْ جِن نَ ۃِ | جنّوں کے | ج ن ن | جِنّ واِنس، سُورۃ الجِنّ، جِنّات |
| | نَسَبًا ؕ | نَ سَ بَا | رشتہ | ن س ب | نَسبی رِشتہ، حَسَب و نَسَب، نَسَب نامہ |
| | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | سَحَرو اِفطار، نَماز و روزہ، صُبح و شام |
| | عَلِمَتِ | عَ لِ مَ تِ | جان لیا | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامہ |
| | الْجِنَّةُ | لْ جِن نَ ۃُ | جنوں نے | ج ن ن | جِنّ واِنس، سُورۃ الجِنّ، جِنّات |
| | اِنَّهُمْ | اِن نَ ہُمْ | کہ بلاشبہ وہ | | |

صٰدِقِيْنَ ۝۱۵۷ وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ؕ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ

لے آو ۝۱۵۷ اوران لوگوں نے تو اللہ تعالیٰ کے اور جنات کے درمیان بھی قرابت داری ٹھہرائی ہے، اور حالانکہ خود جنات کو معلوم ہے کہ وہ (اس عقیدہ کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَمُحْضَرُوْنَ ۝۱۵۸ | لَ مُ حْ ضَ رُوْ نَ | ضرور حاضر کیے جائیں گے | ح ض ر | حَاضِر بَاش، حَضرَت، حَاضِری |
| ۱۵۹ | سُبْحٰنَ | سُبْ حَا نَ | پاک ہے | س ب ح | سُبحَان اللہ کہنا، سُبحَان، تَسبِیح وتَحمِید |
| | اللّٰهِ | لْ لَا ہِ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | عَمَّا | عَم مَا | ان (باتوں) سے جو | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | يَصِفُوْنَ ۝۱۵۹ | یَ صِ فُوْ نَ | وہ (اس کے متعلق) بیان کرتے ہیں | و ص ف | وَصف، اَوصَاف، تَوصِیف |
| ۱۶۰ | اِلَّا | اِل لَا | سوائے | | اِلّا مَا شَاءَ اللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قَلِیل |
| | عِبَادَ | عِ بَا دَ | (ان) بندوں کے | ع ب د | عَبدُاللہ، عِبَاد، عِبَادُالرَّحمٰن |
| | اللّٰهِ | لْ لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | الْمُخْلَصِيْنَ ۝۱۶۰ | لْ مُ خْ لَ صِیْ نَ | جو خالص کیے (چنے) ہوئے ہیں | خ ل ص | خَالِص، مُخلِص، اِخلَاص |
| ۱۶۱ | فَاِنَّكُمْ | فَ اِن نَ كُ مْ | سو بے شک تم | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

لَمُحۡضَرُوۡنَ ۙ﴿۱۵۸﴾ سُبۡحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یَصِفُوۡنَ ﴿۱۵۹﴾ۙ اِلَّا عِبَادَ اللّٰہِ الۡمُخۡلَصِیۡنَ ﴿۱۶۰﴾ فَاِنَّکُمۡ

لوگ عذاب کے سامنے) پیش کئے جائیں گے ﴿۱۵۸﴾ جو کچھ یہ بیان کر رہے ہیں اس سے اللہ تعالیٰ بالکل پاک ہے ﴿۱۵۹﴾ سوائے! اللہ تعالیٰ کے مخلص

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَا | وَ مَا | اور وہ جن کی | | سَیر وسَیاحت، علم وحکمت، شب وروز مَاحول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجَرہ |
| | تَعۡبُدُوۡنَ ﴿۱۶۱﴾ۙ | تَ عۡ بُ دُوۡ ن | تم عبادت کرتے ہو | ع ب د | عِبادت کرنا، عابِد، معبُود، عِبادت گُزار |
| ۱۶۲ | مَآ اَنۡتُمۡ | مَا.. اَنۡ تُمۡ | نہیں ہو تم | | |
| | عَلَیۡہِ | عَ لَا یۡ ہِ | اس (اللہ) کے خلاف | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | بِفٰتِنِیۡنَ ﴿۱۶۲﴾ۙ | بِ فَا تِ نِیۡ ن | بہکانے والے | ف ت ن | فِتنہ پَرور، فِتنہ باز، پُرفِتَن دَور |
| ۱۶۳ | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلیل |
| | مَنۡ | مَنۡ | اسی کو کہ | | |
| | ہُوَصَالِ | ہُوَ صَالِ | وہ جانے والا ہے | ص ل ی | |
| | الۡجَحِیۡمِ ﴿۱۶۳﴾ | لۡ جَ حِیۡ مِ | جہنم میں | ج ح م | جَحِیم (جہنم کا نام ہے) |

وَمَا تَعۡبُدُوۡنَ ﴿۱۶۱﴾ۙ مَآ اَنۡتُمۡ عَلَیۡہِ بِفٰتِنِیۡنَ ﴿۱۶۲﴾ۙ اِلَّا مَنۡ ہُوَ صَالِ الۡجَحِیۡمِ ﴿۱۶۳﴾

بندوں کے ﴿۱۶۰﴾ یقین مانو کہ تم سب اور تمہارے معبودان (باطل) ﴿۱۶۱﴾ کسی ایک کو بھی بہکا نہیں سکتے ﴿۱۶۲﴾ بجز اس کے جو جہنمی ہی ہے ﴿۱۶۳﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۶۴ | وَمَا | وَ مَا | اور نہیں ہے | | عَدل وانصاف، قَول وقَرار، مَکر وفریب |
| | مِنَّآ | مِن نَا.. | ہم (فرشتوں) میں سے (کوئی) | | مِنۡ وعَنۡ، مِنۡ جُملہ، مِنۡ حَیثُ القَوم |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلیل |
| | لَہٗ | لَ ہُوۡ | اس کے لئے | | |
| | مَقَامٌ | مَ قَا مُ | مرتبہ ہے | ق و م | مَقام ومَرتبہ، عَالی مَقام |
| | مَّعۡلُوۡمٌ ﴿۱۶۴﴾ۙ | مَ عۡ لُوۡ م | معلوم (اللہ کے نزدیک) | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلوم، عَلّامَہ |
| ۱۶۵ | وَّاِنَّا لَنَحۡنُ | وَ اِن نَا لَ نَ حۡ نُ | اور بے شک ہم تو یقیناً | | لَیل ونَہار، رَحیم وکَریم، رَنج والَم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الصَّآفُّوْنَ ؀١٦٥ | ص صَا...ف فُوْن | صف باندھے کھڑے رہنے والے ہیں | ص ف ف | صُفُوف، صف آراء ہونا، صف بندی، نمازی کی صف |
| ١٦٦ | وَ اِنَّا | وَ اِن نَا | اور بے شک ہم | | سَحَر وافطار، نماز وروزہ، صُبح وشام |
| | لَنَحْنُ | لَ نَ حْ نُ | ہم تو یقیناً | | |

وَ مَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ؀١٦٤ وَّ اِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ؀١٦٥ وَ اِنَّا لَنَحْنُ

(فرشتوں کا قول ہے کہ) ہم میں سے تو ہر ایک کی جگہ مقرر ہے ؀١٦٤ اور ہم تو (بندگیٔ الٰہی میں) صف بستہ کھڑے ہیں ؀١٦٥ اور اس

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُسَبِّحُوْنَ ؀١٦٦ | لْ مُ سَب بِ حُوْن | تسبیح (پاکیزگی بیان) کرنے والے ہیں | س ب ح | سُبحانَ اللہ کہنا، سُبحان، تسبیح وتحمید |
| ١٦٧ | وَاِنْ | وَ اِنْ | اور بلا شبہ | | سیر وسیاحت، علم وحکمت، شب وروز اِن شاءَاللہ |
| | كَانُوْا | كَا نُوْ | وہ تھے: | ك و ن | |
| | لَيَقُوْلُوْنَ ؀١٦٧ | لَ یَ قُوْ لُوْ | (کفار) یقیناً کہتے | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| ١٦٨ | لَوْ اَنَّ | لَا وْ اَن نَ | اگر بے شک | | |
| | عِنْدَنَا | عِنْ دَ نَا | ہمارے پاس ہوتی | ع ن د | عِندَاللہ ماجُور ہوں (اللہ کے پاس سے اجر ملے گا) |
| | ذِكْرًا | ذِكْ رَ | کوئی نصیحت (کتاب) | ذ ك ر | تذکیر ونصیحت، ذِکر واذکار، ذاکر |
| | مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ؀١٦٨ | م مِنَ لْ اَوْ وَ لِیْ ن | پہلے لوگوں کی | ء و ل | اوّل، اُولیٰ، اَوائل، اوّل وآخر |

الْمُسَبِّحُوْنَ ؀١٦٦ وَ اِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ؀١٦٧ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ؀١٦٨

کی تسبیح بیان کر رہے ہیں ؀١٦٦ کفار تو کہا کرتے تھے ؀١٦٧ کہ اگر ہمارے سامنے اگلے لوگوں کا ذکر ہوتا ؀١٦٨

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٦٩ | لَكُنَّا | لَ کُن نَا | تو ہم ضرور ہوتے | ك و ن | |
| | عِبَادَ | عِ بَا دَ | بندے | ع ب د | عَبدُاللہ، عِباد، عِبادُالرّحمٰن |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | الْمُخْلَصِيْنَ ؀١٦٩ | لْ مُ خْ لَ صِیْ ن | خالص کیے ہوئے | خ ل ص | خالص، مخلص، اِخلاص |
| ١٧٠ | فَكَفَرُوْا | فَ كَ فَ رُوْ | تو انہوں نے کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کے ساتھ | | |
| | فَسَوْفَ | فَ سَاؤ فَ | پھر عنقریب | | |
| | يَعْلَمُوْنَ ﴿١٧٠﴾ | یَ عْ لَ مُوْنَ | وہ جان لیں گے | ع ل م | عِلْم، تَعْلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، علاّمہ |
| ١٧١ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | سیر وسیاحت، علم وحکمت، شب وروز |
| | سَبَقَتْ | سَ بَ قَتْ | پہلے سے طے ہو چکی ہے | س ب ق | سَابِق، مَسبُوق، سَبقَت لِسَانی، سَبقَت لیجانا |

لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿١٦٩﴾ فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿١٧٠﴾ وَلَقَدْ سَبَقَتْ

تو ضرور ہم اللہ کے چنے بندے بن جاتے ﴿١٦٩﴾ لیکن پھر اس قرآن کے ساتھ کفر کر گئے، پس اب عنقریب جان لیں گے ﴿١٧٠﴾ اور البتہ ہمارا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَلِمَتُنَا | کَ لِ مَ تُ نَا | ہماری بات | ک ل م | کَلِمہ طَیِّبہ، کَلامُ اللہ، کَلیمُ اللہ |
| | لِعِبَادِنَا | لِ عِبَا دِ نَ | ہماری ان بندوں کے لئے | ع ب د | عَبد، عِبَادَت، عَابِد، عِبَادُ اللہ |
| | الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٧١﴾ | اَلْ مُرْ سَ لِیْ نَ | جو بھیجے ہوئے (رسول) ہیں | ر س ل | مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللہ ﷺ، رَسُولِ مُعَظَّم، رِسَالَتِ مُحَمَّدیہ، رُسُل |
| ١٧٢ | اِنَّهُمْ لَهُمْ | اِن نَ ہُمْ لَ ہُمْ | کہ بے شک وہ یقیناً وہی | | |
| | الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿١٧٢﴾ | اَلْ مَنْ صُوْرُوْنَ | مدد کیے جائیں گے | ن ص ر | نُصرت، نَاصِر، مَنصُور، نَصِیر |
| ١٧٣ | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بلاشبہ | | عدل وانصاف، قول وقرار، مکروفریب |
| | جُنْدَنَا | جُ نْ دَ نَا | ہمارا لشکر | ج ن د | جُنُودِ شَام، جُنُودِ جَالُوت، جُنُودِ کُفَّار |

كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٧١﴾ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿١٧٢﴾ وَاِنَّ جُنْدَنَا

وعدہ پہلے ہی اپنے رسولوں کے لئے صادر ہو چکا ہے ﴿١٧١﴾ کہ یقیناً وہ ہی مدد کئے جائیں گے ﴿١٧٢﴾ اور ہمارا ہی لشکر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَهُمُ | لَ ہُمْ | یقیناً وہی | | |
| | الْغٰلِبُوْنَ ﴿١٧٣﴾ | اَلْ غَا لِ بُوْنَ | غالب دیکھیں گے | غ ل ب | غَالِب آنا، غَلَبۂ اِسلَام، مَغلُوب |
| ١٧٤ | فَتَوَلَّ | فَ تَ وَلْ لَ | سو آپ منہ موڑ لیجئے | و ل ی | وَلیُ اللہ، وِلَایت، اَولِیَاءِ کِرَام |
| | عَنْهُمْ | عَنْ ہُمْ | ان سے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حَتّٰی حِیْنٍ ﴿۱۷۴﴾ | حَت تا حِی ن | ایک مدت تک | ح ی ن | حَتَّی الْاِمْکَان، حَتّٰی کہ، حَتَّی الْوَسَع |
| ۱۷۵ | وَّ اَبْصِرْھُمْ | وَ اَبْ صِ رْ ہُمْ | اور آپ انہیں دیکھیے | ب ص ر | بَصارت، بَصِیرت، اَبْصار، سَمع وبَصر |
| | فَسَوْفَ | فَ سَا وْ فَ | پھر جلد ہی | | |

لَھُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْھُمْ حَتّٰی حِیْنٍ ﴿۱۷۴﴾ وَّ اَبْصِرْھُمْ فَسَوْفَ

غالب (اور برتر) رہے گا ﴿۱۷۳﴾ اب آپ کچھ دنوں تک ان سے منہ پھیر لیجئے ﴿۱۷۴﴾ اور انہیں دیکھتے رہئے، اور یہ بھی آگے چل کر دیکھ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | یُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۵﴾ | یُبْ صِ رُوْن | وہ بھی دیکھیں گے | ب ص ر | بَصارت، بَصِیرت، اَبْصار |
| ۱۷۶ | اَفَبِعَذَابِنَا | اَ فَ بِ عَ ذَا بِ نَا | تو کیا ہمارا عذاب | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہَنَّم، عَذَابِ آخرت |
| | یَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ | یَسْ تَ عْ جِ لُوْن | وہ جلدی مانگتے ہیں؟ | ع ج ل | عُجلت پسندی، عَاجِل، مُہرِ مُعَجَّل |
| ۱۷۷ | فَاِذَا | فَ اِ ذَا | پھر جب | | |
| | نَزَلَ | نَ زَ لَ | وہ نازل ہوگا | ن ز ل | نازِل، اِنزال، قُنُوتِ نازِلہ |
| | بِسَاحَتِھِمْ | بِ سَا حَ تِ ہِمْ | ان کے صحن میں | س و ح | |
| | فَسَآءَ | فَ سَا ... ءَ | تو بُری ہوگی | س و ء | عُلَماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | صَبَاحُ | صَ بَا حُ | صبح | ص ب ح | صُبح، صُبح خَواہی، صُبح کی سیر |

یُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۵﴾ اَفَبِعَذَابِنَا یَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِھِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ

لیں گے ﴿۱۷۵﴾ کیا یہ ہمارے عذاب کی جلدی مچا رہے ہیں؟ ﴿۱۷۶﴾ سنو! جب ہمارا عذاب انکے میدان میں اُتر آئے گا اس وقت انکی جن کو متنبہ کر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُنْذَرِیْنَ ﴿۱۷۷﴾ | لْ مُنْ ذَ رِ یْن | ڈرائے گئے لوگوں کی | ن ذ ر | نَذِیر و بَشِیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| ۱۷۸ | وَتَوَلَّ | وَ تَ وَل لَ | اور آپ منہ پھیر لیجئے | و ل ی | |
| | عَنْھُمْ | عَنْ ہُمْ | ان سے | | |
| | حَتّٰی حِیْنٍ ﴿۱۷۸﴾ | حَت تا حِی ن | ایک مدت تک | ح ی ن | حَتَّی الْاِمْکَان، حَتّٰی کہ، حَتَّی الْوَسَع |
| ۱۷۹ | وَّ اَبْصِرْ | وَ اَبْ صِ رْ | اور آپ دیکھیے | ب ص ر | بَصارت، بَصِیرت، اَبْصار، سَمع وبَصر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَسَوْفَ | فَ سَاوْفَ | پھر جلد ہی | | |
| | يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٩﴾ | يُبْ صِ رُوْن | وہ بھی دیکھیں گے | ب ص ر | بصارت، بصیرت، ابصار، سمع و بصر |

الْمُنْذَرِيْنَ ﴿١٧٧﴾ وَ تَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿١٧٨﴾ وَّ اَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٩﴾

دیا گیا تھا بڑی بُری صبح ہوگی ﴿١٧٧﴾ آپ کچھ وقت تک ان کا خیال چھوڑ دیجئے ﴿١٧٨﴾ اور دیکھتے رہیے یہ بھی ابھی دیکھ لیں گے ﴿١٧٩﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٨٠ | سُبْحٰنَ | سُبْ حَانَ | پاک ہے | س ب ح | سُبحانَ اللہ کہنا، سُبحان، تسبیح و تحمید |
| | رَبِّكَ | رَب بِ كَ | آپ کا رب | ر ب ب | ارباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |
| | رَبِّ | رَب بِ | جو مالک ہے | ر ب ب | ارباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |
| | الْعِزَّةِ | لْ عِز زَ ةِ | عزت کا | ع ز ز | العزیز (غالب، اللہ کا صفاتی نام)، عزیزِ مصر، مُعزّز، مُعزّزات |
| | عَمَّا | عَم مَا | ان (باتوں) سے جو | | ماحول، مافوق الفطرت، ماجرہ |
| | يَصِفُوْنَ ﴿١٨٠﴾ج | يَ صِ فُوْن | وہ (مشرک) بیان کرتے ہیں | و ص ف | وصف، اوصاف، توصیف |
| ١٨١ | وَسَلٰمٌ | وَ سَ لَا مُنْ | اور سلام ہے | س ل م | اسلام، مُسلم، مُسلمان، سلامتی، تسلیم |
| | عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٨١﴾ج | عَ لَلْ مُرْ سَ لِيْ ن | (سب) رسولوں پر | ر س ل | محمد رسولُ اللہ ﷺ، رسولِ مُعظّم، رسالتِ محمدیہ، رُسُل |

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿١٨٠﴾ج وَ سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٨١﴾ج

پاک ہے آپ (ﷺ) کا رب جو بہت بڑی عزت والا ہے ہر اس چیز سے (جو مشرک) بیان کرتے ہیں ﴿١٨٠﴾ پیغمبروں پر سلام ہے ﴿١٨١﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٨٢ | وَالْحَمْدُ | وَلْ حَ مْ دُ | اور تمام تعریفیں | ح م د | حمد و ثناء، حامد، محمود، محمد |
| | لِلّٰهِ | لِلْ لَا هِ | اللہ کے لئے ہیں | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | رَبِّ | رَب بِ | جو رب ہے | ر ب ب | ارباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |
| | الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٨٢﴾ع | لْ عَا لَ مِيْ ن | جہانوں کا | ع ل م | عالَمِ رنگ و بو، عالَمِ اسلام، عالمِ کفر |

ع

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٨٢﴾ع

اور سب طرح کی تعریف اللہ تعالیٰ کیلئے ہے جو سارے جہان کا رب ہے ﴿١٨٢﴾

آیَاتُهَا ۸۸ (۳۸) سُوْرَةُ صٓ مَکِّیَّةٌ (۳۸) رُکُوْعَاتُهَا ۵

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | صٓ | صَا...د | صٓ | | حُرُوفِ مُقَطَّعَات (علیحدہ علیحدہ حرف پڑھنا) |
| | وَالْقُرْاٰنِ | وَ لْ قُ رْ آ نِ | قسم ہے قرآن کی | ق ر ء | قُرآنِ عظیم، قِرأت، قارِی |
| | ذِی الذِّکْرِ ۝١ | ذِ ذْ ذِ کْ رِ | نصیحت والے | ذ ك ر | تذکیر و نصیحت، ذِکر و اذکار، ذاکِر |
| ۲ | بَلِ | بَ لِ | بلکہ | | |
| | الَّذِیْنَ | لْ لَ ذِیْ نَ | وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | کَفَرُوْا | كَ فَ رُوْ | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| | فِیْ عِزَّةٍ | فِیْ عِ زْ زَ تِنْ وْ | (وہ) تکبر میں | ع ز ز | اَلعزیز (غالِب، اللہ کا صفاتی نام)، عزیزِ مصر، مُعزّز، مُعزّزات |
| | وَّ شِقَاقٍ ۝٢ | وَ شِ قَا قِ | اور مخالفت میں (پڑے ہوئے) ہیں | ش ق ق | شاق گزرنا، مُشقّت میں پڑنا، شق ہونا |
| ۳ | کَمْ | كَ مْ | کتنی ہی | | |
| | اَهْلَکْنَا | اَ هْ لَ كْ نَا | ہم نے ہلاک کر دیں | ه ل ك | ہلاک ہونا، مُہلک، ہلاکت |

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ ۝١ بَلِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فِیْ عِزَّةٍ وَّ شِقَاقٍ ۝٢ کَمْ اَهْلَکْنَا

ص! اس نصیحت والے قرآن کی قسم ① بلکہ کفار غرور و مخالفت میں پڑے ہوئے ہیں ② ہم نے ان سے پہلے بھی بہت سی امتوں کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ قَبْلِهِمْ | مِنْ قَبْ لِ هِمْ | ان سے پہلے | ق ب ل | قبل اسکے، قبل از نماز، قبل از طعام |
| | مِّنْ قَرْنٍ | مِنْ قَ رْ نِنْ | قومیں/اُمتیں | ق ر ن | قرونِ اُولیٰ (پہلی قومیں/امتیں) خیرُ القرونِ قرنی (بہترین زمانہ میرا زمانہ) |
| | فَنَادَوْا | فَ نَا دَ وْ | تو انہوں نے (مدد کیلئے) پکارا | ن د و | ندا آئی، مُنادی کرنا، ندائے ملّت |
| | وَّلَاتَ | وَ لَا تَ | جبکہ نہ تھا (وہ وقت) | | |
| | حِیْنَ | حِیْ نَ | وقت | ح ی ن | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَنَاصٍ ۝٣ | مَ نَا ص | خلاصی کا | ن و ص | |
| ۴ | وَعَجِبُوٓا | وَ عَ جِ بُوْ.. | اور انہوں نے تعجب کیا | ع ج ب | عَجیب، تَعَجُّب، عَجَب، مُتَعَجِّب، عَجُوبَہ |
| | اَنۡ | اَنْ | اس بات پر کہ | | |
| | جَآءَهُمۡ | جَا...ءَ ہُمْ | ان کے پاس آیا | ج ی ء | |

**مِنۡ قَبۡلِهِمۡ مِّنۡ قَرۡنٍ فَنَادَوۡا وَّلَاتَ حِيۡنَ مَنَاصٍ ۝٣ وَعَجِبُوٓا اَنۡ جَآءَهُمۡ**

تباہ کر ڈالا انہوں نے ہر چند چیخ پکار کی لیکن وہ وقت چھٹکارے کا نہ تھا ۝٣ اور کافروں کو اس بات پر تعجب ہوا کہ ان میں سے ایک

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُّنۡذِرٌ | مُنْ ذِ رُ | ایک ڈرانے والا | ن ذ ر | نَذیر و بَشیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| | مِّنۡهُمۡ ز | مِ مِنْ ہُمْ | انہی سے | | مِنْ وعَنْ، مِنْ جُملَہ، مِنْ حَیثُ القَوم |
| | وَقَالَ | وَ قَا لَ | اور کہا | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | الۡكٰفِرُوۡنَ | لْ کَا فِ رُوْ نَ | کافروں نے: | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تَکفیر، کُفرانِ نعمت |
| | هٰذَا سٰحِرٌ | ہَا ذَا سَا حِ رُنْ | یہ (تو) جادوگر ہے | س ح ر | سِحر بَیانی، ساحِر، مَسحُور کُن (جادو زدہ) |
| | كَذَّابٌ ۝۴ ج | کَذْ ذَا بْ | انتہائی جھوٹا ہے | ك ذ ب | کِذب، تَکذیب، کاذِب، کَذّاب، مُسیلمہ کَذّاب (نُبُوَّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| ۵ | اَجَعَلَ | اَ جَ عَ لَ | کیا اس نے بنا دیا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جعلی کاغذات |
| | الۡاٰلِهَةَ | لْ آ لِ ہَ ةَ | سب معبودوں کو | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | اِلٰهًا | اِ لَا ہَا ؤں | معبود؟ | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |

**مُّنۡذِرٌ مِّنۡهُمۡ ز وَقَالَ الۡكٰفِرُوۡنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۝۴ ج اَجَعَلَ الۡاٰلِهَةَ اِلٰهًا**

انہیں ڈرانے والا آ گیا اور کہنے لگے کہ یہ تو جادوگر اور جھوٹا ہے ۝۴ کیا اس نے اتنے سارے معبودوں کا ایک ہی معبود کر دیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّاحِدًا صلے | وَا حِ دَا | ایک ہی | و ح د | وَاحِد، وَحدانیت، توحید، مُوَحِّد |
| | اِنَّ | اِ ن نَ | بے شک | | |
| | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ (تو) | | مَسجِدِ ہٰذا، حامِلِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَشَیْءٌ | لَ شَا ئِ... ءُ نْ | یقیناً ایک چیز ہے | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ شئے، اَشیائے خورد ونوش |
| | عُجَابٌ ⑤ | عُ جَا ب | بڑی عجیب | ع ج ب | عَجیب، تعجُّب، عَجب، مُتعجّب، عَجُوبَہ |
| ٦ | وَانْطَلَقَ | وَنْ طَ لَ قَ | اور چلے | ط ل ق | سَحَر وافطار، نماز وروزہ، صُبح وشام |
| | الْمَلَاُ | لْ مَ لَ اُ | سردار | م ل ء | |
| | مِنْهُمْ | مِنْ ہُمْ | ان کے (یہ کہتے ہوئے) | | مِنْ وعَن، مِنْ جُملَہ، مِنْ حَیْثُ الْقَوم |
| | اَنِ امْشُوْا | اَ نِ مْ شُوْ | کہ تم چلو | م ش ی | |
| | وَاصْبِرُوْا | وَصْ بِ رُوْ | اور جمے رہو | ص ب ر | صَبر، صابر، صُبور، صابرین |

وَّاحِدًا ۖ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ ⑤ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا

واقعی یہ بہت ہی عجیب بات ہے ⑤ ان کے سردار یہ کہتے ہوئے چلے کہ چلو جی اور اپنے معبودوں پر جمے رہو، یقیناً

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ ۖ | عَ لَا.. آ لِ ہَ تِ کُمْ | اپنے معبودوں پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | اِنَّ هٰذَا | اِن نَ ہَا ذَا | بے شک یہ (تو) | | مسجدِ ہٰذا، حامل رُقعہ ہٰذا، الہٰذا |
| | لَشَیْءٌ | لَ شَا ئِ ءُ وْ ئُ یْ | یقیناً کوئی چیز (غرض) ہے | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ شئے، اَشیائے خورد ونوش |
| | یُّرَادُ ⑥ | یُ رَا د | (کہ اس کا) ارادہ کیا جاتا ہے | ر و د | پُختہ ارادہ، اِرادت، مُرِیدِ صادق |
| ٧ | مَا سَمِعْنَا | مَا سَ مِ عْ نَا | ہم نے نہیں سنی | س م ع | سامع، قوتِ سماعت، آلۂ سماعت |
| | بِهٰذَا | بِ ہَا ذَا | یہ بات | | مسجدِ ہٰذا، حامل رُقعہ ہٰذا، الہٰذا |
| | فِی الْمِلَّةِ | فِلْ مِل لَ ۃِ | دین میں | م ل ل | مِلّتِ اسلامیہ، مِلّتِ محمّدیہ |
| | الْاٰخِرَةِ ۖ | لْ آ خِ رَ ۃ | پچھلے | ء خ ر | آخرت، اَخیر، آخر، اُخروی زندگی |
| | اِنْ | اِنْ | نہیں ہے | | |

عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ ۖ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ یُّرَادُ ⑥ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِی الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۖ اِنْ

اس بات میں تو کوئی غرض ہے ⑥ ہم نے تو یہ بات پچھلے دین میں بھی نہیں سنی، کچھ نہیں یہ تو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هٰذَآ | ہَا ذَ ا.. | یہ | | مَسجِدِ ہٰذَا، حَامِلِ رُقعَہ ہٰذَا، لِہٰذَا |
| | اِلَّا | اِل لَ | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | اخْتِلَاقٌ ۚ ۝٧ | خ تِ لَا ق | ایک گھڑی ہوئی بات | خ ل ق | |
| ٨ | ءَاُنْزِلَ | ءَا اُن زِ لَ | کیا نازل کی گئی ہے | ن ز ل | نَازِل، نُزُول قرآن، نَازِلَہ |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئْ ہِ | اسی پر | | عَلَی الاِعلَان، عَلَی العُمُوم |
| | الذِّكْرُ | ذ ذِ کْ رُ | نصیحت | ذ ك ر | ذِکر، اَذکَار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |
| | مِنْۢ بَيْنِنَا ط | مِ مْ بَا ئْ نِ نَا | ہمارے درمیان سے؟ | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | هُمْ | ہُمْ | وہ تو | | |
| | فِيْ شَكٍّ | فِيْ شَ ک کِ | شک میں ہیں | ش ك ك | شَک، شُکُوک، شُکُوک وشُبہات |
| | مِّنْ | م مِنْ | سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |

هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۚ ۝٧ ءَاُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَيْنِنَا ط بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ

صرف گھڑنت (من گھڑت یا گھڑی ہوئی بات) ہے ۝٧ کیا ہم سب میں سے اسی پر کلامِ الٰہی نازل کیا گیا ہے؟ دراصل یہ لوگ میری وحی کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ذِكْرِيْ ج | ذِ کْ رِیْ | میری نصیحت | ذ ك ر | ذِکر، اَذکَار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |
| | بَلْ | بَ ل | بلکہ | | |
| | لَّمَّا يَذُوْقُوْا | ل لَم مَا یَ ذُوْ قُوْ | ابھی تک انہوں نے چکھا نہیں | ذ و ق | ذَوق وشَوق، ذَائِقَۃُ المَوت، خُوش ذَائِقَہ |
| | عَذَابِ ط ۝٨ | عَ ذَا ب | میرا عذاب | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہنّم عَذَابِ آخرت |
| ٩ | اَمْ | اَمْ | کیا | | |
| | عِنْدَهُمْ | عِنْ دَ ہُمْ | ان کے پاس | ع ن د | عِندَاللہ مَاجُور ہوں (اللہ کے پاس سے اجر ملے گا) |
| | خَزَآئِنُ | خَ زَا...ءِ نُ | خزانے ہیں | خ ز ن | خَازِن، خَزِینَہ، وَزَارتِ خَزَانَہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَحْمَةِ | رَحْ مَ ةِ | رحمت کے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکرم |
| | رَبِّكَ | رَب بِ كَ | آپ کے رب کی | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد ﷺ |

ذِكْرِيْ ۚ بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ ۝٨ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ

طرف سے شک میں ہیں، بلکہ (صحیح یہ ہے کہ) انہوں نے اب تک میرا عذاب چکھا ہی نہیں ⑧ یا کیا ان کے پاس تیرے زبردست فیاض رب کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْعَزِيْزِ | لْ عَ زِ یْ زِ | جونہایت غالب | ع ز ز | اَلعزیز (غالب، اللہ کا صفاتی نام)، عَزیزِ مصر، مُعزّز، مُعزّزات |
| | الْوَهَّابِ ۝٩ ۚ | لْ وَہ ہَا ب | بہت دینے والا ہے؟ | و ھ ب | ہِبہ کرنا، واہِب، عبدُالوَہاب وَہّاب (اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام) |
| ١٠ | اَمْ | اَمْ | یا | | |
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے ہے | | |
| | مُّلْكُ | مُ لْ كُ | بادشاہی | م ل ك | مَلک فہد، مَلک محمّد بن سلمان |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں | س م و | سماوی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضِ | وَلْ اَرْضِ | اور زمین کی | ء ر ض | اَرض وسماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | وَمَا | وَ مَا | اور اس کی جو کچھ | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفطرت، مَاتحت |
| | بَيْنَهُمَا قف | بَا ئِ نَ ہُ مَا | ان دونوں کے درمیان ہے؟ | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | فَلْيَرْتَقُوْا | فَلْ یَ رْ تَ قُوْ | تو چاہئے کہ وہ چڑھ جائیں (آسمان پر) | ر ق ی | اِرتقاء، اِرتقائی عِلم، تَرَقّی وعُرُوج |

الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ۝٩ ۚ اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ قف فَلْيَرْتَقُوْا

رحمت کے خزانے ہیں ⑨ یا کیا آسمان و زمین اور ان کے درمیان کی ہر چیز کی بادشاہت ان ہی کی ہے، تو پھر یہ رسیاں تان کر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي الْاَسْبَابِ ۝١٠ | فِلْ اَسْ بَا ب | رسیّوں کے ذریعے سے | س ب ب | سَبَب، اَسباب، مُسَبّبُ الاَسباب |
| ١١ | جُنْدٌ مَّا | جُنْ دُمْ مَا | (یہ) ایک لشکر ہے حقیر سا | ج ن د | جُنودِ شام، جُنودِ جالوت، جُنودِ کُفّار |
| | هُنَالِكَ | ہُ نَا لِ كَ | (جو) وہاں | | |
| | مَهْزُوْمٌ | مَ ہْ زُوْ مٌ | شکست کھایا ہوگا | ھ ز م | ہزیمت اُٹھانا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنَ الْاَحْزَابِ ⑪ | م مِن ل اَح زَاب | لشکروں میں سے | ح ز ب | حِزْب (گروہ)، حِزْبُ اللهِ، غَزْوَۃُ اَحْزَاب، سُوْرَۃُ الْاَحْزَاب |
| ۱۲ | كَذَّبَتْ | کَذ ذَ بَتْ | جھٹلایا | ك ذ ب | کِذْب، تَکْذِیْب، کَاذِب، کَذَّاب مُسَیْلَمَہ کَذَّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | قَبْلَهُمْ | قَبْ لَ ہُم | ان سے پہلے | ق ب ل | قَبْل اس کے، قَبْل اَز نماز، قَبْل اَز طعام |

فِي الْاَسْبَابِ ⑩ جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ⑪ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

چڑھ جائیں ⑩ یہ بھی (بڑے بڑے) لشکروں میں سے شکست پایا ہوا (چھوٹا سا) لشکر ہے ⑪ ان سے پہلے بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَوْمُ | قَاؤم | قومِ | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | نُوْحٍ | نُوحِ اُوں | نوح نے | | حضرت نوح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَّعَادٌ | وَ عَادُوں | اور عاد نے | | مشہور ایک قوم عاد ہے |
| | وَّفِرْعَوْنُ | وَ فِرْعَاؤنُ | اور فرعون | | (ایک حکمران تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں) |
| | ذُو الْاَوْتَادِ ⑫ | ذُل آؤتَاد | میخوں والے نے | و ت د | ذُوالجَلَال وَالاِکرام، ذُومَعنیٰ، ذُومَال |
| ۱۳ | وَثَمُوْدُ | وَ ثَمُوْدُ | اور (قومِ) ثمود | | مشہور ایک قوم ثمود ہے |
| | وَقَوْمُ | وَ قَاؤمُ | اور قومِ | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | لُوْطٍ | لُوطِ اُوں | لوط | | حضرت لوط علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَّاَصْحٰبُ | وَ اَص حَابُ | اور والوں نے (بھی) | ص ح ب | صَحَابی، صَحَابَہ، اَصحابِ بدر، صاحِب |
| | لْئَيْكَةِ | لْ آئِ کَ ۃ | ایکہ کے | | |

قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّ فِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ⑫ وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّ اَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ

قوم نوح اور عاد اور میخوں والے فرعون نے جھٹلایا تھا ⑫ اور ثمود نے اور قوم لوط نے اور ایکہ کے رہنے والوں نے بھی، یہی (بڑے)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اُولٰٓئِكَ | اُلَآ...ءِکَ | یہ | | |
| | الْاَحْزَابُ ⑬ | لْ اَح زَاب | لشکر ہیں | ح ز ب | حِزْب (گروہ)، حِزْبُ اللهِ، غَزْوَۃُ اَحْزَاب، سُوْرَۃُ الْاَحْزَاب |
| ۱۴ | اِنْ كُلٌّ | اِنْ كُل لُن | نہیں ہے (ان میں سے) کوئی بھی | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَّآ | اِل لَآ | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | كَذَّبَ | كَذ ذَ بَ | اس نے جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذَّاب مُسیلمہ کَذَّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | الرُّسُلَ | رر سُ لَ | رسولوں کو | ر س ل | مُحمّدٌ رّسُولُ اللہ ﷺ، رَسُولِ مُعَظَّم رِسَالَتِ مُحمّدیہ، رُسُل |
| | فَحَقَّ | فَ حَ ق قَ | تو ثابت ہوگیا | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقَت |
| | عِقَابِ ۱۴ ع | عِ قَا بِ | (اس پر) میرا عذاب | ع ق ب | عَالَمِ عُقبٰی، نَاعَاقِبَت اَندیش، عُقُوبَت خَانہ |
| ۱۵ | وَمَا يَنظُرُ | وَ مَا يَنْ ظُ رُ | اور نہیں انتظار کر رہے | ن ظ ر | نَظَر، نَظَّارہ، مَنظَر، نَاظِرِین |
| | هٰٓؤُلَآءِ | ہَا..ءُ لَآ...ءِ | یہ لوگ | | |

أُولَٰٓئِكَ الْأَحْزَابُ ۱۳ إِن كُلٌّ إِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ۱۴ ع وَمَا يَنظُرُ هٰٓؤُلَآءِ

لشکر تھے ۱۳ ان میں سے ایک بھی ایسا نہ تھا جس نے رسولوں کی تکذیب نہ کی ہو پس میری سزا ان پر ثابت ہوگئی ۱۴ انہیں صرف ایک

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَّآ | اِل لَآ | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | صَيْحَةً | صَا ئِ حَ تَاؤں | چیخ | ص ی ح | |
| | وَّاحِدَةً | وَا حِ دَ تَ | ایک کا | و ح د | وَاحِد، وَحدَانیت، تَوحِید، مُوَحِّد |
| | مَّا لَهَا | م مَا لَ ہَا | اس کے لئے نہیں ہوگا | | |
| | مِن فَوَاقٍ ۱۵ | مِنْ فَ وَا ق | (درمیان میں) کوئی وقفہ | ف و ق | مِن وعَن، مِن جُملہ، مِن حَیثُ القَوم |
| ۱۶ | وَقَالُوا | وَ قَا لُوْ | اور (کافروں نے) کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | رَبَّنَا | رَب بَ نَا | اے ہمارے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العَالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد ﷺ |
| | عَجِّل | عَ ج جِلْ | تو جلدی دے | ع ج ل | عُجلت پَسندی، عَاجِل، مَہرِ مُعَجَّل |
| | لَّنَا | لَ نَا | ہمیں | | |
| | قِطَّنَا | قِط طَ نَا | ہمارا حصہ | ق ط ط | |
| | قَبْلَ | قَبْ لَ | پہلے | ق ب ل | قبل اسکے، قبل اَز نماز، قبل اَز طعام |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| إِلَّا صَيۡحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنۡ فَوَاقٍ ۝١٥ وَقَالُوۡا رَبَّنَا عَجِّلۡ لَّنَا قِطَّنَا قَبۡلَ | | | | | |
| چیخ کا انتظار ہے جس میں کوئی توقف (اور ڈھیل) نہیں ہے ۝١٥ اور انہوں نے کہا کہ اے ہمارے ربّ! ہماری سرنوشت تو ہمیں روزِ حساب | | | | | |
| | يَوۡمِ | یَا ءُ مِ | یوم | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | الۡحِسَابِ ۝١٦ | اَلۡ حِ سَا بِ | حساب سے | ح س ب | حِساب وکتاب، حِساب دان، یومِ حِساب |
| ١٧ | اِصۡبِرۡ | اِصۡ بِ رۡ | آپ صبر کیجئے | ص ب ر | صَبر، صَابر، صُبُور، صَابرین |
| | عَلٰى مَا | عَ لَا مَا | ان (باتوں) پر جو | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرَت، عَلَی الۡاِعۡلَان مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | يَقُوۡلُوۡنَ | یَ قُوۡ لُوۡ نَ | وہ کہتے ہیں | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | وَاذۡكُرۡ | وَذۡ كُ رۡ | اور یاد کیجئے | ذ ک ر | ذِکر، اَذکار، ذَاکر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |
| | عَبۡدَنَا | عَبۡ دَ نَا | ہمارے بندے | ع ب د | عَبدُاللہ، عِباد، عِبَادُالرَّحمٰن |
| | دَاوٗدَ | دَا وُوۡ دَ | داوٗد | | حضرت داوٗد علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | ذَا الۡاَيۡدِ ۚ | ذَلۡ اَ يۡ دِ | صاحبِ قوت کو | ء ی د | تَائِید، مُؤَیَّد، تَائِیدِ اِلٰہی، مُؤَیَّدات |
| | اِنَّهٗۤ | اِنۡ نَ هُوۡ.. | بے شک وہ | | |
| يَوۡمِ الۡحِسَابِ ۝١٦ اِصۡبِرۡ عَلٰى مَا يَقُوۡلُوۡنَ وَاذۡكُرۡ عَبۡدَنَا دَاوٗدَ ذَا الۡاَيۡدِ ۚ اِنَّهٗۤ | | | | | |
| سے پہلے ہی دے دے ۝١٦ آپ ان کی باتوں پر صبر کریں اور ہمارے بندے داوٗد (علیہ السلام) کو یاد کریں جو بڑی قوت والا تھا، یقیناً وہ | | | | | |
| | اَوَّابٌ ۝١٧ | اَ ؤۡ وَا بٌ | بہت رجوع کرنے والا تھا | ء و ب | |
| ١٨ | اِنَّا | اِنۡ نَا | بے شک ہم نے | | |
| | سَخَّرۡنَا | سَ خۡ خَ رۡ نَ | تابع کر دیا تھا | س خ ر | تَسخِیرِ کائنات، مُسَخَّر کرنا |
| | الۡجِبَالَ | اَلۡ جِ بَا لَ | پہاڑوں کو | ج ب ل | جَبَلِ اُحد، جَبَلِ ثَور، جَبَلِ رَحمَت |
| | مَعَهٗ | مَ عَ هُوۡ | اس کے ساتھ | | مَع اَہل وعَیال، مَعِیَّت |
| | يُسَبِّحۡنَ | یُ سَبۡ بِ حۡ نَ | وہ تسبیح بیان کرتے تھے | س ب ح | سُبحَانَ اللہ کہنا، سُبحان، تَسبِیح وتَحمِید |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِالْعَشِيِّ | بِلْ عَ شِي يِ | شام | ع ش ی | عِشَائیہ، نَمازِ عِشاء، وقتِ عِشاء |
| | وَالْاِشْرَاقِ ﴿١٨﴾ لا | وَلْ اِشْ رَاق | اور صبح | ش ر ق | نَمازِ اِشْراق، وقتِ اِشْراق |
| ١٩ | وَالطَّيْرَ | وَطْ طَائِي رَ | اور پرندوں کو بھی (تابع کردیا) | ط ی ر | طَائر، طَائرہ، مَطار، طَائر لاَہوتی |

اَوَّابٌ ﴿١٧﴾ اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ﴿١٨﴾ وَالطَّيْرَ

بہت رجوع کرنے والا تھا ﴿١٧﴾ ہم نے پہاڑوں کو اسکے تابع کر رکھا تھا کہ اس کے ساتھ شام کو اور صبح کو تسبیح خوانی کریں ﴿١٨﴾ اور پرندوں کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَحْشُوْرَةً ط | مَ حْ شُوْ رَ ةً | جبکہ وہ جمع ہوتے تھے | ح ش ر | حَشر کا دِن، حاشر، مَحشُور، یومِ مَحشَر |
| | كُلٌّ لَّهٗٓ | كُلْ لُلْ لَ هُوْ.. | سب اس کے آگے | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | اَوَّابٌ ﴿١٩﴾ | اَ وْ وَا ب | بہت رجوع کرنے والے تھے | ء و ب | |
| ٢٠ | وَشَدَدْنَا | وَ شَ دَدْ نَا | اور ہم نے مضبوط کردی تھی | ش د د | شَدِید، شِدّت، اَشد ضروری |
| | مُلْكَهٗ | مُ لْ كَ هُوْ | اس کی بادشاہی | م ل ك | مُلک، مُمالِک، مَملکتِ اِسلامیہ |
| | وَاٰتَيْنٰهُ | وَ آ تَا ئِيْ نَا هُ | اور ہم نے اسے دی تھی | ء ت ی | لَیل ونَہار، رَحیم وکَریم، رَنج واَلَم |
| | الْحِكْمَةَ | لْ حِ كْ مَ ةَ | حکمت | ح ك م | حَکیم، حِکمت ودانائی، حُکماء |
| | وَفَصْلَ | وَ فَ صْ لَ | اور فیصلہ کن | ف ص ل | فَیصلہ کرنا، مُقدّمے کا فَیصلہ |

مَحْشُوْرَةً ط كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿١٩﴾ وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ

بھی جمع ہو کر سب اس کے زیر فرمان رہتے ہیں ﴿١٩﴾ اور ہم نے اس کی سلطنت کو مضبوط کر دیا تھا اور اسے حکمت دی تھی اور بات کا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْخِطَابِ ﴿٢٠﴾ | لْ خِ طَا ب | خطاب (کی صلاحیت) | خ ط ب | خُطبہ، خَطیب، خِطاب، مُخاطِب |
| ٢١ | وَهَلْ | وَ هَ لْ | اور کیا | | شِیر وشَکَر، شَب و روز، اُمید و رَجا |
| | اَتٰىكَ | اَ تَا كَ | آپ کے پاس آئی | ء ت ی | |
| | نَبَؤُا | نَ بَ ءُ | خبر | ن ب ء | نَبی، اَنبیاء، خَتمِ نبوت، اَنباء (سعودی چینل) |
| | الْخَصْمِ | لْ خَ صْ مِ | جھگڑنے والوں کی؟ | خ ص م | خَصم، خُصومت، مُخاصمت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِذْ تَسَوَّرُوا | اِ ذْ تَ سَ وْ وَ رُ | جب وہ دیوار پھاند کر آ گئے | س و ر | |
| | الْمِحْرَابَ ۙ﴿۲۱﴾ | اَلْ مِ حْ رَا ب | کمرے (عبادت خانے) میں | ح ر ب | محراب مسجد، محراب نبوی شریف |
| ۲۲ | اِذْ دَخَلُوْا | اِ ذْ دَ خَ لُ وْ | جب وہ داخل ہوئے | د خ ل | داخل، دُخول، وزارتِ داخلہ |

وقف لازم

الْخِطَابِ ﴿۲۰﴾ وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ۙ﴿۲۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا

فیصلہ کرنا ﴿۲۰﴾ اور کیا تجھے جھگڑا کرنے والوں کی (بھی) خبر ملی؟ جبکہ وہ دیوار پھاند کر محراب میں آ گئے ﴿۲۱﴾ جب یہ (حضرت) داؤد (علیہ السلام)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰی | عَ لَا | پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | دَاوٗدَ | دَا وُ وْ دَ | داؤد | | حضرت داؤد علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | فَفَزِعَ | فَ فَ زِ عَ | تو وہ گھبرا گئے | ف ز ع | جزع فزع کرنا |
| | مِنْهُمْ | مِنْ هُمْ | ان سے | | مِنْ وعَنْ، مِنْ جُملہ، مِنْ حَیثُ القَوم |
| | قَالُوْا | قَا لُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لَا تَخَفْ ۚ | لَا تَ خَ فْ | آپ نہ ڈریں | خ و ف | خوف و ہراس، بلاخوف، خوفناک |
| | خَصْمٰنِ | خَ صْ مَا نِ | (ہم) دو جھگڑنے والے ہیں | خ ص م | خصم، خصومت، مخاصمت |
| | بَغٰی | بَ غَا | زیادتی کی ہے | ب غ ی | باغی، بغاوت، باغی گروہ |
| | بَعْضُنَا | بَ عْ ضُ نَا | ہمارے بعض نے | ب ع ض | بعض لوگ، بعضُ النّاس، بعضِ اشیاء |
| | عَلٰی بَعْضٍ | عَ لَا بَ عْ ضِنْ | بعض پر | ب ع ض | بعض لوگ، بعضُ النّاس، بعضِ اشیاء |

عَلٰی دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰی بَعْضُنَا عَلٰی بَعْضٍ

کے پاس پہنچے، پس یہ ان سے ڈر گئے، انہوں نے کہا خوف نہ کیجئے! ہم دو فریق مقدمہ ہیں، ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاحْكُمْ | فَ حْ كُ مْ | لہٰذا آپ فیصلہ فرمائیں | ح ك م | حُکّام، محکمۂ عدل، حاکم، حَکَم، تحکُّم |
| | بَيْنَنَا | بَا یْ نَ نَا | ہمارے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مابین فیصلہ، بَینُ الاقوامی |
| | بِالْحَقِّ | بِلْ حَقْ قِ | حق کے ساتھ | ح ق ق | حق، حقوق، حق بات، حقیقت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَا تُشْطِطْ | وَلَا تُشْ طِ طْ | اور بے انصافی نہ کیجئے | ش ط ط | |
| | وَاهْدِنَآ | وَہْ دِنَا.. | اور ہماری رہنمائی کیجئے | ہ د ی | ہِدَایت، ہَادِیٔ عالَم، ہَادِیٔ کائنات |
| | اِلٰی سَوَآءِ | اِلَا سَ وَا...ءِ | کی طرف سیدھی | س و ء | سَوَا سَوَا، مُسَاوِی، مُسَاوَات |
| | الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾ | صِ صِ رَا طِ | راہ (راستہ) | ص ر ط | پُلِ صِراط، صِراطِ مُستَقِیم (رسالہ کا نام) |
| ۲۳ | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | هٰذَآ | ہَا ذَا.. | یہ | | مَسْجِدِ ہٰذَا، حَامِلِ رُقعہ ہٰذَا، لِہٰذَا |

فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ هٰذَآ

پس آپ ہمارے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر دیجئے اور نا انصافی نہ کیجئے اور ہمیں سیدھی راہ بتا دیجئے ﴿۲۲﴾ (سینئے) یہ میرا بھائی ہے اس کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَخِیْ قف | اَ خِ یْ | میرا بھائی ہے | ء خ و | اُخُوَّت پروگرام، مُوَاخَات، اُخُوَّت، اِخْوَانُ الْمُسْلِمِین |
| | لَهٗ | لَ ہُوْ | اس کے پاس | | |
| | تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ | تِسْ عُوْں وَتِسْ عُوْنَ | ننانوے | | |
| | نَعْجَةً | نَ عْ جَ تَاؤں | دُنبیاں ہیں | ن ع ج | |
| | وَّلِیَ | وَلِ یَ | اور میرے پاس | | سَیر وسَیاحت، عِلم وحِکمت، شَب وروز |
| | نَعْجَةٌ | نَ عْ جَ تُوں | دُنبی ہے | ن ع ج | |
| | وَّاحِدَةٌ قف | وَا حِ دَتُنْ | ایک ہی | و ح د | وَاحِد، وَحدانیت، تَوحِید، مُوَحِّد |
| | فَقَالَ | فَ قَا لَ | تو اس نے کہا ہے: | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | اَكْفِلْنِيْهَا | اَ کْ فِلْ نِیْ ہَا | وہ بھی میرے سپرد کر دے | ك ف ل | کَفِیل، کَفَالَت، ذُوالکِفل (نام) |
| | وَعَزَّنِیْ | وَعَ زْ زَ نِیْ | اور مجھ پر غالب آ گیا ہے | ع ز ز | اَلعَزِیز (غالب، اللہ کا صفاتی نام)، عَزِیزِ مِصر، مُعَزَّز، مُعجِزَات |

اَخِیْ قف لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِیَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ قف فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِیْ

پاس ننانوے دُنبیاں ہیں اور میرے پاس ایک ہی دُنبی ہے لیکن یہ مجھ سے کہہ رہا ہے کہ اپنی یہ ایک بھی مجھ ہی کو دے دے اور مجھ پر بات میں بڑی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِی الْخِطَابِ ﴿۲۳﴾ | فِلْ خِ طَا ب | بات کرنے میں | خ ط ب | خُطبہ، خَطِیب، خِطَاب، مُخَاطِب |
| ۲۴ | قَالَ | قَا لَ | اس (داؤد) نے فرمایا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لَقَدْ | لَ قَ دْ | بلاشبہ تحقیق | | |
| | ظَلَمَكَ | ظَ لَ مَ کَ | اس نے تجھ پر ظلم کیا ہے | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمِین |
| | بِسُؤَالِ | بِ سُ آ لِ | سوال کر کے | س ء ل | سُوال، مَسئَلَہ، مَسئُول، سَائِل |
| | نَعْجَتِكَ | نَ عْ جَ تِ کَ | تیری دُنبی کا | ن ع ج | |
| | اِلٰی نِعَاجِهٖ ط | اِ لَا نِ عَا جِ ہٖ | (تاکہ اسے بھی ملا لے) اپنی دُنبیوں میں | ن ع ج | رُجُوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | وَاِنَّ | وَ اِ ن نَ | اور بلاشبہ | | لَیل ونَہار، رَحِیم وکَرِیم، رَنج واَلَم |
| | كَثِيْرًا | کَ ثِیْ رَ | بہت سے | ك ث ر | خَیرِ کَثِیر، کَثرت، اَکثر، کَثِیر لوگ |

فِی الْخِطَابِ ﴿۲۳﴾ قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰی نِعَاجِهٖ ط وَاِنَّ كَثِيْرًا

سختی برتتا ہے ﴿۲۳﴾ آپ نے فرمایا! اس کا اپنی دُنبیوں کے ساتھ میری ایک دُنبی ملا لینے کا سوال بیشک تیرے اوپر ایک ظلم ہے اور اکثر حصہ دار اور شریک

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنَ الْخُلَطَآءِ | م مِنَ لْ خُ لَ طَا ... ءِ | شرکاء | خ ل ط | خلط ملط ہونا، اِختِلَاط، مَخلُوط |
| | لَيَبْغِیْ | لَ يَبْ غِیْ | یقیناً زیادتی کرتے ہیں | ب غ ی | بَاغِی، بَغَاوَت، بَاغِی گروہ |
| | بَعْضُهُمْ | بَ عْ ضُ ہُمْ | ان کے بعض | ب ع ض | بعض لوگ، بَعضُ النَّاس، بَعضِ اَشیاء |
| | عَلٰی بَعْضٍ | عَ لَا بَ عْ ضِنْ | بعض پر | ب ع ض | بعض لوگ، بَعضُ النَّاس، بَعضِ اَشیاء |
| | اِلَّا | اِ ل لَ | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمَان، مُؤمِن، اِیمَان |
| | وَعَمِلُوا | وَ عَ مِ لُ | اور انہوں نے عمل کئے | ع م ل | عَمَل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| | الصّٰلِحٰتِ | ص صَا لِ حَا تِ | نیک | ص ل ح | صَالِحِین، صُلحَاء، اَعمَالِ صَالِح |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | **مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ** | | | | |
| | (ایسے ہی ہوتے ہیں کہ) ایک دوسرے پر ظلم کرتے ہیں، سوائے انکے جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کئے اور ایسے لوگ بہت ہی کم ہیں اور | | | | |
| | وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ؕ | وَ قَ لِيْ لُم مَا هُمْ | اور ایسے لوگ تھوڑے ہی ہیں | ق ل ل | قَلِیل، قَلِیل مُدّت، اِلاَّ قَلِیل، قِلّت |
| | وَظَنَّ | وَ ظَن نَ | اور یقین کرلیا | ظ ن ن | ظَنّ، حُسنِ ظَنّ، سُوءِ ظَنّ، بدظَنّ |
| | دَاوٗدُ | دَا ؤُ وُ دُ | داؤد نے | | حضرت داؤد علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اَنَّمَا | اَن نَ مَا | کہ بس | | |
| | فَتَنّٰهُ | فَ تَن نَا هُ | ہم نے اسے آزمایا ہے | ف ت ن | فِتنہ پَرور، فِتنہ باز، پُرفِتَن دَور |
| | فَاسْتَغْفَرَ | فَس تَ غْ فَ رَ | تو اس نے بخشش مانگی | غ ف ر | غَفّار، عَبدُالغفور، غافِر، اِستِغفار |
| | رَبَّهٗ | رَب بَ هُوْ | اپنے ربّ سے | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العالَمِین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | وَخَرَّ | وَ خَ رَ رَ | اور وہ گر پڑا | خ ر ر | سَیر و سَیاحت، عِلم و حِکمت، شَب و روز |
| | رَاكِعًا | رَا كِ عَا ؤں | رکوع میں | ر ك ع | رُکُوع، رَاکِع، رُکُوع کرنا |
| | وَّاَنَابَ ۩ ﴿24﴾ السجدة | وَ اَ نَا بَ | اور رجوع کیا | ن و ب | مُنِیبُ الرَّحمٰن، اِنابت (رُجوع کرنا) |
| | **وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ؕ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۩ ﴿24﴾ السجدة** | | | | |
| | داؤد (علیہ السلام) سمجھ گئے کہ ہم نے انہیں آزمایا ہے، پھر تو اپنے رب سے استغفار کرنے لگے اور عاجزی کرتے ہوئے گر پڑے اور (پوری طرح) رجوع کیا ﴿24﴾ | | | | |
| ۲۵ | فَغَفَرْنَا | فَ غَ فَ رْ نَا | پھر ہم نے بخش دی | غ ف ر | غَفّار، عَبدُالغفور، غافِر، اِستِغفار |
| | لَهٗ | لَ هُوْ | اس کی | | |
| | ذٰلِكَ ؕ | ذَا لِ كَ | یہ (غلطی) | | |
| | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بے شک | | شان و شوکت، صبر و تحمّل، ذِکر و اذکار |
| | لَهٗ | لَ هُوْ | اس کے لئے | | |
| | عِنْدَنَا | عِ نْ دَ نَا | ہمارے پاس | ع ن د | عِندَاللہ ماجُور ہوں (اللہ کے پاس سے اجر ملے گا) |

السجدۃ ۱۰

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَزُلْفٰی | لَ زُلْ فَا | یقیناً بڑا قریب ہے | ز ل ف | ہم زُلف، زُلفِ یاراں |
| | وَحُسْنَ | وَحُسْ نَ | اور اچھا | ح س ن | حَسن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |
| | مَاٰبٍ ﴿٢٥﴾ | مَ آ ب | ٹھکانا ہے | ء و ب | |
| ٢٦ | یٰدَاوٗدُ | یَا دَا وُو دُ | اے داوٗد! | | حضرت داوٗد علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اِنَّا | اِن نَا | بے شک ہم نے | | |
| | جَعَلْنٰكَ | جَ عَ لْ نَا کَ | تجھے بنایا ہے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جعلی نوٹ جعلی مُقابلہ، جعلی کا غذات |

فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ؕ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰی وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿٢٥﴾ یٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ

پس ہم نے بھی ان کا وہ (قصور) معاف کر دیا، یقیناً وہ ہمارے نزدیک بڑے مرتبہ والے اور بہت اچھے ٹھکانے والے ہیں ﴿٢٥﴾ اے داوٗد!

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | خَلِیْفَةً | خَ لِیْ فَ تَنْ | خلیفہ | خ ل ف | ناخلف، سَلَف وخَلَف، خلیفہ، خلافت |
| | فِی الْاَرْضِ | فِلْ اَرْ ضِ | زمین میں | ء ر ض | ارض وسماء، اَراضی، کُرۂ ارض |
| | فَاحْکُمْ | فَ حْ کُ مْ | لہٰذا تو فیصلہ کر | ح ك م | حاکم، محکمۂ عدل، حَکَم، حُکّام |
| | بَیْنَ | بَ اَیْ نَ | درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | النَّاسِ | ن نَا سِ | لوگوں کے | ن و س | خیرُ النّاس، عامّۃُ النّاس، عوامُ النّاس |
| | بِالْحَقِّ | بِلْ حَق قِ | حق کے ساتھ | ح ق ق | حق، حُقوق، حق بات، حقیقت |
| | وَلَا تَتَّبِعِ | وَلَا تَت تَ بِ عِ | اور نہ اتباع کر | ت ب ع | تابعدار، تابع فرماں، اِتّباعِ سُنّت |
| | الْهَوٰی | لْ هَ وَا | (اپنی) خواہش کا | ھ و ی | ہَوائے نَفس، ہَوا و ہَوَس |
| | فَیُضِلَّكَ | فَ یُ ضِل لَ كَ | ورنہ وہ تجھے گمراہ کر دے گا | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضلالت وگمراہی |

خَلِیْفَةً فِی الْاَرْضِ فَاحْکُمْ بَیْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰی فَیُضِلَّكَ

ہم نے تمہیں زمین میں خلیفہ بنا دیا تم لوگوں کے درمیان حق کے ساتھ فیصلے کرو اور اپنی نفسانی خواہش کی پیروی نہ کرو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنْ سَبِیْلِ | عَنْ سَ بِیْ لِ | راہ سے | س ب ل | سَبیل، سُبُل، فی سَبیل اللہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهِ ط | ل لَا هْ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | يَضِلُّوْنَ | یَ ضِل لُوْ نَ | گمراہ ہوتے ہیں | ض ل ل | ضَلالَت (گمراہی)، ضَلالَت وگُمراہی |
| | عَنْ سَبِيْلِ | عَنْ سَ بِیْ لِ | راستے سے | س ب ل | سَبِیل، سُبُل، فِی سَبِیلِ اللہ |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | لَهُمْ | لَ هُمْ | ان کے لئے | | |
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُنْ | عذاب ہے | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جہنّم، عَذابِ آخرت |
| | شَدِيْدٌ | شَ دِیْ دُمْ | شدید | ش د د | شَدِید، شِدّت، اَشدّ ضُروری |

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ط اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ

ورنہ وہ تمہیں اللہ تعالیٰ کی راہ سے بھٹکا دے گی، یقیناً جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ سے بھٹک جاتے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِمَا | بِ مَا | اس وجہ سے جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | نَسُوْا | نَ سُوْ | انہوں نے بھلا دیا | ن س ی | اِنسانی خُلیہ، خُوبصُورت اِنسان، اِنسانیت، اِنسانی وَقار |
| | يَوْمَ | یَا ؤْ مَ | یومِ | ی و م | یومِ قائِد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | الْحِسَابِ ﴿٢٦﴾ ع | لْ حِ سَا بِ | حساب کو | ح س ب | حِساب وکِتاب، حِساب دَان، یَومِ حِساب |
| ۲۷ | وَمَا | وَ مَا | اور نہیں | | شَان وشوکت، صبر وتَحَمُّل، ذِکر واذکار |
| | خَلَقْنَا | خَ لَقْ نَا | پیدا کیا ہم نے | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خَلقت |
| | السَّمَآءَ | س سَ مَا...ءَ | آسمان | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضَ | وَلْ اَرْ ضَ | اور زمین کو | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضِی، کُرۂ اَرض |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو کچھ | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَيْنَهُمَا | بَا ئِ نَ ہُ مَا | ان کے درمیان ہے | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | بَاطِلًا ط | بَا طِ لَا | بے کار | ب ط ل | بَاطِل فرقہ، بَاطِل عَقیدہ، حق وبَاطِل |

ع ۲

بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ﴿٢٦﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ط

اس لئے کہ انہوں نے حساب کے دن کو بھلا دیا ہے ﴿٢٦﴾ اور ہم نے آسمان و زمین اور ان کے درمیان کی چیزوں کو ناحق

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ كَ | یہ (تو) | | |
| | ظَنُّ | ظَن نُ | گمان ہے | ظ ن ن | ظَنّ، حُسنِ ظَنّ، سُوءِ ظَنّ، بَدظَنّ |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ يْ نَ | ان لوگوں کا جنھوں نے | | |
| | كَفَرُوْا ج | كَ فَ رُوْ | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| | فَوَيْلٌ | فَ وَا ئِ لُ | چنانچہ ہلاکت ہے | | وَیل (جہنم کی وادی) |
| | لِّلَّذِيْنَ | ل لِل لَ ذِ يْ نَ | ان لوگوں کے لئے جنھوں نے | | |
| | كَفَرُوْا | كَ فَ رُوْ | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| | مِنَ النَّارِ ﴿٢٧﴾ | مِ نَن نَا ر | (دوزخ کی) آگ سے | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سَموم |
| ٢٨ | اَمْ | اَ مْ | کیا | | |
| | نَجْعَلُ | نَ جْ عَ لُ | ہم بنا دیں گے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ جَعلی مُقابلہ، جَعلی کا غذات |

ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ج فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ﴿٢٧﴾ اَمْ نَجْعَلُ

پیدا نہیں کیا، اور گمان تو کافروں کا ہے سو کافروں کے لئے خرابی (ہلاکت) ہے آگ کی ﴿٢٧﴾ کیا ہم ان لوگوں کو جو ایمان لائے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ يْ نَ | ان لوگوں کو جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |
| | وَعَمِلُوا | وَ عَ مِ لُ | اور انہوں نے عمل کئے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمول |
| | الصّٰلِحٰتِ | ص صَا لِ حَا تِ | نیک | ص ل ح | صَالِحین، صُلحاء، اَعمالِ صَالح |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَالْمُفْسِدِيْنَ | کَل مُف سِ دِیْن | ان لوگوں کی طرح جو فساد کرنے والے ہیں | ف س د | فساد، فسادات، فتنہ وفساد، مُفسِد |
| | فِي الْاَرْضِ ز | فِل اَرْض | زمین میں؟ | ء ر ض | ارض وسماء، اراضی، کُرہ ارض |
| | اَمْ نَجْعَلُ | اَم نَ ج عَ لُ | یا ہم بنا دیں گے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جعلی نوٹ، جعلی مقابلہ، جعلی کا غذات |
| | الْمُتَّقِيْنَ | لُ مُت تَ قِیْ نَ | پرہیزگاروں کو | و ق ی | مُتَّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ ز اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ

اور نیک عمل کئے ان کے برابر کر دیں گے جو (ہمیشہ) زمین میں فساد مچاتے رہے، یا پرہیزگاروں کو بدکاروں جیسا کر دیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَالْفُجَّارِ ﴿۲۸﴾ | کَل فُ ج جَار | بدکاروں کی طرح؟ | ف ج ر | فِسق وفُجور، فاسق وفاجر، فُجّار |
| ۲۹ | كِتٰبٌ | کِ تا بُن | (یہ) ایک کتاب ہے | ك ت ب | کتابِ حکمت، کتاب اللہ، کتابت |
| | اَنْزَلْنٰهُ | اَن زَل نا ہُ | ہم نے اسے نازل کیا | ن ز ل | نازِل، نُزولِ قرآن، نازِلہ |
| | اِلَيْكَ | اِ لَ یْ کَ | آپ کی طرف | | اَلدَّاعِیُ اِلَی الْخَیر، مَکتوبُ اِلَیہ، مُرسَلُ اِلَیہ |
| | مُبٰرَكٌ | مُ با رَ کُن | بڑی برکت والی ہے | ب ر ك | بَرکت، برکات، مُبارک باد |
| | لِّيَدَّبَّرُوْٓا | لِ یَد دَب بَ رُو.. | تاکہ وہ غور کریں | د ب ر | تَدَبُّر، تدبیر کرنے والا، مُدبّر آدمی |
| | اٰيٰتِهٖ | آ یا تِ ہِیْ | اس کی آیتوں پر | ء ی ی | آیت، آیات (نشانیاں)، آیاتِ بیّنہ |
| | وَلِيَتَذَكَّرَ | وَ لِ یَ تَ ذَک کَ رَ | اور تاکہ نصیحت پکڑیں | ذ ك ر | تذکیر ونصیحت، ذِکر و اذکار، ذاکر |
| | اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۹﴾ | اُ لُل اَل بَاب | عقل والے | ل ب ب | اُولُوالعزم، اُولُوالعلم، لُبِّ لُباب، لَبیب آدمی (عقلمند) |

كَالْفُجَّارِ ﴿۲۸﴾ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۹﴾

گے؟ ﴿۲۸﴾ یہ بابرکت کتاب ہے جسے ہم نے آپ کی طرف اس لئے نازل فرمایا ہے کہ لوگ اسکی آیتوں پر غور وفکر کریں اور عقلمند اس سے نصیحت حاصل کریں ﴿۲۹﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۰ | وَوَهَبْنَا | وَ وَ ہَب نَا | اور ہم نے عطا کیا | و ھ ب | ہِبہ کرنا، وَاہِب، عَبدُالوہّاب، وَہّاب (اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام) |
| | لِدَاوٗدَ | لِ دَا وُو دَ | داؤد کو | | حضرت داؤد علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | سُلَيْمٰنَ ط | سُ لَ یْ مَان | سلیمان | | حضرت سلیمان علیہ السلام (نبی کا نام) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نِعْمَ | نِ عْ مَ | وہ اچھا | ن ع م | |
| | الْعَبْدُ ؕ | لْ عَبْ د | بندہ تھا | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابد، مَعبُود |
| | اِنَّهٗۤ | اِن نَ ہُوْ.. | بلاشبہ وہ | | |
| | اَوَّابٌ ﴿۳۰﴾ ؕ | اَو وَا ب | بہت رجوع کرنے والا تھا | ء و ب | |
| ۳۱ | اِذْ عُرِضَ | اِذْ عُ رِضَ | جب پیش کئے گئے | ع ر ض | عَرضی نَوِیس، مَعرُوضات، عَرض کرنا |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئْ ہِ | اس پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | بِالْعَشِيِّ | بِلْ عَ شی یِ | دن کے پچھلے پہر | ع ش ی | عِشائیہ، نمازِ عِشاء، وقتِ عِشاء |

وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ؕ﴿۳۰﴾ اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ

اور ہم نے داؤد کو سلیمان (نامی فرزند) عطا فرمایا، جو بڑا اچھا بندہ تھا اور بے حد رجوع کرنے والا تھا ﴿۳۰﴾ جب انکے سامنے شام کے وقت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الصّٰفِنٰتُ | ص صَا فِ نَا تُ | اصیل تیز رفتار | ص ف ن | |
| | الْجِيَادُ ﴿۳۱﴾ ۙ | لْ جِ یَا د | عمدہ گھوڑے | ج و د | جَیّدِ عُلَماء، جَیّدِ اَشیاء |
| ۳۲ | فَقَالَ | فَ قَا لَ | تو اس نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اِنِّيْۤ اَحْبَبْتُ | اِن نِیْ.. اَحْ بَبْ تُ | بلاشبہ میں نے محبوب رکھا ہے | ح ب ب | حُبّ، اَحباب، مُحِبّ، مَحبّت، حَبِیب |
| | حُبَّ | حُب بَ | محبت کو | ح ب ب | حُبّ، اَحباب، مُحِبّ، مَحبّت، حَبِیب |
| | الْخَيْرِ | لْ خَا ئْ رِ | مال (گھوڑوں) کی | خ ی ر | خیر خواہی، خیر و شر، خیر و برکت |
| | عَنْ ذِكْرِ | عَنْ ذِکْ رِ | یاد کی وجہ سے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مذکور، ذکرِ الٰہی |
| | رَبِّيْ ج | رَب بِیْ | اپنے رب کی | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | حَتّٰى | حَت تا | یہاں تک کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّٰی کہ |

الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ۙ﴿۳۱﴾ فَقَالَ اِنِّيْۤ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى

تیز رو خاصے گھوڑے پیش کئے گئے ﴿۳۱﴾ تو کہنے لگے میں نے اپنے پروردگار کی یاد پر ان گھوڑوں کی محبت کو ترجیح دی، یہاں تک کہ (آفتاب)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَوَارَتۡ | تَ وَا رَت | (وہ گھوڑے) چُھپ گئے | و ر ی | مَاوراءُالنّہر، مَاورائے آئین مَاورائے عدالت |
| | بِالۡحِجَابِ ﴿۳۲﴾ | بِلۡ حِ جَا ب | پردے میں | ح ج ب | حِجَاب، حَاجِب، عَورَت کا حِجَاب |
| ۳۳ | رُدُّوۡهَا | رُ دُ دُوۡ هَا | (کہا:) ان کو واپس لاؤ | ر د د | رَدّ کرنا، رَدِّ کُفر، اِرتِدَاد، فِتنَہ اِرتِدَاد |
| | عَلَیَّ ؕ | عَ لَا ئِیۡ یَ | میرے پاس | | عَلَی الاِعلَان، عَلَی العُمُوم |
| | فَطَفِقَ | فَ طَ فِ قَ | تو وہ لگے | ط ف ق | |
| | مَسۡحًا | مَسۡ حَمۡ | (ہاتھ) پھیرنے (ان کی) | م س ح | مَسۡح کرنا، مَسۡحُ الرَّأس (سَر کا مسح) |
| | بِالسُّوۡقِ | بِس سُوۡ قِ | پنڈلیوں پر | س و ق | اَلسُّوۡق (پنڈلیاں) |
| | وَالۡاَعۡنَاقِ ﴿۳۳﴾ | وَلۡ اَعۡ نَا ق | اور گردنوں پر | ع ن ق | عُنُق (واحد، گردن) اَعۡنَاق (جمع) |
| ۳۴ | وَلَقَدۡ | وَ لَ قَ دۡ | اور بلاشبہ تحقیق | | سَیروسَیاحت، عِلم وحِکمت، شَب وروز |

تَوَارَتۡ بِالۡحِجَابِ ﴿۳۲﴾ رُدُّوۡهَا عَلَیَّ ؕ فَطَفِقَ مَسۡحًا بِالسُّوۡقِ وَالۡاَعۡنَاقِ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدۡ

چھپ گیا ﴿۳۲﴾ ان (گھوڑوں) کو دوبارہ میرے سامنے لاؤ! پھر تو پنڈلیوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرنا شروع کر دیا ﴿۳۳﴾ اور ہم نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَتَنَّا | فَ تَن نَا | ہم نے آزمایا | ف ت ن | فِتنَہ پَرور، فِتنَہ باز، پُرفِتَن دور |
| | سُلَيۡمٰنَ | سُ لَا ئِیۡ مَا نَ | سلیمان کو | | حضرت سلیمان علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَاَلۡقَيۡنَا | وَ اَلۡ قَا ئِیۡ نَا | اور ہم نے ڈالا | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | عَلٰی كُرۡسِيِّهٖ | عَ لَا کُرۡ سِی یِ ہِیۡ | اس کی کرسی پر | ك ر س | کُرسِی، کَرَاسِی (جمع)، آیۃُ الکُرسِی |
| | جَسَدًا | جَ سَ دَنۡ | ایک جسم | ج س د | جَسَد، اَجسَاد، جَسَدِ خَاکی |
| | ثُمَّ | ثُمۡ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اَنَابَ ﴿۳۴﴾ | اَ نَا ب | اس نے رجوع کیا | ن و ب | مُنِیبُ الرَّحمٰن، اِنَابَت (رُجُوع کرنا) |
| ۳۵ | قَالَ | قَا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوَالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | رَبِّ | رَب بِ | اے میرے ربّ! | ر ب ب | اَربَاب، مُربّی، رَبُّ العَالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اغْفِرْ لِیْ | غْ فِ رْ لِیْ | تو بخش دے مجھے | غ ف ر | غَفَّار، عَبۡدُ الغَفُور، غافِر، اِستِغفَار |

فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝٣٤ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ

سلیمان (علیہ السلام) کی آزمائش کی اور ان کے تخت پر ایک جسم ڈال دیا پھر اس نے رجوع کیا ۝٣٤ کہا کہ اے میرے ربّ! مجھے بخش دے اور مجھے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَهَبْ | وَ هَبْ | اور تو عطا کر | و ه ب | ہِبہ کرنا، وَاہِب، عَبۡدُ الوَہاب وَہّاب (اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام) |
| | لِیْ | لِیْ | مجھے | | |
| | مُلْكًا | مُ لْ كَ | ایسی بادشاہی (کہ) | م ل ك | مُلک، مُلوک، مملکتِ اِسلامی |
| | لَّا يَنْۢبَغِيْ | ل لَا یَمْ بَ غِیْ | نہ لائق ہو | ب غ ی | |
| | لِاَحَدٍ | لِ اَ حَ دِ | کسی کے لئے | ء ح د | وَاحِد، وَحدانیت، توحِید، مُوَحِّد |
| | مِّنْۢ بَعْدِيْ ج | م مِمْ بَ عْ دِیْ | میرے بعد | ب ع د | بَعد ازاں، بَعد از طَعام، بَعِید |
| | اِنَّكَ اَنْتَ | اِنْ نَ كَ اَنْ تَ | بلاشبہ تو ہی ہے | | |
| | الْوَهَّابُ ۝٣٥ | لْ وَہ ہَا ب | بہت عطا کرنے والا | و ه ب | ہِبہ کرنا، وَاہِب، عَبۡدُ الوَہاب وَہّاب (اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام) |
| ٣٦ | فَسَخَّرْنَا | فَ سَ خْ خَ رْ نَا | چنانچہ ہم نے تابع کر دی | س خ ر | تسخیرِ کائنات، مُسَخَّر کرنا |
| | لَهٗ | لَ ہُ | اس کے لئے | | |

وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝٣٥ فَسَخَّرْنَا لَهُ

ایسا ملک عطا فرما جو میرے سوا کسی (شخص) کے لائق نہ ہو، تو بڑا ہی دینے والا ہے ۝٣٥ پس ہم نے ہوا کو انکے ماتحت کر دیا وہ آپکے حکم سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الرِّيْحَ | رِ رِیْ حَ | ہوا | ر و ح | رِیاح، رِیح، رِیاحی دَرد |
| | تَجْرِيْ | تَ جْ رِیْ | وہ چلتی تھی | ج ر ی | جاری وساری، اِجراء، جریان |
| | بِاَمْرِهٖ | بِ اَمْ رِ ہِیْ | اس کے حکم سے | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | رُخَآءً | رُ خَا ... ءَنْ | نرمی سے | ر خ و | |
| | حَيْثُ | حَایْ ثُ | جہاں کا | ح ی ث | مِن حَیثُ القوم، بحیثیت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَصَابَ ﴿٣٦﴾ | اَصَاب | وہ ارادہ کرتا | ص و ب | مُصِیبت، صَائِبُ الرَّائے |
| ٣٧ | وَالشَّيٰطِيْنَ | وَشْ شَ یَاطِیْ نَ | اور (تابع کر دیا) شیطانوں کو (بھی) | ش ط ن | شیطانی خیال، شیطانی وسوسے |
| | كُلَّ | کُلْ لَ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | بَنَّآءٍ | بَنْ نَا...ءِ یْ اُوْں | ماہر عمارت بنانے والے کو | ب ن ی | بُنیانِ مرصوص، بنانا، بناؤ، بنایا |
| | وَّغَوَّاصٍ ﴿٣٧﴾ | وَغَاوْوَاص | اور ماہر غوطہ لگانے والے کو | غ و ص | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذِکر واذکار |

الرِّيْحَ تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَيْثُ اَصَابَ ﴿٣٦﴾ وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ﴿٣٧﴾

جہاں آپ چاہتے نرمی سے پہنچا دیا کرتی تھی ﴿٣٦﴾ اور (طاقتور) جنات کو بھی (انکا ماتحت کر دیا) ہر عمارت بنانے والے کو اور غوطہ خور کو ﴿٣٧﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٣٨ | وَّاٰخَرِيْنَ | وَآخَرِیْنَ | اور دوسروں کو | ء خ ر | آخر، آخرین، اُخریٰ |
| | مُقَرَّنِيْنَ | مُقَرْرَنِیْنَ | جو کہ جکڑے ہوئے تھے | ق ر ن | |
| | فِي الْاَصْفَادِ ﴿٣٨﴾ | فِلْ اَصْ فَاد | زنجیروں میں | ص ف د | فِي الحال، فِي الفور، فِي الوقت |
| ٣٩ | هٰذَا | ہَاذَا | یہ ہے | | مسجدِ ہٰذا، حاملِ رقعہ ہٰذا، الہٰذا |
| | عَطَآؤُنَا | عَ طَا...ءُ نَا | ہماری بخشش | ع ط ی | عطا کرنا، عطایا، عطا کردہ |
| | فَامْنُنْ | فَمْ نُنْ | پھر تو احسان کر | م ن ن | مَنّ واحسان، عبدُ المنّان (نام) |
| | اَوْ | آوْ | یا | | |
| | اَمْسِكْ | اَمْ سِكْ | محفوظ رکھ | م س ك | مُمسِک، اِمساک (روکنا) تمسّک باللّٰہ |
| | بِغَيْرِ | بِ غَائِ رِ | نہیں ہوگا | غ ی ر | اجازت کے بغیر، بغیر ضرورت |

وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿٣٨﴾ هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ

اور دوسرے جنات کو بھی جو زنجیروں میں جکڑے رہتے ﴿٣٨﴾ یہ ہے ہمارا عطیہ اب تو احسان کر یا روک رکھ، کچھ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حِسَابٍ ﴿٣٩﴾ | حِ سَاب | کوئی حساب | ح س ب | حساب وکتاب، حساب دان، یوم حساب |
| ٤٠ | وَاِنَّ | وَاِنْ نَ | اور بے شک | | لیل ونہار، رحیم وکریم، رنج والم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَهٗ | لَ هُوْ | اس کے لئے | | |
| | عِنْدَنَا | عِ نْ دَ نَا | ہمارے پاس | ع ن د | عِندَاللہ ماجُور ہوں (اللہ کے پاس سے اجر ملے گا) |
| | لَزُلْفٰى | لَ زُلْ فَا | یقیناً بڑا اقرب ہے | ز ل ف | ہم زُلف، زُلفِ یاراں |
| | وَحُسْنَ | وَ حُ سْ نَ | اور اچھا | ح س ن | حسن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |
| | مَاٰبٍ ۝۴۰ ع | مَ آ ب | ٹھکانا ہے | ء و ب | |
| ۴۱ | وَاذْكُرْ | وَ ذْ کُ رْ | اور آپ یاد کریں | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| | عَبْدَنَآ | عَبْ دَ نَا.. | ہمارے بندے | ع ب د | عَبدُاللہ، عِباد، عِبادُالرَّحمٰن |
| | اَيُّوْبَ ۘ | آ یُ یُوْ بَ | ایوب کو | | حضرت ایوب علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اِذْ | اِ ذْ | جب | | |

حِسَابٍ ۝۳۹ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ۝۴۰ ع وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ

وقف لازم | ع ۱۲

حساب نہیں ۝۳۹ ان کے لئے ہمارے پاس بڑا تقرب ہے اور بہت اچھا ٹھکانا ہے ۝۴۰ اور ہمارے بندے ایوب (علیہ السلام) کا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نَادٰى | نَا دَا | اس نے پکارا | ن د و | ندا آئی، مُنادی کرنا، ندائے مِلّت |
| | رَبَّهٗٓ | رَ بْ بَ هُوْ.. | اپنے ربّ کو | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | اَنِّیْ | اَ نْ نِیْ | کہ بلاشبہ | | |
| | مَسَّنِیَ | مَسْ سَ نِ یَ | مجھے پہنچائی | م س س | مَس کرنا (چھونا)، مَساس کرنا |
| | الشَّيْطٰنُ | شْ شَا ئِیْ طَا نُ | شیطان نے | ش ط ن | شیطانی خیال، شیطانی وسوسے |
| | بِنُصْبٍ | بِ نُصْ بِیْ اُوْں | سخت تکلیف | ن ص ب | |
| | وَّعَذَابٍ ۝۴۱ ط | وَ عَ ذَا ب | اور اذیت | ع ذ ب | عَذابِ الٰہی، عَذابِ جہنم، عَذابِ آخرت |
| ۴۲ | اُرْكُضْ | اُ رْ کُ ضْ | (اللہ نے فرمایا:) تو مار | ر ك ض | |
| | بِرِجْلِكَ ج | بِ رِجْ لِ کَ | اپنا پیر (زمین پر) | ر ج ل | رِجل (واحد، پاؤں)، اَرجُل (جمع) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ | | مَسْجِدْ ہٰذَا، حَامِلْ رُقْعَہ ہٰذَا، لِہٰذَا |

نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّىْ مَسَّنِىَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّ عَذَابٍ ﴿٤١﴾ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا

(بھی) ذکر کر، جبکہ اس نے اپنے ربّ کو پکارا کہ مجھے شیطان نے رنج اور دُکھ پہنچایا ہے ﴿٤١﴾ اپنا پاؤں مارو، یہ نہانے کا ٹھنڈا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُغْتَسَلٌۢ | مُ غْ تَ سَ لُمْ | غسل کرنے کا پانی ہے | غ س ل | غُسل کرنا، غُسل خانہ، غَسِیلُ المَلائکہ |
| | بَارِدٌ | بَا رِ دُوْں | ٹھنڈا | ب ر د | مَاءِ بَارِد (ٹھنڈا پانی) |
| | وَّشَرَابٌ ﴿٤٢﴾ | وَشْ رَا ب | اور مشروب ہے | ش ر ب | شَربت، مَشرُوب، شَراب |
| ٤٣ | وَوَهَبْنَا | وَ وَہَبْ نَا | اور ہم نے عطا کیے | و ه ب | ہِبہ کرنا، وَاہِب، عَبدُالوَہاب وَہّاب (اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام) |
| | لَهٗٓ | لَ ہُوْ | اس کو | | |
| | اَهْلَهٗ | اَہْ لَ ہُوْ | اس کے گھر والے | ء ه ل | اَہل وعَیال، اَہلِ خانہ، اَہلِ بَیت |
| | وَمِثْلَهُمْ | وَمِثْ لَ ہُمْ | اور ان کے برابر (مزید) | م ث ل | مِثَال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل، مِثَالیں |
| | مَّعَهُمْ | مَ عَ ہُمْ | ان کے ساتھ | | مَع اَہل وعَیال، مَعِیّت |
| | رَحْمَةً | رَحْ مَ تَنْ | رحمت | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحِیم، رَحم وکَرم |
| | مِّنَّا | مِمْ مِنْ نَا | اپنی سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |

مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّ شَرَابٌ ﴿٤٢﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا

اور پینے کا پانی ہے ﴿٤٢﴾ اور ہم نے اسے اس کا پورا کنبہ عطا فرمایا بلکہ اتنا ہی اور بھی اسی کے ساتھ اپنی (خاص) رحمت سے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَذِكْرٰى | وَ ذِكْ رَا | اور نصیحت | ذ ك ر | تذکیر ونَصِیحت، ذِکر واذکار، ذَاکِر |
| | لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿٤٣﴾ | لِ اُلِلْ اَلْ بَا ب | عقل مندوں کے لئے | ل ب ب | اُولُوالعَزم، اُولُوالعِلم لُبِّ لُبَاب، لَبِیب آدمی (عقلمند) |
| ٤٤ | وَخُذْ | وَ خُذْ | اور تو پکڑ | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | بِيَدِكَ | بِ یَ دِكَ | اپنے ہاتھ میں | ی د ی | یَدِ بَیضا، یَدِطُولیٰ، رَفعِ یَدَین، قَطعِ یَد |
| | ضِغْثًا | ضِغْ ثَنْ | ایک مٹھا تنکوں کا (جھاڑو) | ض غ ث | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاضْرِبْ | فَ ضْ رِ بْ | پھر تو مار | ض ر ب | ضَربِ کارِی، مَضرُوب، ضَارِب |
| | بِّهٖ | بِ ہِیْ | اس کے ساتھ (اپنی بیوی کو) | | |
| | وَلَا تَحْنَثْ ط | وَ لَا تَ حْ نَ ثْ | اور تُو قسم نہ توڑ | ح ن ث | لاتعداد، لاعِلاج، لاعِلم، لاجَواب |

وَ ذِكْرٰى لِاُولِی الْاَلْبَابِ ﴿۴۳﴾ وَ خُذْ بِیَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَ لَا تَحْنَثْ ط

اور عقلمندوں کی نصیحت کے لئے ﴿۴۳﴾ اور اپنے ہاتھ میں تنکوں کا ایک مٹھا (جھاڑو) لے کر مار دے اور قسم کے خلاف نہ کر،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّا | اِن نَا | بے شک ہم نے | | |
| | وَجَدْنٰهُ | وَ جَ دْ نَا هُ | اس کو پایا | و ج د | وَجد، وِجدان، وَاجِد(نام)، مَوجُود |
| | صَابِرًا ط | صَا بِ رَا | صابر | ص ب ر | صَبر، صَابر، صَبُور، صَابرین |
| | نِعْمَ | نِ عْ مَ | وہ اچھا | ن ع م | نِعمت، اِنعام، نِعمَ البَدل |
| | الْعَبْدُ ط | لْ عَ بْ د | بندہ تھا | ع ب د | عَبد، عِبَادَت، عابِد، عِبَادُ اللہ |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُوْ | بلاشبہ وہ | | |
| | اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾ | اَو وَا ب | بہت رجوع کرنے والا تھا | ء و ب | |
| ۴۵ | وَاذْكُرْ | وَ ذْ كُ رْ | اور یاد کیجئے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| | عِبٰدَنَآ | عِ بَا دَ نَا.. | ہمارے بندوں | ع ب د | عَبدُ اللہ، عِباد، عِبَادُ الرَّحمٰن |
| | اِبْرٰهِیْمَ | اِبْ رَا هِیْ مَ | ابراہیم | | حضرت ابراہیم علیہ السلام (نبی کا نام) |

اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ط نِعْمَ الْعَبْدُ ط اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾ وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِیْمَ

سچ تو یہ ہے کہ ہم نے اسے بڑا صابر بندہ پایا، وہ بڑا نیک بندہ تھا اور بڑی ہی رغبت رکھنے والا ﴿۴۴﴾ ہمارے بندوں ابراہیم (علیہ السلام)،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاِسْحٰقَ | وَ اِسْ حَا قَ | اور اسحاق | | حضرت اسحاق علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَیَعْقُوْبَ | وَ یَ عْ قُوْ بَ | اور یعقوب کو | | حضرت یعقوب علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اُولِی الْاَیْدِیْ | اُ لِلْ اَیْ دِیْ | جو قوت والے | ی د ی | یدِ بَیضا، یَدِطُولیٰ، رَفع یدین، قَطع ید |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْاَبْصَارِ ۝۴۵ | وَلْ اَبْ صَا رِ | اور بصیرت (والے) تھے | ب ص ر | بَصارت، بَصیرت، اَبصار |
| ۴۶ | اِنَّآ | اِن نا.. | بے شک ہم نے | | |
| | اَخْلَصْنٰهُمْ | اَخْ لَصْ نَا هُمْ | انہیں چُن لیا تھا | خ ل ص | خالِص، مُخلِص، اِخلاص |
| | بِخَالِصَةٍ | بِ خَا لِ صَ تِنْ | ایک خاص خصلت کے ساتھ | خ ل ص | خالِص، مُخلِص، اِخلاص |

وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ۝۴۵ اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ

اسحاق (علیہ السلام) اور یعقوب (علیہ السلام) کا بھی لوگوں سے ذکر کرو جو ہاتھوں اور آنکھوں والے تھے ۝۴۵ ہم نے انہیں ایک خاص بات

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ذِكْرَى | ذِکْ رَ | جو یاد کے ساتھ ہے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| | الدَّارِ ۝۴۶ | دْ دَا ر | گھر کی (یعنی آخرت) | د و ر | دارِ اَرقم، دارِ فانی، دِیارِ غیر |
| ۴۷ | وَاِنَّهُمْ | وَ اِن نَ هُمْ | اور بے شک وہ | | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذِکر واذکار |
| | عِنْدَنَا | عِنْ دَ نَا | ہمارے نزدیک | ع ن د | عِندَ اللہ ماجُور ہوں (اللہ کے پاس سے اجر ملے گا) |
| | لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ | لَ مِ نَلْ مُصْ طَ فَا یْ نَ | یقیناً چُنے ہوئے بندوں میں سے تھے | ص ف و | محمدٌ مصطفیٰ ﷺ، نظامِ مُصطفوی |
| | الْاَخْيَارِ ۝۴۷ | لْ اَخْ یَا ر | بہترین | خ ی ر | خیر خواہی، خیر وشر، خیر وبرکت |
| ۴۸ | وَاذْكُرْ | وَ ذْ کُ رْ | اور یاد کیجئے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |

ذِكْرَى الدَّارِ ۝۴۶ وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ۝۴۷ وَاذْكُرْ

یعنی آخرت کی یاد کے ساتھ مخصوص کر دیا تھا ۝۴۶ یہ سب ہمارے نزدیک برگزیدہ اور بہترین لوگ تھے ۝۴۷ اسماعیل (علیہ السلام)،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِسْمٰعِيْلَ | اِسْ مَا عِیْ لَ | اسماعیل | | حضرت اسماعیل علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَالْيَسَعَ | وَلْ یَ سَ عَ | اور یَسَعَ | | حضرت یسع علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَذَا الْكِفْلِ ؕ | وَ ذَلْ کِفْ لِ | اور ذُو الکفل کو | | حضرت ذو الکفل علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَكُلٌّ | وَ کُل لُ | اور ہر ایک (ان میں سے) | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | مِّنَ الْاَخْيَارِ ۝۴۸ | مِ مِ نَلْ اَخْ یَا ر | نیکوں میں سے تھا | خ ی ر | خیر خواہی، خیر وشر، خیر وبرکت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۹ | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ | | مَسجِدِ ہٰذَا، حامِلِ رُقعہ ہٰذَا، لِہٰذَا |
| | ذِكْرٌ ؕ | ذِ کْ رٌ | ایک نصیحت ہے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکِر، مَذکور، ذِکرِ الٰہی |
| | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بے شک | | لَیل و نَہار، رَحِیم و کَرِیم، رَنج و اَلَم |

اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ؕ ۴۸ هٰذَا ذِكْرٌ ؕ وَاِنَّ

یسع (علیہ السلام) اور ذوالکفل (علیہ السلام) کا بھی ذکر کر دیجئے، یہ سب بہترین لوگ تھے ۴۸ یہ نصیحت ہے اور یقین مانو کہ پرہیزگاروں کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِلْمُتَّقِيْنَ | لِلْ مُت تَ قِیْ نَ | متقیوں کے لئے | و ق ی | مُتَّقی لوگ، تَقویٰ و پَرہیزگاری |
| | لَحُسْنَ | لَ حُسْ نَ | یقیناً اچھا | ح س ن | حَسَن، اِحسان، مُحسِن، مُحسِنات |
| | مَاٰبٍ ۙ ۴۹ | مَ آ ب | ٹھکانا ہے | ء و ب | |
| ۵۰ | جَنّٰتِ | جَن نَا تِ | (یعنی) باغات ہیں | ج ن ن | جَنّتِ فِردوس، جَنّتُ المُعلّٰی، جَنّتُ البَقیع |
| | عَدْنٍ | عَ دْ نِن | ہمیشہ رہنے کے | ع د ن | عَدْن (نام) |
| | مُّفَتَّحَةً | م مُ فَت تَ حَ ةً | کھلے ہوں گے | ف ت ح | فَتحِ مُبِین، فَتح، فاتِح، سُورۃُ الفَتح |
| | لَّهُمُ | ل لَ ہُمُ | ان کے لئے | | |
| | الْاَبْوَابُ ۚ ۵۰ | لْ اَبْ وَا ب | (ان کے) دروازے | ب و ب | بابِ رَحمت، بابِ عُمرہ، بابِ اَرقم |
| ۵۱ | مُتَّكِـِٕيْنَ | مُت تَ کِ ءِ یْ نَ | تکیے لگائے ہوں گے | و ك ء | تَکیہ لگائے ہوئے ہے، گاؤ تَکیہ |

لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ۙ ۴۹ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ۚ ۵۰ مُتَّكِـِٕيْنَ

بڑی اچھی جگہ ہے ۴۹ (یعنی ہمیشگی والی) جنتیں جن کے دروازے ان کے لئے کھلے ہوئے ہیں ۵۰ جن میں بافراغت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | ان میں | | فِی الحال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | يَدْعُوْنَ | یَ دْ عُوْ نَ | وہ منگوائیں گے | د ع و | دُعا دینا، دَعوت دینا، مَدعُو کرنا، دَعویٰ کرنا، مُدَّعی، مُدَّعِیہ |
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | ان میں | | فِی الحال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | بِفَاكِهَةٍ | بِ فَا کِ ہَ تِن | میوے | ف ك ه | فاکِہہ (پھل)، فَواکِہہ (جمع) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَثِيْرَةٍ | کَ ثِيْ رَتِنْ اُوْں | بہت سے | ك ث ر | خیرِ کثیر، کثرت، اکثر، کثیر لوگ |
| | وَّشَرَابٍ ﴿٥١﴾ | وَ شَ رَاب | اور مشروبات | ش ر ب | شربت، مشروب، شراب |
| ۵۲ | وَعِنْدَهُمْ | وَ عِنْ دَ هُمْ | اور ان کے پاس ہوں گے | ع ن د | عِندَاللہ ماجور ہوں (اللہ کے پاس سے اجر ملے گا) |
| | قٰصِرٰتُ | قَا صِ رَا تُ | نیچی رکھنے والی | ق ص ر | |

فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿٥١﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ

تکیے لگائے بیٹھے ہوئے طرح طرح کے میوے اور قسم قسم کی شرابوں کی فرمائشیں کر رہے ہیں ﴿٥١﴾ اور ان کے پاس نیچی نظروں والی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الطَّرْفِ | طْ طَرْفِ | نگاہ | ط ر ف | طرف، اطراف، طرفین |
| | اَتْرَابٌ ﴿٥٢﴾ | اَتْ رَاب | ہم عمر (بیویاں) | ت ر ب | |
| ۵۳ | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ ہے | | مسجد ہٰذا، حاملِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذا |
| | مَا تُوْعَدُوْنَ | مَا تُوْعَ دُوْنَ | وہ (جزا) جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا | و ع د | وعدہ وفائی، وعدہ وعید، وعدہ کرنا |
| | لِيَوْمِ | لِ يَاوْمِ | دن کے لئے | ی و م | یوم قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | الْحِسَابِ ﴿٥٣﴾ | لْ حِ سَاب | حساب | ح س ب | حساب و کتاب، حساب دان یومِ حساب |
| ۵۴ | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ | | مسجد ہٰذا، حاملِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذا |
| | لَرِزْقُنَا | لَ رِزْ قُ نَا | یقیناً ہمارا رزق ہے | ر ز ق | رزق، رازق، رزّاق، رزقِ حلال |
| | مَالَهٗ | مَا لَ ہُوْ | نہیں ہے اس کے لئے | | |

الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿٥٢﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿٥٣﴾ اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ

ہم عمر حوریں ہوں گی ﴿٥٢﴾ یہ ہے جس کا وعدہ تم سے حساب کے دن کے لئے کیا جاتا تھا ﴿٥٣﴾ بیشک روزیاں (خاص) ہمارا عطیہ ہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ نَّفَادٍ ﴿٥٤﴾ | مِن نَ فَاد | کبھی ختم ہونا | ن ف د | |
| ۵۵ | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ ہے (معاملہ اہلِ خیر کا) | | مسجد ہٰذا، حاملِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بلا شبہ | | شِیر وشُکر، شَب و روز، اُمید و رَجا |
| | لِلطّٰغِيْنَ | لِط طَا غِیْ نَ | سرکشوں کے لئے | ط و غ | طُغیانی، سمندر میں طُغیانی، طاغوت |
| | لَشَرَّ | لَ شَر رَ | یقیناً بہت بُرا | ش ر ر | شرّ، شریر، شریر آدمی، خیر و شرّ |
| | مَاٰبٍ ﴿۵۵﴾ | مَ آ ب | ٹھکانا ہے | ء و ب | |
| ۵٦ | جَهَنَّمَ | جَ ہَن نَ مَ | (یعنی) جہنم | ج ھ م | جہنّم کا عذاب، جہنّم کی وادی |
| | يَصْلَوْنَهَا | يَص لَا وْ نَ ہَا | وہ اس میں داخل ہوں گے | ص ل و | |
| | فَبِئْسَ | فَ بِ x سَ لْ | اور بُری ہے وہ | ب ء س | |

مِنْ نَّفَادٍ ﴿۵۴﴾ هٰذَا ۭ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿۵۵﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ

جن کا کبھی خاتمہ ہی نہیں ﴿۵۴﴾ یہ تو ہوئی جزاء، (یاد رکھو کہ) سرکشوں کیلئے بڑی بُری جگہ ہے ﴿۵۵﴾ دوزخ ہے جس میں وہ جائیں گے (آہ)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمِهَادُ ﴿۵٦﴾ | اَلْ مِ ہَا دُ | آرام کرنے کی جگہ | م ھ د | مَہدُ اللُّغہ، تمہید، مَہد سے لَحد تک علم حاصل کرنا |
| ۵۷ | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ ہے (عذاب) | | مسجدِ ہٰذا، حاملِ رُقعہ ہٰذا، لہٰذا |
| | فَلْيَذُوْقُوْهُ | فَلْ يَ ذُ وْ قُوْ هُ | تو چاہئے کہ وہ اس کو چکھیں | ذ و ق | ذوق وشوق، ذائقۃ الموت، خوش ذائقہ |
| | حَمِيْمٌ | حَ مِیْ مُوْن | کھولتا ہوا پانی | ح م م | |
| | وَّغَسَّاقٌ ﴿۵۷﴾ | وَ غَس سَا ق | اور پیپ | غ س ق | سیر وسیاحت، علم وحکمت، شب و روز |
| ۵۸ | وَّاٰخَرُ | وَ آ خَ رُ | اور دوسرے (عذاب) ہیں | ء خ ر | آخر، اُخریٰ، تاخیر، مُؤخّر، طاؤس و رُباب آخر |
| | مِنْ شَكْلِهٖٓ | مِن شَ کْ لِ ہِیْ.. | اس کی طرح ہی | ش ك ل | شکل، اَشکال، شکل وصورت |
| | اَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾ | اَز وَا ج | کئی قسم کے | ز و ج | زوجہ محترمہ، ازواجِ مطہّرات |
| ۵۹ | هٰذَا | ہَا ذَا | (کہا جائے گا:) یہ ہے | | مسجدِ ہٰذا، حاملِ رُقعہ ہٰذا، لہٰذا |

الْمِهَادُ ﴿۵٦﴾ هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿۵۷﴾ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖٓ اَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾ هٰذَا

کیا ہی برا بچھونا ہے ﴿۵٦﴾ یہ ہے، پس اسے چکھیں، گرم پانی اور پیپ ﴿۵۷﴾ اسکے علاوہ اور طرح طرح کے عذاب ﴿۵۸﴾ یہ ایک قوم ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَوْجٌ | فَا وْ جُ | ایک گروہ | ف و ج | فوج دَر فَوج، اَفواجِ پاکستان |
| | مُّقْتَحِمٌ | م مُق تَ حِ مُ | جو گھسا چلا آتا ہے | ق ح م | |
| | مَّعَكُمْ ج | م مَ عَ کُ مْ | تمہارے ساتھ | | مَعَ اَہل وعَیال، مَعِیَّت |
| | لَا مَرْحَبًا | لَا مَ رْ حَ بَمْ | نہ خوشی اور فراخی ہو | ر ح ب | کَلِمَۃُ التَّرحِیب (مَرحَبا کہنا) |
| | بِهِمْ ط | بِ ہِمْ | ان کے لئے | | |
| | اِنَّهُمْ | اِن نَ ہُمْ | بے شک یہ | | |
| | صَالُوا | صَا لُ | داخل ہونے والے ہیں | ص ل و | |
| | النَّارِ ﴿٥٩﴾ | ن نَا ر | آگ میں | ن و ر | نارِ نَمرود، نارِ جَہنَّم، نارِ سَموم |
| ٦٠ | قَالُوا | قَا لُوْ | وہ کہیں گے: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | اَنْتُمْ قف | اَنْ تُمْ | تم ہی ہو (ایسے کہ) | | |

فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ج لَا مَرْحَبًا بِهِمْ ط اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ﴿٥٩﴾ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ قف

جو تمہارے ساتھ (آگ میں) جانے والی ہے، کوئی خوش آمدید ان کیلئے نہیں ہے یہی تو جہنم میں جانیوالے ہیں ﴿٥٩﴾ وہ کہیں گے بلکہ تم ہی ہو جن کیلئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَا مَرْحَبًا | لَا مَ رْ حَ بَمْ | نہ خوشی اور فراخی ہو | ر ح ب | کَلِمَۃُ التَّرحِیب (مَرحَبا کہنا) |
| | بِكُمْ ط | بِ کُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ | اَنْ تُمْ قَ دْ دَمْ تُ مُوْ ہُ | تمہی اس (عذاب) کو آگے لائے ہو | ق د م | قَدَم، اَقدام، نَقشِ قَدَم، قَدَم بَقَدَم |
| | لَنَا ج | لَ نَا | ہمارے لئے | | |
| | فَبِئْسَ | فَ بِ x سَ | سو بُرا ہے وہ | ب ء س | |
| | الْقَرَارُ ﴿٦٠﴾ | لْ قَ رَا ر | ٹھکانا | ق ر ر | اِستقرارِ حَمل، مُستَقِر، قَرار گاہ |
| ٦١ | قَالُوا | قَا لُوْ | وہ کہیں گے: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَبَّنَا | رَب بَ نَا | اے ہمارے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | مَنْ قَدَّمَ | مَنْ قَد دَمَ | جو آگے لایا | ق د م | قَدَم، اَقدام، نَقشِ قدم، قَدَم بقدم |

لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ۭ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ۝ قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ

کوئی خوش آمدید نہیں ہے تم ہی نے تو اسے پہلے ہی سے ہمارے سامنے لا رکھا تھا، پس رہنے کی بڑی بری جگہ ہے ﴿۶۰﴾ وہ کہیں گے اے ہمارے رب!

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَنَا | لَ نَا | ہمارے لئے | | |
| | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ (عذاب) | | مَسجِدِ ہٰذَا، حَامِلِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذَا |
| | فَزِدْهُ | فَ زِدْ ہُ | تو تُو اس کو زیادہ کر | ز و د | زِیادہ، زَائِد، مَزِید، زِیادَات |
| | عَذَابًا | عَ ذَا بَنْ | عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جہنّم عَذابِ آخرت |
| | ضِعْفًا | ضِ عْ فَنْ | دُگنا | ض ع ف | ذُو اَضعَافِ اَقَل، مُضاعَف |
| | فِي النَّارِ ۝۶۱ | فِن نَار | آگ میں | ن و ر | نارِ نَمرود، نارِ جہنم، نارِ سَموم |
| ۶۲ | وَقَالُوْا | وَ قَا لُوْ | اور وہ کہیں گے: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | مَا | مَا | کیا ہے | | |
| | لَنَا | لَ نَا | ہمارے لئے | | |
| | لَا نَرٰى | لَا نَ رَا | ہم نہیں دیکھتے | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہِلال، غَیر مَرئی |
| | رِجَالًا | رِجَا لَنْ | ان آدمیوں کو | ر ج ل | اَسماءُ الرِّجال کی کُتُب، رِجال کشی قحطُ الرِّجال |
| | كُنَّا | کُن نَا | (کہ) ہم تھے | ك و ن | |

لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ۝ وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا

جس نے (کفر کی رسم) ہمارے لئے پہلے سے نکالی ہو اسکے حق میں جہنم کی دُگنی سزا کر دے ﴿۶۱﴾ اور جہنمی کہیں گے کیا بات ہے کہ وہ لوگ ہمیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نَعُدُّهُمْ | نَ عُد دُ ہُمْ | انہیں شمار کرتے | ع د د | عَدد، اَعداد، مَعدُود، اَعداد و شُمار |
| | مِّنَ الْاَشْرَارِ ۝۶۲ | مِ نَل اَشْ رَار | بُرے لوگوں میں؟ | ش ر ر | شَرّ، شَرِیر، شَرِیر آدمی، خَیر و شَرّ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٣ | اَتَّخَذْنٰهُمْ | اَت تَ خَ ذْ نَا ہُمْ | کیا ہم نے ان کو (دنیا میں) بنائے رکھا | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُوَاخَذہ کرنا، |
| | سِخْرِيًّا | سِ خْ رِی یَنْ | مذاق (غلط طور پر) | س خ ر | مَسخَرہ آدمی، مَسخَرہ پن، تَمَسخُر اُڑانا |
| | اَمْ زَاغَتْ | اَمْ زَاغَتْ | یا پھر گئیں | ز و غ | |
| | عَنْهُمُ | عَنْ ہُمُ | ان سے | | |
| | الْاَبْصَارُ ﴿٦٣﴾ | لْ اَبْ صَار | (ہماری) نگاہیں؟ | ب ص ر | بَصارت، بَصِیرت، اَبصار |

نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿٦٢﴾ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿٦٣﴾

دکھائی نہیں دیتے جنہیں ہم بُرے لوگوں میں شمار کرتے تھے ﴿٦٢﴾ کیا ہم نے ہی ان کا مذاق بنا رکھا تھا یا ہماری نگاہیں ان سے ہٹ گئی ہیں ﴿٦٣﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٤ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | ذٰلِكَ | ذَالِ کَ | یہ | | |
| | لَحَقٌّ | لَ حَق قُنْ | یقیناً حق ہے | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقَت |
| | تَخَاصُمُ | تَ خَا صُ مُ | آپس میں جھگڑنا | خ ص م | خصم، خُصُومَت، مُخَاصَمَت |
| | اَهْلِ | اَہْ لِ | اہلِ | ء ھ ل | اَہل وعَیَال، اَہلِ خانہ، اَہلِ بَیت |
| | النَّارِ ﴿٦٤﴾ | ن نَار | دوزخ کا | ن و ر | نَارِ نَمرود، نَارِ جَہنَم، نَارِ سَموم |
| ٦٥ | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوَالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | اِنَّمَآ اَنَا | اِن نَ مَا.. اَ نَا | بس میں تو | | |
| | مُنْذِرٌ | مُنْ ذِ رُوْں | ایک ڈرانے والا ہوں | ن ذ ر | نَذِیر وبَشِیر، اِنذَار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| | وَّمَا | وَ مَا | اور نہیں ہے | | شَان وشَوکَت، صَبر وتَحَمُّل، ذِکر واذکَار |
| | مِنْ اِلٰهٍ | مِنْ اِلَاہِنْ | کوئی معبود | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿٦٤﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ

ع ٤ ١٣

یقین جانو کہ دوزخیوں کا یہ جھگڑا ضرور ہی ہوگا ﴿٦٤﴾ کہہ دیجئے! کہ میں تو صرف خبردار کرنے والا ہوں اور سوائے اللہ واحد غالب کے اور کوئی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَّآ | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | الْوَاحِدُ | لْ وَا حِ دُ | جو ایک ہے | و ح د | واحد، وَحدانیت، توحید، مُوَحِّد |
| | الْقَهَّارُ ۝٦٥ | لْ قَ ہ ہَا ر | بہت غلبے والا ہے | ق ھ ر | قاہر، عَبدُالقاہِر، قہر نازل ہونا |
| ٦٦ | رَبُّ | رَ ب بُ | رب ہے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں | س م و | سماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضِ | وَلْ اَ رْ ضِ | اور زمین کا | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | وَمَا | وَ مَا | اور ان کا جو کچھ | | مَاشَاءَاللہ، مافوقَ الفِطرت، ماتحت |
| | بَيْنَهُمَا | بَ ءْ نَ ہُ مَ | ان دونوں کے درمیان ہے | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مابَین فیصلہ بَینُ الاقوامی |
| | الْعَزِيْزُ | لْ عَ زِ ی زُ | خوب غالب | ع ز ز | اَلعزیز (غالِب، اللہ کا صفاتی نام)، عَزیزِ مصر، مُعزّز، مُعزّزات |
| | الْغَفَّارُ ۝٦٦ | لْ غَف فَا ر | بہت معاف کرنے والا | غ ف ر | غَفّار، عَبدُالغفور، مَغفِرت، غفّاری |

اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝٦٥ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۝٦٦

لائق عبادت نہیں ۝٦٥ جو پروردگار ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، وہ زبردست اور بڑا بخشنے والا ہے ۝٦٦

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٧ | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | هُوَ | ہُ وَ | وہ | | |
| | نَبَؤٌا | نَ بَ ءُ نْ | ایک خبر ہے | ن ب ء | نَبی، اَنبیاء، ختمِ نبوت، اَنباء (سعودی چینل) |
| | عَظِيْمٌ ۝٦٧ | عَ ظِی م | بہت بڑی | ع ظ م | عَظیم، اَعظم، عَظمت، وزارتِ عُظمیٰ |
| ٦٨ | اَنْتُمْ | اَنْ تُم | تم | | |
| | عَنْهُ | عَ نْ ہُ | اس سے | | |
| | مُعْرِضُوْنَ ۝٦٨ | مُ عْ رِ ضُو ن | مُنہ پھیرنے والے ہو | ع ر ض | اِعراض کرنا، اِعراض برتنا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶۹ | مَا كَانَ | مَا كَا نَ | نہیں ہے | ك و ن | |
| | لِيَ | لِ یَ | مجھے | | |
| | مِنْ عِلْمٍ | مِنْ عِلْ مِمْ | کوئی علم | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علاّمہ |
| | بِالْمَلَإِ | بِلْ مَ لَ إِ | مجلس کا | م ل ء | |

قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيمٌ ۝٦٧ أَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُونَ ۝٦٨ مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَإِ

آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کہہ دیجئے کہ یہ بہت بڑی خبر ہے ۝٦٧ جس سے تم بے پرواہ ہو رہے ہو ۝٦٨ مجھے ان بلند قدر فرشتوں کی (بات چیت کا)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْأَعْلَىٰ | لْ اَ عْ لَا.. | اونچی | ع ل و | عُلوّ، عُلیا، اعلیٰ و ارفع، عالی مقام |
| | إِذْ | اِذْ | جب | | |
| | يَخْتَصِمُونَ ۝٦٩ | یَ خْ تَ صِ مُوْ نَ | وہ آپس میں تکرار کر رہے تھے | خ ص م | خصم، خُصُومت، مُخاصمت |
| ۷۰ | إِنْ | اِیْں | نہیں | | |
| | يُوحَىٰ | یُوْ حَا.. | وحی کی جاتی | و ح ی | وحی مَتلُو، وحی غیر مَتلُو، وحی کا آنا |
| | إِلَيَّ | اِلَا ئِ یَ | میری طرف | | مُرسَل اِلَیہ، مکتوب اِلَیہ |
| | إِلَّا | اِل لَا.. | مگر | | اِلّا ما شاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | أَنَّمَا أَنَا | اَن نَ مَا.. اَ نَا | (یہ کہ) بس میں تو | | |
| | نَذِيرٌ | نَ ذِ ىْ رُ | ایک ڈرانے والا ہوں | ن ذ ر | نذیر و بشیر، انذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| | مُبِينٌ ۝٧٠ | م مُ بِیْ ن | کھلا | ب ی ن | بیان، مُبیّنہ طور پر، دلیلِ بیّن |
| ۷۱ | إِذْ | اِذْ | جب | | |
| | قَالَ | قَا لَ | کہا | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |

الْأَعْلَىٰ إِذْ يَخْتَصِمُونَ ۝٦٩ إِنْ يُوحَىٰ إِلَيَّ إِلَّا أَنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُبِينٌ ۝٧٠ إِذْ قَالَ

کوئی علم ہی نہیں جبکہ وہ تکرار کر رہے تھے ۝٦٩ میری طرف فقط یہی وحی کی جاتی ہے کہ میں تو صاف آگاہ کر دینے والا ہوں ۝٧٠ جبکہ آپ کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَبُّكَ | رَ ب بُ کَ | آپ کے ربّ نے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | لِلْمَلٰٓئِكَةِ | لِلْ مَ لَا...ءِ کَ ةِ | فرشتوں سے: | م ل ك | مَلَکُ المَوت (مَوت کا فرِشتہ) مَسجُودِ مَلَائکہ |
| | اِنِّىْ | اِن نِیْ | بے شک میں | | |
| | خَالِقٌۢ | خَا لِ قُم | پیدا کرنے والا ہوں | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خلقت |
| | بَشَرًا | بَ شَ رَ | ایک بشر | ب ش ر | بَشارت، مُبَشِّر، بَشِیر، بُشریٰ |
| | مِّنْ طِيْنٍ ۝٧١ | م مِنْ طِیْ ن | مٹی سے | ط ی ن | پَاک طِینَت (پاک مٹی)، بدطِینَت |
| ٧٢ | فَاِذَا | فَ اِ ذَا | لہٰذا | | |
| | سَوَّيْتُهٗ | سَا وْ وَا يْ تُ ہُوْ | جب میں اسے ٹھیک بنادوں | س و ی | تَسوِیَۃُ الصُّفُوف (صفوں کو سیدھا کرنا) مُساوات، مُساوِی |
| | وَنَفَخْتُ | وَ نَ فَ خْ تُ | اور میں پھونک دوں | ن ف خ | نَفخِ صُور، نَافِخ (پھونکنے والا) |
| | فِيْهِ | فِیْ ہِ | اس میں | | فِی الْحَال، فِی الفور، فِی الْوَقت |

رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّىْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ۝٧١ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ

رب نے فرشتوں سے ارشاد فرمایا کہ میں مٹی سے انسان کو پیدا کرنے والا ہوں ۝٧١ سو جب میں اسے ٹھیک ٹھاک کرلوں اور اس میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ رُّوْحِىْ | مِر رُوْ حِیْ | اپنی (پیدا کردہ) روح سے | ر و ح | رُوح، رُوحانی، رُوحانی عِلاج |
| | فَقَعُوْا | فَ قَ عُوْ | توتم گر پڑنا | و ق ع | وَاقِع ہونا، وُقُوعہ ثَابِت ہونا |
| | لَهٗ | لَ ہُوْ | اس کے لئے | | |
| | سٰجِدِيْنَ ۝٧٢ | سَا جِ دِ يْنَ | سجدہ کرتے ہوئے | س ج د | سَجدَہ، سَاجِد، مَسجُود، سَجدَہ گاہ، مَسجِد |
| ٧٣ | فَسَجَدَ | فَ سَ جَ دَ | پھر سجدہ کیا | س ج د | سَجدَہ، سَاجِد، مَسجُود، سَجدَہ گاہ، مَسجِد |
| | الْمَلٰٓئِكَةُ | لْ مَ لَا...ءِ کَ ةُ | فرشتوں نے | م ل ك | مَلَکُ المَوت (مَوت کا فرِشتہ) مَسجُودِ مَلَائکہ |
| | كُلُّهُمْ | کُل لُ ہُمْ | سب کے سب | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | اَجْمَعُوْنَ ۝٧٣ | اَجْ مَ عُوْ نَ | اکٹھے | ج م ع | جَمع، جَمِیع، اِجماع، مَجمَع، مجموعہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷۴ | اِلَّآ | اِل لَا.. | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |

مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّآ

اپنی رُوح پھونک دوں، تو تم سب اس کے سامنے سجدے میں گر پڑنا﴿۷۲﴾ چنانچہ تمام فرشتوں نے سجدہ کیا﴿۷۳﴾ مگر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِبْلِيْسَ ؕ | اِ بْ لِیْ س | ابلیس نے | | |
| | اِسْتَكْبَرَ | اِسْ تَ كْ بَ رَ | اس نے تکبر کیا | ك ب ر | کِبر، اَکبر، کُبریٰ، کَبیر، کَبیرہ |
| | وَكَانَ | وَ كَ ا نَ | اور وہ ہو گیا | ك و ن | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذِکر واذکار |
| | مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ | مِ نَلْ كَا فِ رِ يْنَ | کافروں میں سے | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| ۷۵ | قَالَ | قَا لَ | اس (اللہ) نے فرمایا: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | يٰٓاِبْلِيْسُ | يَا.. اِ بْ لِیْ سُ | اے ابلیس! | | |
| | مَا | مَا | کس چیز نے | | مَاحول، مَافوق الفطرت، مَاجرہ |
| | مَنَعَكَ | مَ نَ عَ كَ | تجھے منع کیا | م ن ع | مَانع، مَمنوع، مُمانعت، مَنع کرنا |
| | اَنْ تَسْجُدَ | اَنْ تَسْ جُ دَ | اس سے کہ تو سجدہ کرے | س ج د | سَجدہ، سَاجد، مَسجود، سَجدہ گاہ، مَسجِد |

اِبْلِيْسَ ؕ اِسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ

ابلیس نے (نہ کیا)، اس نے تکبر کیا اور وہ تھا کافروں میں سے ﴿۷۴﴾ (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا اے ابلیس! تجھے اسے سجدہ کرنے سے کس چیز نے روکا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِمَا | لِ مَا | اس کو جسے | | مَاحول، مَافوق الفطرت، مَاجرہ |
| | خَلَقْتُ | خَ لَقْ تُ | میں نے پیدا کیا | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | بِيَدَيَّ ؕ | بِ يَ دَ ا ئِ يَ | اپنے ہاتھوں سے؟ | ی د ی | یدِ بیضا، یدِ طولیٰ، رفع یدین، قطع ید |
| | اَسْتَكْبَرْتَ | اَ سْ تَ كْ بَ رْ تَ | کیا تو نے تکبر کیا | ك ب ر | کِبر، اَکبر، کُبریٰ، کَبیر، کَبیرہ |
| | اَمْ | اَ مْ | یا | | |
| | كُنْتَ | كُنْ تَ | تو تھا | ك و ن | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الْعَالِیْنَ ﴿٧٥﴾ | مِ نَل عَا لِیْ ن | بلند درجہ لوگوں میں سے؟ | ع ل و | عُلُوّ، عُلْیَا، اَعلیٰ و اَرفَع، عَالِی مَقام |
| ٧٦ | قَالَ | قَا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | اَنَا | اَ نَا | میں | | |
| | خَیْرٌ | خَا ئِ رُ | بہتر ہوں | خ ی ر | خیر خواہی، خیر و شر، خیر و برکت |
| | مِّنْهُ ؕ | م مِن ہ | اس سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |

لِمَا خَلَقْتُ بِیَدَیَّ ؕ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِیْنَ ﴿٧٥﴾ قَالَ اَنَا خَیْرٌ مِّنْهُ ؕ

جسے میں نے اپنے ہاتھوں سے پیدا کیا، کیا تو کچھ گھمنڈ میں آ گیا ہے؟ یا تو بڑے درجے والوں میں سے ہے ﴿٧٥﴾ اس نے جواب دیا کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | خَلَقْتَنِیْ | خَ لَقْ تَ نِیْ | تو نے مجھے پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خِلقت |
| | مِنْ نَّارٍ | مِن نَا رِیْ اُوْں | آگ سے | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سَموم |
| | وَّخَلَقْتَهٗ | وَ خَ لَقْ تَ ہُوْ | اور تو نے اسے پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خِلقت |
| | مِنْ طِیْنٍ ﴿٧٦﴾ | مِنْ طِیْ ن | مٹی سے | ط ی ن | پاک طینت (پاک مٹی)، بدطینت |
| ٧٧ | قَالَ | قَا لَ | اس (اللہ) نے فرمایا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | فَاخْرُجْ | فَ خْ رُ جْ | اب تو نکل جا | خ ر ج | خارج، وزارتِ خارجہ مخرج، خُرُوج |
| | مِنْهَا | مِنْ ہَا | یہاں سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | فَاِنَّكَ | فَ اِنْ نَ كَ | کیونکہ بےشک تو | | |

خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِیْنٍ ﴿٧٦﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ

میں اس سے بہتر ہوں، تو نے مجھے آگ سے بنایا، اور اسے مٹی سے بنایا ہے ﴿٧٦﴾ ارشاد ہوا کہ تو یہاں سے نکل جا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَجِیْمٌ ﴿٧٧﴾ | رَ جِیْ م | مردود ہے | ر ج م | رَجیم بدلنا، حَدِّ رَجم لگانا |
| ٧٨ | وَّاِنَّ | وَ اِنْ نَ | اور بےشک | | لَیل و نہار، رَحیم و کَریم، رَنج و اَلَم |
| | عَلَیْكَ | عَ لَا ئِ كَ | تجھ پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَعۡنَتِيۡٓ | لَ عۡ نَ تِيۡ.. | میری لعنت ہے | ل ع ن | لَعنت کرنا،لَعِین،مَلعُون،لَعن طَعن |
| | اِلٰی یَوۡمِ | اِلَا یَاؤمِ | دن | ی و م | یومِ قائِد،یومِ اِقبال،یومِ عید |
| | الدِّيۡنِ ﴿۷۸﴾ | دِدِیۡ ن | جزا تک | د ی ن | یَومُ الدِّین (جزا کا دن) |
| ۷۹ | قَالَ | قَالَ | اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار،اَقوالِ زَرِّیں،مَقُولہ |
| | رَبِّ | رَب بِ | اے میرے رب | ر ب ب | اَرباب،مُربّی،رَبُّ العَالَمِین<br>رَبِّ کعبہ،رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | فَاَنۡظِرۡنِيۡٓ | فَ اَنۡ ظِ رۡ نِيۡ.. | پھر تو مجھے مہلت دے | ن ظ ر | اِنظَار(مُہلَت دینا) مُنظِر(مُہلت دینے والا) |
| | اِلٰی یَوۡمِ | اِلَا یَاؤمِ | اس دن تک کہ | ی و م | یومِ قائِد،یومِ اِقبال،یومِ عید |

رَجِیۡمٌ ﴿ۖۚ۷۷﴾ وَّ اِنَّ عَلَیۡکَ لَعۡنَتِیۡۤ اِلٰی یَوۡمِ الدِّیۡنِ ﴿۷۸﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنۡظِرۡنِیۡۤ اِلٰی یَوۡمِ

تو مردود ہوا۔(۷۷)اور تجھ پر قیامت کے دن تک میری لعنت و پھٹکار ہے ﴿۷۸﴾ کہنے لگا میرے رب مجھے لوگوں کے اُٹھ کھڑے ہونے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يُبۡعَثُوۡنَ ﴿۷۹﴾ | یُبۡ عَ ثُوۡ نَ | لوگ دوبارہ اٹھائے جائیں گے | ب ع ث | بِعثَت نَبوِی،مَبعُوث،مَبعَث |
| ۸۰ | قَالَ | قَالَ | اس (اللہ) نے فرمایا: | ق و ل | قَول وقَرار،اَقوالِ زَرِّیں،مَقُولہ |
| | فَاِنَّكَ | فَ اِن نَ کَ | اب بلاشبہ تو | | |
| | مِنَ الۡمُنۡظَرِيۡنَ ﴿ۙ۸۰﴾ | مِ نَلۡ مُنۡ ظَ رِ یۡنَ | ان لوگوں میں سے ہے جنہیں مہلت دی گئی ہے | ن ظ ر | اِنظَار(مُہلَت دینا) مُنظِر(مُہلت دینے والا) |
| ۸۱ | اِلٰی یَوۡمِ | اِلَا یَاؤمِ | اس دن تک | ی و م | یومِ قائِد،یومِ اِقبال،یومِ عید |
| | الۡوَقۡتِ | لۡ وَقۡ تِ | جس کا وقت (اللہ کے ہاں) | و ق ت | وَقت،اَوقات،وَقتِ نماز<br>مِیقات(احرام باندھنے کی جگہ) |
| | الۡمَعۡلُوۡمِ ﴿۸۱﴾ | لۡ مَ عۡ لُوۡم | معلوم (مقرر) ہے | ع ل م | عِلم،تَعلِیم،مُعَلِّم،مَعلُوم،عَلّامَہ |
| ۸۲ | قَالَ | قَالَ | اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار،اَقوالِ زَرِّیں،مَقُولہ |

یُبۡعَثُوۡنَ ﴿۷۹﴾ قَالَ فَاِنَّکَ مِنَ الۡمُنۡظَرِیۡنَ ﴿ۙ۸۰﴾ اِلٰی یَوۡمِ الۡوَقۡتِ الۡمَعۡلُوۡمِ ﴿۸۱﴾ قَالَ

کے دن تک مہلت دے ﴿۷۹﴾ (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا تو مہلت والوں میں سے ہے ﴿۸۰﴾ متعین وقت کے دن تک ﴿۸۱﴾ کہنے لگا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَبِعِزَّتِكَ | فَ بِ عِ زۡ زَ تِ کَ | تیری عزت کی قسم! | ع ز ز | عِزّتِ نَفس،مُعزَّز،عَزِیز |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَاُغْوِيَنَّهُمْ | لَ اُغْ وِ يَنْ نَ هُمْ | یقیناً میں ان کو ضرور گمراہ کروں گا | غ و ی | اِغوا کاری، مُغوِی، اِغوا ہونا |
| | اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٢﴾ | اَجْ مَ عِیْ نَ | سب کو | ج م ع | جمع، جمیع، اِجماع، مجمع، مجموعہ |
| ٨٣ | اِلَّا | اِلْ لَا | سوائے | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | عِبَادَكَ | عِ بَا دَ كَ | تیرے بندوں کے | ع ب د | عَبدُاللہ، عِباد، عِبادُالرَّحمٰن |
| | مِنْهُمُ | مِنْ هُمُ | ان میں سے | | مِنجانب، مِن حَیثُ القوم |
| | الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٨٣﴾ | لْ مُ خْ لَ صِیْ نَ | جو خالص کئے (چنے) ہوئے ہیں | خ ل ص | خالص، مُخلص، اِخلاص |
| ٨٤ | قَالَ | قَا لَ | (اللہ نے) فرمایا: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |

فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٢﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٨٣﴾ قَالَ

پھر تو تیری عزت کی قسم! میں ان سب کو یقیناً بہکا دوں گا ﴿٨٢﴾ سوائے تیرے ان بندوں کے جو چیدہ اور پسندیدہ ہوں ﴿٨٣﴾ فرمایا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَالْحَقُّ ز | فَلْ حَقْ قُ | تو حق یہی ہے | ح ق ق | حق، حقوق، حق بات، حقیقت |
| | وَالْحَقَّ | وَلْ حَقْ قَ | اور حق بات ہی | ح ق ق | حق، حقوق، حق بات، حقیقت |
| | اَقُوْلُ ﴿٨٤﴾ ج | اَ قُوْ لُ | میں کہتا ہوں | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| ٨٥ | لَاَمْلَئَنَّ | لَ اَمْ لَ ءَ نْ نَ | یقیناً میں ضرور بھر دوں گا | م ل ء | |
| | جَهَنَّمَ | جَ هَنْ نَ مَ | جہنم کو | | جہنّم کا عذاب، جہنّم کی وادی |
| | مِنْكَ | مِنْ كَ | تجھ سے | | مِنجانب، مِن حَیثُ القوم |
| | وَمِمَّنْ | وَ مِمْ مَنْ | اور ان سے جو | | شِیروشکر، شب و روز، اُمید و رجا |
| | تَبِعَكَ | تَ بِ عَ كَ | تیری پیروی کریں گے | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّباعِ سُنّت |
| | مِنْهُمْ | مِنْ هُمْ | ان میں سے | | مِنجانب، مِن حَیثُ القوم |

فَالْحَقُّ ز وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿٨٤﴾ ج لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ

سچ تو یہ ہے، اور میں سچ ہی کہا کرتا ہوں ﴿٨٤﴾ کہ تجھ سے اور تیرے تمام ماننے والوں سے میں (بھی) جہنم کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَجْمَعِيْنَ ۝٨٥ | اَ جْ مَ عِیْ نَ | سب سے | ج م ع | جَمْع، جَمِیع، اِجماع، مَجْمَع، مَجْمُوعہ |
| ٨٦ | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | مَآ اَسْـَٔلُكُمْ | مَا.. اَسْ ءَ لُ کُ مْ | میں تم سے نہیں مانگتا | س ء ل | سُوال، مَسئلہ، مَسئُول، سائل |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا يْ هِ | اس (تبلیغ) پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | مِنْ اَجْرٍ | مِنْ اَ جْ رِنْ اُ وْ نْ | کوئی اجر | ء ج ر | اجر، اُجرت، مُستاجر، اَجِیر (مزدور) |
| | وَّمَآ اَنَا | وَ مَا.. اَ نَا | اور میں نہیں ہوں | | سَحَر و اَفطار، نماز و روزہ، صُبح و شام |
| | مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ۝٨٦ | مِ نَلْ مُ تَ كَلْ لِ فِيْ نَ | تَکَلُّف کرنے والوں میں سے | ك ل ف | تَکلِیف، تَکَلُّف، مُکَلَّف ٹھہرانا |
| ٨٧ | اِنْ | اِنْ | نہیں ہے | | |
| | هُوَ | هُ وَ | یہ (قرآن) | | |

اَجْمَعِيْنَ ۝٨٥ قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ۝٨٦ اِنْ هُوَ

بھر دوں گا ۝٨٥ کہہ دیجئے کہ میں تم سے اس پر کوئی بدلہ طلب نہیں کرتا اور نہ میں تکلف کرنے والوں میں سے ہوں ۝٨٦ یہ تو تمام جہان والوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَّا | اِلْ لَا | مگر | | اِلّا ماشاءَاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قَلیل |
| | ذِكْرٌ | ذِ كْ رُ | عظیم نصیحت | ذ ك ر | تذکیر و نصیحت، ذِکر و اَذکار، ذاکر |
| | لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝٨٧ | لِ لْ عَا لَ مِيْ نَ | جہانوں کے لئے | ع ل م | عالَم رنگ و بُو، عالَم اسلام، عالَم کُفر |
| ٨٨ | وَلَتَعْلَمُنَّ | وَ لَ تَ عْ لَ مُنْ نَ | اور یقیناً تم ضرور جان لوگے | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، علّامہ |
| | نَبَاَهٗ | نَ بَ اَ هُوْ | اس کا حال (خبر) | ن ب ء | نَبی، اَنبیاء، خَتمِ نبوت، اَنباء (سعودی چینل) |
| | بَعْدَ | بَ عْ دَ | بعد | ب ع د | بَعدازاں، بَعدازطعام، بَعِید |
| | حِيْنٍ ۝٨٨ ع | حِيْ نْ | کچھ مدت کے | ح ی ن | |

اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝٨٧ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ۝٨٨ ع

کیلئے سراسر نصیحت (وعبرت) ہے ۝٨٧ یقیناً تم اس کی حقیقت کو کچھ ہی وقت کے بعد (صحیح طور پر) جان لو گے ۝٨٨

ع ٥ ٤٤ ١٤

# سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ

اٰيَاتُهَا ۷۵ (۳۹) سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ (۵۹) رُكُوْعَاتُهَا ۸

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | تَنْزِيْلُ | تَنْ زِیْ لُ | نازل کرنا | ن ز ل | نازِل، نُزُول قرآن، نازِلَہ |
| | الْكِتٰبِ | لْ کِ تا بِ | اس کتاب کا | ك ت ب | کِتاب حِکمت، کِتابُ اللہ، کِتابت |
| | مِنَ اللّٰهِ | مِ نَلْ لا ہِ | اللہ کی طرف سے ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | الْعَزِيْزِ | لْ عَ زِیْ زِ | جو بڑا غالب | ع ز ز | اَلعزیز (غالب، اللہ کا صفاتی نام)، عَزِیزِ مصر، مُعَزَّز، مُعَزَّزات |
| | الْحَكِيْمِ ① | لْ حَ کِیْ مِ | خوب حکمت والا ہے | ح ك م | حَکیم، حِکمت و دانائی، حُکماء |
| ۲ | اِنَّآ اَنْزَلْنَآ | اِن نا.. اَنْ زَلْ نا.. | بے شک ہم نے نازل کیا | ن ز ل | نازِل، نُزُول قرآن، نازِلَہ |
| | اِلَيْكَ | اِ لَا یْ کَ | آپ کی طرف | | اَلدّاعی اِلَی الخَیر، مَکتُوب اِلَیہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | الْكِتٰبَ | لْ کِ تا بَ | اس کتاب کو | ك ت ب | کِتاب حِکمت، کِتابُ اللہ، کِتابت |
| | بِالْحَقِّ | بِلْ حَق قِ | حق کے ساتھ | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقَت |

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ① اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ

اس کتاب کا اتارنا اللہ تعالیٰ غالب باحکمت کی طرف سے ہے ① یقیناً ہم نے اس کتاب کو آپ کی طرف حق کے ساتھ نازل فرمایا ہے پس آپ اللہ تعالیٰ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاعْبُدِ | فَ عْ بُ دِ | لہٰذا آپ عبادت کیجئے | ع ب د | عِبادَت، عابِد، مَعبُود |
| | اللّٰهَ | لْ لا ہَ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | مُخْلِصًا | مُ خْ لِ صَ | خالص کرتے ہوئے | خ ل ص | خالِص، مُخلِص، اِخلاص |
| | لَّهُ | لْ لَ ہُ | اس کے لئے | | |
| | الدِّيْنَ ② | دْ دِیْ نَ | بندگی کو | د ی ن | دِینِ اسلام، دِینِ مَتِین، دِینِ مُحمّدی |
| ۳ | اَلَا | اَ لَا | سنو! | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِلّٰهِ | لِل لَاہِ | اللہ ہی کے لئے ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | الدِّيْنُ | د دِی نُ | بندگی | د ی ن | یَومُ الدِّین، دِینِ اِسلَام |
| | الْخَالِصُ ط | لْ خَالِ صُ | خالص | خ ل ص | خَالِص، مُخلِص، اِخلَاص |
| | وَالَّذِيْنَ | وَل لَ ذِی نَ | اور وہ لوگ جنہوں نے | | شِیر و شَکَر، شَب و روز، اُمید و رَجا |
| | اتَّخَذُوْا | ت تَ خَ ذُو | بنا لئے | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُوَاخَذہ کرنا۔ |

فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۝٢ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ط وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا

ہی کی عبادت کریں، اسی کیلئے دین کو خالص کرتے ہوئے ② خبردار! اللہ تعالیٰ ہی کیلئے خالص عبادت کرنا ہے اور جن لوگوں نے اسکے سوا اولیاء بنا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ دُوْنِهٖٓ | مِنْ دُونِ ہِیْ.. | اس (اللہ) کے سوا | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | اَوْلِيَآءَ م | آ ؤلِ یَا...ءَ | (اور) کارساز | و ل ی | وَلِیُ اللہ، وِلَایت، اَولِیَاءِ کِرام |
| | مَا نَعْبُدُهُمْ | مَا نَ عْ بُ دُ ہُمْ | (وہ کہتے ہیں:) ہم عبادت ان کی نہیں کرتے | ع ب د | عِبَادَت، عَابِد، مَعبُود |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | لِيُقَرِّبُوْنَآ | لِ یُ قَر رِ بُو نَا.. | اس لئے کہ وہ ہمیں قریب کر دیں | ق ر ب | قُرب، قَرِیب، اَقرَب، قَرِیبی عَزِیز و اَقَارِب |
| | اِلَى اللّٰهِ | اِلَل لَاہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | زُلْفٰى ط | زُلْ فَا | زیادہ قریب کرنا | ز ل ف | ہَم زُلف، زُلفِ یَاراں |
| | اِنَّ اللّٰهَ | اِن نَ ل لَاہَ | بے شک اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | يَحْكُمُ | یَ حْ کُ مُ | فیصلہ فرمائے گا | ح ك م | حَاکِم، مَحکَمۂ عدل، حَکَم، حُکّام |

مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ م مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ط اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ

وقف لازم

رکھے ہیں (اور کہتے ہیں) کہ ہم انکی عبادت صرف اس لئے کرتے ہیں کہ یہ (بزرگ) اللہ تعالیٰ کی نزدیکی کے مرتبہ تک ہماری رسائی کرا دیں، یہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَيْنَهُمْ | بَا ئِ نَ ہُمْ | ان کے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ، بَینُ الاَقوَامی |
| | فِيْ مَا | فِیْ مَا | ان (باتوں کے بارے) میں کہ | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هُمْ | ھُ مْ | وہ | | |
| | فِيْهِ | فِیْ ہِ | ان میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | يَخْتَلِفُوْنَ ؕ | یَ خْ تَ لِ فُوْ نَ | اختلاف کرتے تھے | خ ل ف | اِختِلافِ امت، اِختِلافات اِختِلافِ مذہب، فُروعی اِختلاف |
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | اللّٰهَ | ل لا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | لَا يَهْدِيْ | لَا یَ ہْ دِیْ | ہدایت نہیں دیتا | ھ د ی | ہدایت، ہادیٔ عالَم، ہادیٔ کائنات |
| | مَنْ | مَ نْ | اس کو کہ | | |
| | هُوَ | ھُ وَ | وہ | | |
| | كٰذِبٌ | کَا ذِ بُنْ | جھوٹا ہو | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کذّاب مُسیلمہ کذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | كَفَّارٌ ۝۳ | کَف فَا ر | نہایت ناشکرا ہو | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |

بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ۝۳

لوگ جس بارے میں اختلاف کر رہے ہیں اسکا (سچا) فیصلہ اللہ تعالیٰ (خود) کریگا، جھوٹے اور ناشکرے (لوگوں) کو اللہ تعالیٰ راہ نہیں دکھاتا ۳

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴ | لَوْ | لَا وْ | اگر | | |
| | اَرَادَ | اَ رَا دَ | ارادہ کرتا | ر و د | پختہ اِرادہ، اِرادت، مُریدِ صادِق |
| | اللّٰهُ | ل لا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | اَنْ | آ ئِنْ | (اس کا) کہ | | |
| | يَّتَّخِذَ | یَت تَ خِ ذَ | وہ بنائے | ء خ ذ | اَخذُ الکتاب، ماخذ، ماخُوذ |
| | وَلَدًا | وَ لَ دَ | کوئی اولاد | و ل د | والِد، وَلَد، مَولُود، اَولاد، وِلادت |
| | لَّاصْطَفٰى | ل لَص طَ فَا | تو وہ چن لیتا | ص ف و | محمدؐ مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم، نظامِ مُصطفوی |
| | مِمَّا | مِم مَا | ان میں سے جنہیں | | ماحول، مافوق الفطرت، ماجرہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | یَخْلُقُ | یَ خْ لُ قُ | وہ پیدا کرتا ہے | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخْلُوق، خِلقت |
| | مَا | مَا | جس کو | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرَت، مَاجِرَہ |
| | یَشَآءُ ۙ | یَ شَا...ءُ | وہ چاہتا | ش ی ء | اِن شَاءَاللہ، مَاشَاءَاللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | سُبْحٰنَهٗ ؕ | سُبْ حَا نَ ہٗ | (لیکن) وہ تو پاک ہے (ان چیزوں سے) | س ب ح | سُبحَانَ اللہ کہنا، سُبحان، تَسبِیح وتَحمِید |
| | هُوَ | ہُ وَ | وہ | | |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ یَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰی مِمَّا یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ اللّٰهُ

اگر اللہ تعالیٰ کا ارادہ اولاد ہی کا ہوتا تو اپنی مخلوق میں سے جسے چاہتا چن لیتا، (لیکن) وہ تو پاک ہے، وہ وہی اللہ تعالیٰ ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْوَاحِدُ | لْ وَا حِ دُ | ایک ہے | و ح د | وَاحِد، وَحدَانِیت، تَوحِید، مُوَحِّد |
| | الْقَهَّارُ ④ | لْ قَ ہ ہَا رُ | جو بڑے غلبے والا ہے | ق ہ ر | قَاہِر، عَبدُالقَاہِر، قَہر نازل ہونا |
| ۵ | خَلَقَ | خَ لَ قَ | اس نے پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخْلُوق، خِلقت |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کو | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضَ | وَلْ اَ رْ ضَ | اور زمین کو | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | بِالْحَقِّ ۚ | بِلْ حَق قِ | حق کے ساتھ | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقَت |
| | یُكَوِّرُ | یُ کَو وِ رُ | وہ لپیٹتا ہے | ك و ر | |
| | الَّیْلَ | ل لَا یْ لَ | رات کو | ل ی ل | لَیل ونَہار، لَیلَۃُ القدر، قِیَامُ اللَّیل |
| | عَلَى النَّهَارِ | عَ لَن نَ ہَا رِ | دن پر | ن ہ ر | لَیل ونَہار، نَہار مُنہ، نَہاری |
| | وَیُكَوِّرُ | وَ یُ کَو وِ رُ | اور وہ لپیٹتا ہے | ك و ر | |

الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ④ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ یُكَوِّرُ الَّیْلَ عَلَى النَّهَارِ وَیُكَوِّرُ

یگانہ اور قوت والا ④ نہایت اچھی تدبیر سے اس نے آسمانوں اور زمین کو بنایا وہ رات کو دن پر اور دن کو رات پر لپیٹ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | النَّهَارَ | ن نَ ہَا رَ | دن کو | ن ھ ر | لَیل ونَہار، نَہار مُنہ، نَہاری |
| | عَلَى الَّيۡلِ | عَ لَل لَا ئۡ لِ | رات پر | ل ی ل | لَیل ونہار، لَیلۃُ القدر، قِیَامُ اللّیل |
| | وَسَخَّرَ | وَ سَ خۡ خَ رَ | اور اس نے کام میں لگا دیا | س خ ر | تسخیرِ کائنات، مُسَخَّر کرنا |
| | الشَّمۡسَ | ش شَمۡ سَ | سورج | ش م س | شمس وقمر، شَمسی سال، شَمسی توانائی |
| | وَالۡقَمَرَ ؕ | وَلۡ قَ مَ رَ | اور چاند کو | ق م ر | قَمری مہینہ، شمس وقمر، قَمر (نام) |
| | كُلٌّ | کُل لُوۡ ئِنۡ | ہر ایک | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | يَّجۡرِيۡ | یَ جۡ رِیۡ | چل رہا ہے | ج ر ی | جاری وساری، اِجراء، جریان |
| | لِاَجَلٍ | لِ اَ جَ لِ | وقت تک | ء ج ل | اَجَل، آجال، فرشتۂ اَجَل، لُقمۂ اَجَل |
| | مُّسَمًّى ؕ | م مُ سَم مَا | ایک مقررہ | س م و | وَجہِ تسمیہ، اِسمِ بامُسمّٰی، مُسَمّاۃ، اِسمِ گرامی |
| | اَلَا | اَ لَا | سنو! | | |
| | هُوَ | ہُ وَ | وہ | | |

النَّهَارَ عَلَى الَّيۡلِ وَسَخَّرَ الشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجۡرِيۡ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اَلَا هُوَ

دیتا ہے اور اس نے سورج چاند کو کام پر لگا رکھا ہے، ہر ایک مقررہ مدت تک چل رہا ہے یقین مانو کہ وہی زبردست اور گناہوں کا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الۡعَزِيۡزُ | لۡ عَ زِیۡ زُ | بڑا غالب | ع ز ز | اَلعزیز (غالب، اللہ کا صفاتی نام)، عَزیزِ مصر، مُعزّز، مُعزّزات |
| | الۡغَفَّارُ ۝۵ | لۡ غَف فَا رُ | خوب بخشنے والا ہے | غ ف ر | غَفّار، عبدُالغفور، غافر، اِستغفار |
| ٦ | خَلَقَكُمۡ | خَ لَ قَ کُ مۡ | اس نے تمہیں پیدا کیا | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | مِّنۡ نَّفۡسٍ | مِنۡ نَفۡ سِنۡ وۡ | جان سے | ن ف س | نفس، اَنفُس، نفسا نفسی، تنفّس |
| | وَّاحِدَةٍ | وَا حِ دَ تِنۡ | ایک ہی | و ح د | واحِد، وحدانیت، توحید، مُوَحِّد |
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمّ آمین |
| | جَعَلَ | جَ عَ لَ | اس نے بنایا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جعلی نوٹ، جعلی مقابلہ، جعلی کاغذات |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْهَا | مِنْ ہَا | اس سے | | مِنجانب، مِن حیثُ القوم |
| | زَوْجَهَا | زَ اوْ جَ ہَا | اس کا جوڑا | ز و ج | زوجہ محترمہ، ازواجِ مطہّرات |
| | وَاَنْزَلَ | وَ اَنْ زَ لَ | اور اس نے اتارے | ن ز ل | نازِل، اِنزال، نُزولِ قرآن |

**الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۝٥ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ**

بخشنے والا ہے ۵ اس نے تم سب کو ایک ہی جان سے پیدا کیا ہے، پھر اسی سے اس کا جوڑا پیدا کیا اور تمہارے لئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَكُمْ | لَ کُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | مِّنَ الْاَنْعَامِ | مِ نَلْ اَنْ عَامِ | چوپایوں میں سے | ن ع م | عوام کالانعام، سورۃُ الانعام |
| | ثَمٰنِيَةَ | ثَ مَا نِ یَ ةَ | آٹھ | ث م ن | |
| | اَزْوَاجٍ ؕ | اَزْ وَا ج | جوڑے (نر اور مادہ) | ز و ج | زوجہ محترمہ، ازواجِ مطہّرات |
| | يَخْلُقُكُمْ | یَ خْ لُ قُ کُ مْ | وہ تمہیں پیدا کرتا ہے | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | فِيْ بُطُوْنِ | فِیْ بُ طُوْ نِ | پیٹوں میں | ب ط ن | بطنِ وادی، بطنِ مریم، بطنِ مادر |
| | اُمَّهٰتِكُمْ | اُمْ مَ ہَا تِ کُ مْ | تمہاری ماؤں کے | ء م م | اُمُّ الکتاب، اُمُّ القرآن، اُمِّ ارقم |
| | خَلْقًا | خَ لْ قَنْ | ایک (طرح کی) پیدائش | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلوق، خلقت |

**لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ؕ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا**

چوپایوں میں سے (آٹھ نر و مادہ) اتارے وہ تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں ایک بناوٹ کے بعد دوسری بناوٹ پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْۢ بَعْدِ | مِ مْ مْ بَ عْ دِ | (دوسری) کے بعد | ب ع د | بعد ازاں، بعد از طعام، بعید |
| | خَلْقٍ | خَ لْ قِنْ | پیدائش | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | فِيْ ظُلُمٰتٍ | فِیْ ظُ لُ مَا تِنْ | اندھیروں میں | ظ ل م | ظلم، ظالم، مظلوم، ظالمین |
| | ثَلٰثٍ ؕ | ثَ لَا ثْ | تین | ث ل ث | ثُلث حصہ (تہائی) ثُلث پارہ<br>ثالث، ثلاثہ، مُثلّث، تثلیث |
| | ذٰلِكُمُ | ذَا لِ کُ مُ | یہ ہے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | رَبُّكُمْ | رَ ب بُ کُ مْ | تمہارا رب | ر ب ب | اَربَاب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | لَهُ | لَ هُ | اسی کی ہے | | |
| | الْمُلْكُ ط | لْ مُ لْ کُ | بادشاہی | م ل ك | مَلِک فہد، مَلِک محمدؐ بن سلمان |
| | لَآ اِلٰهَ | لَا .. اِ لَا هَ | نہیں کوئی معبود | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | اِلَّا | اِ ل لَا | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |

مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ط ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا

بناتا ہے تین تین اندھیروں میں، یہی اللہ تعالیٰ تمہارا رب ہے اسی کے لئے بادشاہت ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هُوَ ج | هُ وَ | وہی | | |
| | فَاَنّٰى | فَ اِن نَا | تو کہاں | | |
| | تُصْرَفُوْنَ ۝٦ | تُصْ رَ فُوْ نَ | تم پھیرے جاتے ہو؟ | ص ر ف | صَرفِ نظر کرنا، مَصروف، تَصریف |
| ٧ | اِنْ تَكْفُرُوْا | اِنْ تَ كْ فُ رُوْ | اگر تم کفر کرو | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| | فَاِنَّ | فَ اِن نَ | تو بلاشبہ | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | غَنِيٌّ | غَ نِ يْ یُنْ | بڑا بے پرواہ ہے | غ ن ی | عَبدُالغنی، مُستغنی، اَغنیاء، غَنی (اللہ تعالیٰ کی صفت ہے) |
| | عَنْكُمْ قف | عَنْ کُ مْ | تم سے | | |
| | وَلَا يَرْضٰى | وَ لَا يَ رْ ضَا | اور وہ پسند نہیں کرتا | ر ض و | رَضامندی، اللہ کی رَضا، تَسلیم ورَضا |
| | لِعِبَادِهِ | لِ عِ بَا دِ هِ | اپنے بندوں کے لئے | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابِد، عِبادُاللہ |

هُوَ ج فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝٦ اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ قف وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ

پھر تم کہاں بہک رہے ہو ۝٦ اگر تم ناشکری کرو تو (یاد رکھو کہ) اللہ تعالیٰ تم (سب سے) بے نیاز ہے، اور وہ اپنے بندوں کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْكُفْرَ ج | لْ كُفْ رَ | کفر کو | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| | وَاِنْ | وَ اِنْ | اور اگر | | سَیروسَیاحت، علم وحِکمت، شب وروز اِن شَاءَاللہ |
| | تَشْكُرُوْا | تَشْ كُ رُوْ | تم شکر کرو | ش ك ر | شُکر، شُکریہ، شُکرگزار، مَشکُور |
| | يَرْضَهُ | یَ رْضَ ہُ | تو وہ اسے پسند کرتا ہے | ر ض و | رَضامندی، اللہ کی رَضا، تَسلِیم ورَضا |
| | لَكُمْ ط | لَ كُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | وَلَا تَزِرُ | وَلَا تَ زِ رُ | اور بوجھ نہیں اُٹھائے گی | و ز ر | وَزِیر، وُزَراء، وَزارت |
| | وَازِرَةٌ | وَا زِ رَ تُنْ | کوئی بوجھ اٹھانے والی (جان) | و ز ر | وَزِیر، وُزَراء، وَزارت |
| | وِّزْرَ | وِزْ رَ | بوجھ | و ز ر | وَزِیر، وُزَراء، وَزارت |
| | اُخْرٰى ط | اُخْ رَا | دوسری کا | ء خ ر | آخر، اُخریٰ، تاخیر، مُؤَخّر طاؤس ورُباب آخر |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اِلٰى رَبِّكُمْ | اِلَا رَبْ بِ كُ مْ | اپنے رب ہی کی طرف | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |

الْكُفْرَ ج وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ط وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ط ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ

ناشکری سے خوش نہیں اور اگر تم شکر کرو تو وہ اسے تمہارے لئے پسند کرے گا، اور کوئی کسی کا بوجھ نہیں اُٹھاتا پھر تم سب کا لوٹنا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَّرْجِعُكُمْ | مَ رْ جِ عُ كُ مْ | تمہارا لوٹنا ہے | ر ج ع | رَاجع، مَرجَع، رُجُوع کرنا (باربار پلٹنا) |
| | فَيُنَبِّئُكُمْ | فَ يُ نَبْ بِ ءُ كُ مْ | وہ تمہیں خبر دے گا | ن ب ء | نَبی، اَنبِیاء، خَتمِ نُبوت، اَنْباء (سعودی چینل) |
| | بِمَا | بِ مَا | اس کی جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافَوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | كُنْتُمْ | كُنْ تُمْ | تم تھے | ك و ن | |
| | تَعْمَلُوْنَ ط | تَ عْ مَ لُوْ نَ | عمل کیا کرتے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عامِل، مَعمول |
| | اِنَّهٗ | اِنْ نَ هُوْ | بلاشبہ وہ | | |
| | عَلِيْمٌ | عَ لِیْ مُنْ | خُوب جاننے والا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعلّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِذَاتِ | بِ ذَا تِ | راز | | |
| | الصُّدُوْرِ ﴿۷﴾ | ص صُ دُوْ ر | سینوں کے | ص د ر | صَدر، صُدُور (سینے)، شَرحِ صَدر، شقِ صَدر کا واقعہ |

مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۷﴾

تمہارے رب ہی کی طرف ہے، تمہیں وہ بتلا دے گا جو تم کرتے تھے، یقیناً وہ دلوں تک کی باتوں کا واقف ہے ﴿۷﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۸ | وَاِذَا | وَ اِ ذَا | اور جب | | شِیرو شُکر، شَب و روز، اُمید و رَجا |
| | مَسَّ | مَس سَ | پہنچتی ہے | م س س | مَس کرنا (چھونا)، مَساس کرنا |
| | الْاِنْسَانَ | لْ اِنْ سَا نَ | انسان کو | ن س ی | اِنسانی خُلیہ، خُوبصُورت اِنسان، اِنسانیت، اِنسانی وَقار |
| | ضُرٌّ | ضُ رُنْ | کوئی تکلیف | ض ر ر | ضَرر رَساں، مُضرِ صحت، مَسجدِ ضَرار |
| | دَعَا | دَ عَا | تو وہ پکارتا ہے | د ع و | دُعا دینا، دَعوت دینا، مَدعُو کرنا، دَعویٰ کرنا، مُدَّعِی، مُدَّعیہ |
| | رَبَّهٗ | رَ ب بَ هُوْ | اپنے ربّ کو | ر ب ب | اَرباب، مُربِّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | مُنِيْبًا | مُ نِیْ بَنْ | رجوع کرتے ہوئے | ن و ب | مُنیبُ الرَّحمٰن، اِنابت (رُجوع کرنا) |
| | اِلَيْهِ | اِ لَا یْ هِ | اس کی طرف | | اَلدَّاعِی اِلَی الْخَیر، مَکتُوب اِلَیہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اِذَا | اِ ذَا | جب | | |
| | خَوَّلَهٗ | خَا وْ وَ لَ هُوْ | وہ اسے عطا کرتا ہے | خ و ل | |
| | نِعْمَةً | نِ عْ مَ تً | کوئی نعمت | ن ع م | نِعمت، اِنعام، مُنعِم، نَعیم (نام) |
| | مِّنْهُ | م مِنْ هُ | اپنی طرف سے | | مِنجانِب، مِن حَیثُ القوم |

وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ

اور انسان کو جب کبھی کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ خوف رجوع ہو کر اپنے ربّ کو پکارتا ہے، پھر جب اللہ تعالیٰ اسے اپنے پاس سے نعمت عطا فرما

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | نَسِيَ | نَ سِ یَ | تو وہ بھول جاتا ہے | ن س ی | نِسیان، نَاسی اِنسان، نَسیًا مَنسیًا (بھولا بسرا) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَا كَانَ | مَا كَ انَ | اس (تکلیف) کو کہ وہ تھا | ك و ن | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | يَدْعُوْٓا | یَ دْ عُوْ.. | پکارتا | د ع و | دُعَا دینا، دَعوَت دینا، مَدعُو کرنا، دَعویٰ کرنا، مُدَّعِی، مُدَّعِیہ |
| | اِلَيْهِ | اِ لَا یْ ہِ | اس کی طرف | | اَلدَّاعِیْ اِلَی الْخَیر، مَکتُوب اِلَیہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | مِنْ قَبْلُ | مِنْ قَبْ لُ | اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام |
| | وَجَعَلَ | وَ جَ عَ لَ | اور وہ ٹھہراتا ہے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | لِلّٰهِ | لِل لَا ہِ | اللہ کے لئے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | اَنْدَادًا | اَنْ دَا دَ | کئی شریک | ن د د | نِدّ (شریک/واحد)، اَنْدَاد (جمع) |
| | لِّيُضِلَّ | ل لِ یُ ضِل لَ | تاکہ وہ گمراہ کرے | ض ل ل | ضَلَالَت (گمراہی)، ضَلَالَت و گمراہی |
| | عَنْ سَبِيْلِهٖ ط | عَنْ سَ بِیْ لِ ہٖ | اس کے راستے سے | س ب ل | سَبِیل، سُبُل، فِی سَبِیلِ اللہ |

نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ط

دیتا ہے تو وہ اس سے پہلے جو دعا کرتا تھا اسے (بالکل) بھول جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے شریک مقرر کرنے لگتا ہے جس سے (اوروں کو بھی) اسکی راہ سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | تَمَتَّعْ | تَ مَت تَ عْ | تو فائدہ اٹھا | م ت ع | مَتَاعِ کارواں، مَتَاعِ عزیز، تَمَتُّع (فائدہ اٹھانا)، حجِّ تَمَتُّع |
| | بِكُفْرِكَ | بِ كُفْ رِ كَ | اپنے کفر کے ساتھ | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تَکفِیر، کُفرانِ نِعمَت |
| | قَلِيْلًا ۖ ق | قَ لِیْ لَا | تھوڑا سا | ق ل ل | قَلِیل، قَلِیل مُدَّت، اِلَّا قَلِیل، قِلَّت |
| | اِنَّكَ | اِن نَ كَ | بلاشبہ تو | | |
| | مِنْ اَصْحٰبِ | مِنْ اَصْ حَا بِ | اَصحَابِ | ص ح ب | صَحَابِی، صَحَابَہ، اَصحَابِ بَدر، صَاحِب |
| | النَّارِ ۸ | ن نَا رِ | دوزخ (سے ہیں) | ن و ر | نَارِ نَمرُود، نَارِ جَہَنَّم، نَارِ سَمُوم |
| ۹ | اَمَّنْ | اَم مَنْ | کیا (یہ برابر ہو سکتا ہے اس کے) جو شخص کہ | | |
| | هُوَ قَانِتٌ | ہُ وَ قَا نِ تُنْ | وہ عبادت کرنے والا ہو | ق ن ت | دُعَاءِ قُنُوت، قُنُوتِ نَازِلَہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰنَآءَ | آ نا ... ءَ | گھڑیوں میں | ء ن ی | |

قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيْلًا ۖ اِنَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ﴿۸﴾ اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ

بہکائے، آپ کہہ دیجئے! کہ اپنے کفر کا فائدہ کچھ دن اور اٹھالو، (آخر) تو دوزخیوں میں ہونے والا ہے ⑧ بھلا جو شخص راتوں کے اوقات سجدے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الَّيْلِ | ل لائیِ لِ | رات کی | ل ی ل | لَیل ونہار، لَیلۃُ القدر، قِیَامُ اللَّیل |
| | سَاجِدًا | سَاجِ دَاؤں | سجدہ کرتے ہوئے | س ج د | سَجدہ، سَاجِد، مَسجُود، سَجدہ گاہ، مَسجِد |
| | وَّقَآئِمًا | وَ قَا ... ءِ مَا ئِیں | اور قیام کرتے ہوئے | ق و م | قِیَام، قَومہ، مُقِیم، قَائِم مقام |
| | يَّحْذَرُ | یَ حْ ذَ رُ | وہ ڈرتا ہے | ح ذ ر | تَحذِیرُ النَّاس (لوگوں کو ڈرانا) اَلحَذر وَالاَمَان |
| | الْاٰخِرَةَ | لْ آ خِ رَ ةَ | آخرت سے | ء خ ر | آخرت کا دن، اُخروِی کامیابی آخرت کا سفر |
| | وَيَرْجُوْا | وَ یَ رْ جُوْ | اور وہ امید کرتا ہے | ر ج و | رَجَاء، اِرجَاء، اُمِّید و رَجَاء |
| | رَحْمَةَ | رَ حْ مَ ةَ | رحمت کی؟ | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحِیم، رَحم و کَرم |
| | رَبِّهٖ ط | رَب بِ ہٖ | اپنے رب کی | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبِّی، رَبُّ العَالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | هَلْ | ہَ لْ | کیا | | |
| | يَسْتَوِي | یَسْ تَ وِ | برابر ہوسکتے ہیں | س و ی | تَسوِیَۃُ الصُّفُوف (صفوں کو سیدھا کرنا) مُسَاوات، مُسَاوِی |

الَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي

